# مناجات

# امام زین العابدین علیہ السلام

جمع و ترتیب

## ڈاکٹر محمد طاہر القادری

www.MinhajBooks.com

**مِنہاجُ القرآن پبلیکیشنز**

365- ایم، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 5168514، 3-5169111

یوسف مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور، فون: 7237695

www.Minhaj.org - www.Minhaj.biz

منہاج انٹرنیٹ بیورو کی پیشکش

www.MinhajBooks.com

جملہ حقوق بحقِ تحریکِ منہاجُ القرآن محفوظ ہیں

| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | **مناجات امام زین العابدین** علیہ السلام |
| جمع و ترتیب | : | **ڈاکٹر محمد طاہر القادری** |
| معاونین | : | محمد ثناء اللہ، محمد منشاء قادری |
| نظر ثانی | : | فیض اللہ بغدادی |
| زیرِ اہتمام | : | فریدِ ملّتؒ ریسرچ اِنسٹیٹیوٹ www.Research.com.pk |
| مطبع | : | منہاجُ القرآن پرنٹرز، لاہور |
| اِشاعتِ اوّل | : | نومبر 2004ء |
| تعداد | : | 3,000 |
| قیمت | : | روپے |

❁❁❁

نوٹ: ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی تمام تصانیف اور خطبات و لیکچرز کے آڈیو / وِڈیو کیسٹس اور CDs سے حاصل ہونے والی جملہ آمدنی اُن کی طرف سے ہمیشہ کے لئے **تحریکِ منہاجُ القرآن** کے لئے وقف ہے۔

(ڈائریکٹر منہاجُ القرآن پبلیکیشنز)

sales@minhaj.biz

**منہاج انٹرنیٹ بیورو کی پیشکش** www.MinhajBooks.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# مَوْلَایَ صَلِّ وَ سَلِّمْ دَآئِمًا اَبَدًا
# عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ
# مُحَمَّدٌ سَیِّدُ الْکَوْنَیْنِ وَ الثَّقَلَیْنِ
# وَ الْفَرِیْقَیْنِ مِنْ عُرْبٍ وَّ مِنْ عَجَمِ

www.MinhajBooks.com

﴿صَلَّی اللهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَ عَلٰی آلِهٖ وَ أَصْحَابِهٖ وَ بَارَکَ وَسَلَّمَ﴾

حکومتِ پنجاب کے نوٹیفکیشن نمبر ایس او (پی۔ا) ۴-۱ / ۸۰ پی آئی وی، مؤرّخہ ۳۱ جولائی ۱۹۸۴ء؛ حکومتِ بلوچستان کی چٹھی نمبر ۸۷-۴-۲۰ جنرل وایم ۴ / ۹۷۰-۳۳-۷۰، مؤرّخہ ۲۶ دسمبر ۱۹۸۷ء؛ حکومتِ شمال مغربی سرحدی صوبہ کی چٹھی نمبر ۲۴۴۱۱-۶۷ این۔ا / اے ڈی (لائبریری)، مؤرّخہ ۱۲۰ اگست ۱۹۸۶ء؛ اور حکومتِ آزاد ریاست جموں و کشمیر کی چٹھی نمبر س ت / اِنتظامیہ ۶۳-۸۰۶۱ / ۹۲، مؤرّخہ ۲ جون ۱۹۹۲ء کے تحت ڈاکٹر محمد طاہرالقادری کی تصنیف کردہ کتب تمام سکولز اور کالجز کی لائبریریوں کے لئے منظور شدہ ہیں۔

www.MinhajBooks.com

# فہرست مناجات


| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| | الإستغاثة بالأسماء الحسنٰی | ۱ |
| ۱ | مناجاتُ المتعوذین | ۳ |
| ۲ | مناجاتُ التائبین | ۵ |
| ۳ | مناجاتُ المستغفرین | ۷ |
| ۴ | مناجاتُ الشاکیّن | ۱۱ |
| ۵ | مناجاتُ اللّائذین | ۱۳ |
| ۶ | مناجاتُ الملهوفین | ۱۷ |
| ۷ | مناجاتُ المحزونین | ۲۰ |
| ۸ | مناجاتُ الخائفین | ۲۴ |
| ۹ | مناجاتُ الراجین | ۲۶ |
| ۱۰ | مناجاتُ الخاشعین | ۲۸ |
| ۱۱ | مناجاتُ الراغبین | ۳۱ |
| ۱۲ | مناجاتُ المنیبین | ۳۳ |
| ۱۳ | مناجاتُ المتذلِّلین | ۳۸ |


www.MinhajBooks.com

| نمبرشمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۴ | مناجاتُ المفتقرين | ۴۰ |
| ۱۵ | مناجاتُ المضطرين | ۴۲ |
| ۱۶ | مناجاتُ المستغيثين | ۴۵ |
| ۱۷ | مناجاتُ الذاكرين | ۴۹ |
| ۱۸ | مناجاتُ الشاكرين | ۵۱ |
| ۱۹ | مناجاتُ المطيعين | ۵۳ |
| ۲۰ | مناجاتُ المريدين | ۵۵ |
| ۲۱ | مناجاتُ الزاهدين | ۵۷ |
| ۲۲ | مناجاتُ المتوسِّلين | ۵۸ |
| ۲۳ | مناجاتُ المتوكِّلين | ۵۹ |
| ۲۴ | مناجاتُ المحبِّين | ۶۲ |
| ۲۵ | مناجاتُ العارفين | ۶۴ |
| ۲۶ | مناجاتُ المعتصمين | ۶۶ |
| ۲۷ | مناجات سيّدنا على المرتضٰى كرم اللّٰه وجهه | ۶۸ |

www.MinhajBooks.com

# الإستغاثةُ بِالاسماءِ الحسنٰى

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

يَا أَللَّهُ يا رَحْمٰنُ يا رَحِيمُ يا مَلِكُ يا قُدُّوسُ يا سَلَامُ يا مُؤْمِنُ يَا مُهَيْمِنُ يا عَزِيزُ يا جَبَّارُ يا مُتَكَبِّرُ يا خَالِقُ يا بَارِىءُ يا مُصَوِّرُ يا غَفَّارُ يا قَهَّارُ يا وَهَّابُ يا رَزَّاقُ يَا فتَّاحُ يا عَلِيمُ يا قَابِضُ يا بَاسِطُ يا خَافِضُ يا رَافِعُ يا مُعِزُّ يا مُذِلُّ يا سَمِيعُ يا بَصِيرُ يا حَكَمُ يا عَدْلُ يا لَطِيفُ يا خَبِيرُ يا حَلِيمُ يا عَظِيمُ يا غَفُورُ يا شَكُورُ يا عَلِيُّ يا كَبِيرُ يا حَفِيظُ يا مُقِيتُ يا حَسِيبُ يا جَلِيلُ يا كَرِيمُ يا رَقِيبُ يا مُجِيبُ يا وَاسِعُ يا حَكِيمُ يا وَدُودُ يا مَجِيدُ يا بَاعِثُ يا شَهِيدُ يا حَقُّ يا وَكِيلُ يا قَوِيُّ يا مَتِينُ يا وَلِيُّ يَا حَمِيدُ يا مُحْصِي يا مُبْدِىءُ يا مُعِيدُ يا مُحْيِـي يا مُمِيتُ يا حَيُّ يا قَيُّومُ يا وَاجِدُ يا مَاجِدُ يا وَاحِدُ يا صَمَدُ يا قَادِرُ يا مُقْتَدِرُ يا مُقَدِّمُ يا مُؤَخِّرُ يا أَوَّلُ يا آخِرُ يا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ يا وَالِي يا مُتَعَالِي يا بَرُّ يا تَوَّابُ يا مُنْتَقِمُ يا رَؤُوفُ يا مَالِكَ ٱلْمُلْكِ يا ذَا ٱلْجَلَالِ وَٱلْإِكْرَامِ يا مُقْسِطُ يا جَامِعُ يا غَنِيُّ يا مُغْنِي يا مَانِعُ يا ضَارُّ يا نَافِعُ يا نُورُ يا هَادِي يا بَدِيعُ يا بَاقِي يا وَارِثُ يا رَشِيدُ يا صَبُورُ. يا مَنْ هُوَ أَحَقُّ مَنْ ذُكِرَ وَأَحَقُّ مَنْ عُبِدَ وَأَنْصَرَ مَنِ ٱبْتَغِي وَأَرْأَفُ مَنْ مَلَكَ وَأَجْوَدُ مَنْ سُئِلَ وَأَوْسَعُ مَنْ أَعْطَى أَنْتَ ٱلْمُلْكُ لَا شَرِيكَ لَكَ وَٱلْفَرْدُ لَا نِدَّ لَكَ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَكَ لَنْ تُطَاعَ إِلَّا بِإِذْنِكَ وَلَنْ تُعْصَى إِلَّا بِعِلْمِكَ تُطَاعُ فَتَشْكُرُ وَتُعْصَى فَتَغْفِرُ أَقْرَبُ شَهِيدٍ وَأَدْنَى حَفِيظٍ حُلْتَ دُونَ ٱلنُّفُوسِ وَأَخَذْتَ بِٱلنَّوَاصِي وَكَتَبْتَ ٱلْآثَارَ وَنَسَخْتَ ٱلْآجَالَ ٱلْقُلُوبُ لَـكَ مُفْضِيَةٌ وَٱلسِّرُّ عِنْدَكَ عَلَانِيَةٌ ٱلْحَلَالُ مَا أَحْلَلْتَ وَٱلْحَرَامُ مَا حَرَّمْتَ وَٱلدِّينُ مَا شَرَعْتَ وَٱلْأَمْرُ مَا قَضَيْتَ وَٱلْخَلْقُ خَلْقُكَ وَٱلْعَبْدُ عَبْدُكَ وَأَنْتَ ٱللَّهُ ٱلرَّؤُوفُ ٱلرَّحِيمُ. أَسْأَلُكَ ٱللَّهُمَّ بِٱسْمِكَ ٱلْأَعْظَمِ وَأَدْعُوكَ بِأَسْمَائِكَ ٱلْحُسْنَى كُلِّهَا مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ أَعْلَمْ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَى عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُولِكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِهِ وَصَحْبِهِ بِأَفْضَلِ مَا صَلَّيْتَ بِهِ عَلَى أَحَدٍ مِنْ خَلْقِكَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ وَأَنْ تُعْطِيَهُ ٱلْوَسِيلَةَ وَٱلْفَضِيلَةَ وَٱلْمَقَامَ

ٱلْمَحْمُودَ ٱلَّذِي وَعَدْتَهُ إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ ٱلْمِيعَادَ. وَأَسْأَلُكَ مِنَ ٱلْخَيْرِ كُلِّهِ عَاجِلِهِ وَآجِلِهِ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ أَعْلَمُ وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ ٱلشَّرِّ كُلِّهِ عَاجِلِهِ وَآجِلِهِ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ أَعْلَمُ. وَأَسْأَلُكَ ٱللَّهُمَّ مِنْ خَيْرِ مَا سَأَلَكَ عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ صَلَّى ٱللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. وَأَسْأَلُكَ ٱللَّهُمَّ ٱلْجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ إِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ أَوْ عَمَلٍ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَاذَ مِنْهُ عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. وَأَسْأَلُكَ ٱللَّهُمَّ ٱلْجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ إِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ أَوْ عَمَلٍ وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ ٱلنَّارِ وَمَا قَرَّبَ إِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ أَوْ عَمَلٍ. وَأَسْأَلُكَ أَنْ تَجْعَلَ كُلَّ قَضَاءٍ قَضَيْتَهُ لِي خَيْراً. وَأَسْأَلُكَ ٱللَّهُمَّ أَنْ تَفْعَلَ بِي كَذَا وَكَذَا. (ويذكر القارىء حاجته ثم يقول): أَللَّهُمَّ إِنِّي عَبْدُكَ وَٱبْنُ عَبْدِكَ وَٱبْنُ أَمَتِكَ فِي قَبْضَتِكَ نَاصِيَتِي بِيَدِكَ مَاضٍ فِيَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِي قَضَاؤُكَ أَسْأَلُكَ بِكُلِّ ٱسْمٍ هُوَ لَكَ سَمَّيْتَ بِهِ نَفْسَكَ أَوْ أَنْزَلْتَهُ فِي كِتَابِكَ أَوْ عَلَّمْتَهُ أَحَداً مِنْ خَلْقِكَ أَوِ ٱسْتَأْثَرْتَ بِهِ فِي عِلْمِ ٱلْغَيْبِ عِنْدَكَ أَنْ تَجْعَلَ ٱلْقُرْآنَ ٱلْعَظِيمَ رَبِيعَ قَلْبِي وَنُورَ بَصَرِي وَجِلَاءَ حُزْنِي وَذَهَابَ هَمِّي. أَللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِنُورِ قُدْسِكَ وَبَرَكَةِ طَهَارَتِكَ وَعُظْمِ جَلَالِكَ مِنْ كُلِّ طَارِقٍ إِلَّا طَارِقاً يَطْرُقُ بِخَيْرٍ. أَللَّهُمَّ أَنْتَ غِيَاثِي فَبِكَ أَغُوثُ وَأَنْتَ عِيَاذِي فَبِكَ أَعُوذُ وَأَنْتَ مَلَاذِي فَبِكَ أَلُوذُ يَا مَنْ ذَلَّتْ لَهُ رِقَابُ ٱلْجَبَابِرَةِ وَخَضَعَتْ لَهُ مَقَالِيدُ ٱلْفَرَاعِنَةِ أَجِرْنِي مِنْ خِزْيِكَ وَعُقُوبَتِكَ فِي لَيْلِي وَنَهَارِي وَنَوْمِي وَقَرَارِي لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ تَعْظِيماً لِوَجْهِكَ وَتَكْرِيماً لِسُبْحَانِكَ فَٱصْرِفْ عَنِّي شَرَّ عِبَادِكَ وَٱجْعَلْنِي فِي حِفْظِ عِنَايَتِكَ وَسُرَادِقَاتِ حِفْظِكَ وَعُدْ عَلَيَّ بِخَيْرٍ مِنْكَ يَا أَرْحَمَ ٱلرَّاحِمِينَ.

www.MinhajBooks.com

* * *

# مناجاة المتعوّذين

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحيمِ

اَللّٰهُمَّ اِنّي اَعُوذُ بِكَ مِنْ نارٍ تَغَلَّظْتَ [١] بِها عَلىٰ مَنْ عَصاكَ ، وَتَوَعَّدْتَ بِها مَنْ صَدَفَ [٢] عَنْ رِضاكَ ، وَمِنْ نارٍ نُورُها ظُلْمَةٌ ، وَهَيِّنُها اَليمٌ ، وَبَعيدُها قَريبٌ ، وَمِنْ نارٍ يَأْكُلُ بَعْضَها بَعْضٌ ، وَيَصُولُ [٣] بَعْضُها عَلىٰ بَعْضٍ ، وَمِنْ نارٍ تَذَرُ [٤] الْعِظامَ رَميماً [٥] وَتَسْقي اَهْلَها حَميماً [٦] وَمِنْ نارٍ لا تُبْقي عَلىٰ مَنْ تَضَرَّعَ اِلَيْها ، وَلا تَرْحَمُ مَنِ اسْتَعْطَفَها ، وَلا تَقْدِرُ عَلَى التَّخْفيفِ عَمَّنْ خَشَعَ لَها وَاسْتَسْلَمَ اِلَيْها ، تَلْقي سُكّانَها بِاَحَرِّ ما لَدَيْها ، مِنْ اَليمِ النَّكالِ [٧] وَشَديدِ الْوَبالِ [٨] .

وَ اَعُوذُ بِكَ مِنْ عَقارِبِها الْفاغِرَةِ [٩] اَفْواهَها ، وَحَيّاتِها الصّالِقَةِ [١٠] بِاَنْيابِها ، وَشَرابِها الَّذي يُقَطِّعُ اَمْعاءَ وَاَفْئِدَةَ سُكّانِها ، وَيَنْزِعُ قُلُوبَهُمْ ، وَاَسْتَهْديكَ لِما باعَدَ مِنْها ، وَاَخَّرَ عَنْها .

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلىٰ مُحَمَّدٍ وَآلِهِ ، وَاَجِرْني مِنْها بِفَضْلِ رَحْمَتِكَ ، وَاَقِلْني عَثَراتي بِحُسْنِ اِقالَتِكَ ، وَلا تَخْذُلْني يا خَيْرَ الْمُجيرينَ ، اِنَّكَ [١١] تَقِى

---

١ ــ تغلّظت : تشدّدت . ٢ ــ صدف : أعرض . ٣ ــ يصول : يثب .
٤ ــ تذر : تترك . ٥ ــ رميماً : باليه .
٦ ــ حميماً : ماءً شديدالحرارة . ٧ ــ النكال : العقوبة . ٨ ــ الوبال : سوءالعاقبة .
٩ ــ الفاغرة : الفاتحة . ١٠ ــ الصالقة : المصوّتة . ١١ ــ اللّهمّ إنّك «خ» .

# مناجاتِ متعوذین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِo

بارالٰہیا! میں اس آگ سے پناہ مانگتا ہوں جس کے ذریعے تونے اپنے نافرمانوں کی سخت گرفت کی ہے۔ اور جس سے تونے ان لوگوں کو جنہوں نے تیری رضا و خوشنودی سے رخ موڑ لیا ڈرایا دھمکایا ہے اور اس آتشِ جہنم سے پناہ مانگتا ہوں جس میں روشنی کی بجائے اندھیرا، جس کا خفیف لپکا بھی انتہائی تکلیف دہ اور جو کوسوں دور ہونے کے باوجود (گرمی و تپش کے لحاظ سے) قریب ہے اور اس آگ سے پناہ مانگتا ہوں جو آپس میں ایک دوسرے کو کھالیتی ہے اور ایک دوسرے پر حملہ آور ہوتی ہے اور اس آگ سے پناہ مانگتا ہوں جو ہڈیوں کو خاکستر کردے گی اور دوزخیوں کو کھولتا ہوا پانی پلائے گی اور اس آگ سے کہ جو اس کے آگے گڑگڑائے گا۔ اس پر ترس نہیں کھائے گی اور جو اس سے رحم کی التجا کرے گا اس پر رحم نہیں کرے گی اور جو اس کے سامنے فروتنی کرے گا اور خود کو اس کے حوالے کر دے گا اس پر کسی طرح کی تخفیف کا اسے اختیار نہیں ہوگا۔ وہ دردناک عذاب اور شدید عقاب کی شعلہ سامانیوں کے ساتھ اپنے رہنے والوں کا سامنا کرے گی۔

(بارالٰہا) میں تجھ سے پنا مانگتا ہوں جہنم کے بچھوؤں سے جن کے منہ کھلے ہوئے ہوں گے اور ان سانپوں سے جو دانتوں کو پیس پیس کر پھنکار رہے ہوں گے اور اس کے کھولتے ہوئے پانی سے جو انتڑیوں اور دلوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا اور (سینوں کو چیر کر) دلوں کو نکال لے گا۔ خدایا! میں تجھ سے توفیق مانگتا ہوں ان باتوں کی جو اس آگ سے دور کریں اور اسے پیچھے ہٹا دیں۔

خداوندا! محمد اور ان کی آل پر اور ان کے اصحاب پر رحمت نازل فرما اور مجھے اپنی رحمت فراواں کے ذریعہ اس آگ سے پناہ دے اور حسن درگزر سے کام لیتے ہوئے میری لغزشوں کو معاف کردے اور مجھے محروم و ناکام نہ کر۔ اے پناہ دینے والوں میں سب سے

الْكَرِيهَـةَ وتُعْطِي الْحَسَنَـةَ، وَتَفْعَلُ ماتُرِيدُ وَاَنْتَ عَلىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَديرٌ.

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلى مُحَمَّدٍ وَآلِهِ صَحْبِهِ اِذا ذُكِرَ الْاَبْرارُ، وَصَلِّ عَلىٰ مُحَمَّدٍ وَ آلِهِ صَحْبِهِ مَا اخْتَلَفَ اللَّيْلُ وَالنَّهارُ، صَلاةً لا يَنْقَطِعُ مَدَدُها، وَلا يُحْصىٰ عَدَدُها، صَلاةً تَشْحَنُ [42] الْهَوآءَ، وَتَمْلَأُ الْاَرْضَ وَالسَّماءَ.

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ حَتّٰى يَرضىٰ، وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ صَحْبِهِ بَعْدَ الرِّضا، صَلاةً لا حَدَّ لَها وَلا مُنْتَهىٰ، يا اَرْحَمَ الرّاحِمينَ.

* * *

---

٤٢ـــ تشحن: تملأ.

www.MinhajBooks.com

بہتر پناہ دینے والے، خدایا توسختی ومصیبت سے بچاتا اور اچھی نعمتیں عطا کرتا اور جو چاہے وہ کرتا ہے اور تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

اے اللہ! جب بھی نیکو کاروں کا ذکر آئے تو محمد اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما اور ان کے اصحاب پر اور جب تک شب و روز کے آنے جانے کا سلسلہ قائم رہے تو محمد اور ان کی آل پر اور ان کے اصحاب پر رحمت نازل فرما۔ ایسی رحمت جس کا ذخیرہ ختم نہ ہو اور جس کی گنتی شمار نہ ہوسکے۔ ایسی رحمت جو فضائے عالم کو پر کردے اور زمین و آسمان کو بھروے۔

خدا ان پر رحمت نازل کرے اس حد تک کہ وہ خوشنود ہو جائے اور خوشنودی کے بعد بھی ان پر اور ان کی آل پر رحمت نازل کرتا رہے۔ ایسی رحمت جس کی نہ کوئی حد ہو اور نہ کوئی انتہا اے تمام رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

# مناجاة التائبين

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحيمِ

اِلٰهي اَلْبَسَتْنِى الْخَطايا ثَوْبَ مَذَلَّتي، وَجَلَّلَني التَّباعُدُ مِنْكَ لِباسَ مَسْكَنَتي، وَاَماتَ قَلْبي عَظيمُ جِنايَتي، فَاَحْيِهِ بِتَوْبَةٍ مِنْكَ يا اَمَلي وَبُغْيَتي [٢] وَيا سُؤْلي وَمُنْيَتي، فَوَعِزَّتِكَ ما اَجِدُ لِذُنُوبي سِواكَ غافِراً، وَلا اَرىٰ لِكَسْري غَيْرَكَ جابِراً، وَقَدْ خَضَعْتُ بِالْاِنابَةِ اِلَيْكَ، وَعَنَوْتُ بِالْاِسْتِكانَةِ [٣] لَدَيْكَ، فَاِنْ طَرَدْتَني مِنْ بابِكَ فَبِمَنْ اَلُوذُ؟!واِنْ رَدَدْتَني عَنْ جَنابِكَ [٤] فَبِمَنْ اَعُوذُ؟!فَوا اَسَفا مِنْ خَجْلَتي وَ اْفْتِضاحي، وَوا لَهْفا مِنْ سُوءِ عَمَلي وَاْجْتِراحي! [٥] اَسْاَلُكَ يا غافِرَ الذَّنْبِ الْكَبيرِ وَيا جابِرَ الْعَظْمِ الْكَسيرِ اَنْ تَهَبَ لي مُوبِقاتِ الْجَرائِرِ وَتَسْتُرَ عَلَيَّ فاضِحاتِ السَّرائِرِ ،وَلا تُخْلِني في مَشْهَدِ الْقِيامَةِ مِنْ بَرْدِ عَفْوِكَ وَمَغْفِرَتِكَ وَلا تُعْرِني مِنْ جَميلِ صَفْحِكَ وَسَتْرِكَ .

اِلٰهي ظَلِّلْ عَلىٰ ذُنُوبي غَمامَ رَحْمَتِكَ ، وَاَرْسِلْ عَلىٰ عُيُوبي سَحابَ رَأْفَتِكَ .

اِلٰهي هَلْ يَرْجِعُ الْعَبْدُ الْآبِقُ اِلَّا اِلىٰ مَوْلاهُ؟!اَمْ هَلْ يُجيرُهُ مِنْ سَخَطِهِ اَحَدٌ سِواهُ؟!

---

١ــ ⊘ . ٢ــ بغيتي: رغبتي. ٣ــ عنوت بالإستكانة: تذلّلت بالخضوع.

٤ــ جنابك : فنائك . ٥ــ إجتراحي : إكتسابي.

www.MinhajBooks.com

# مناجاتِ تائبین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِo

اے معبود گناہوں نے مجھے ذلت کا لباس پہنا دیا تجھ سے دوری کے باعث بے چارگی کے لباس نے مجھے ڈھانپ لیا بڑے بڑے جرائم نے میرے دل کو مردہ بنا دیا پس توفیق توبہ سے اس کو زندہ کر دے۔ اے میری امید، اے میری طلب، اے میری چاہت، اے میری آرزو! مجھے تیری عزت کی قسم کہ تیرے سوا میرے گناہوں کو بخشنے والا کوئی نہیں اور تیرے سوا کوئی میری کمی پوری کرنے والا نظر نہیں آتا میں تیرے حضور جھک کر توبہ و استغفار کرتا ہوں اور درماندہ ہو کر تیرے سامنے آ پڑا ہوں اگر تو مجھے اپنی بارگاہ سے نکال دے تو میں کس کا سہارا لوں گا اور اگر تو نے مجھے اپنے آستانے سے دھتکار دیا تو میں کس سے پناہ لوں گا افسوس ہے میری شرمساری و رسوائی پر اور صد افسوس میری اس بدعملی اور آلودگی پر، اے کبیرہ گناہوں کو بخشنے والے اور ٹوٹی ہڈی کو جوڑنے والے! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ میرے سخت ترین جرائم کو بخش دے اور رسوا کرنے والے بھیدوں کی پردہ پوشی فرما، میدان قیامت میں مجھے اپنی بخشش اور مغفرت سے محروم نہ رکھنا اور اپنی بہترین پردہ داری اور چشم پوشی سے محروم نہ کرنا۔

اے معبود! میرے گناہوں پر ابر رحمت کا سایہ ڈال دے اور میرے گناہوں پر اپنی مہربانی کا مینہ برسا دے۔

اے معبود! کیا بھاگا ہوا غلام سوائے اپنے آقا کے کسی کے پاس لوٹتا ہے یا یہ کہ آقا کہ ناراضی پر سوائے اس کے کوئی اسے پناہ دے سکتا ہے۔

اِلٰهي اِنْ كانَ النَّدَمُ عَلَى الذَّنْبِ تَوْبَةً، فَاِنّي وَ عِزَّتِكَ مِنَ النّادِمينَ، وَ اِنْ كانَ الْاِسْتِغْفارُ مِنَ الْخَطيئَةِ حِطَّةً فَاِنّي لَكَ مِنَ الْمُسْتَغْفِرينَ، لَكَ الْعُتْبىٰ ١ حَتّىٰ تَرْضىٰ.

اِلٰهي بِقُدْرَتِكَ عَلَيَّ تُبْ عَلَيَّ، وَ بِحِلْمِكَ عَنّي اعْفُ عَنّي، وبِعِلْمِكَ بِيَ ارْفَقْ بي.

اِلٰهي اَنْتَ الَّذي فَتَحْتَ لِعِبادِكَ باباً اِلٰى عَفْوِكَ سَمَّيْتَهُ التَّوْبَةَ فَقُلْتَ: «تُوبُوا اِلَى اللهِ تَوْبَةً نَصُوحاً» ١١ فَما عُذْرُ مَنْ اَغْفَلَ دُخُولَ الْبابِ بَعْدَ فَتْحِهِ؟!

اِلٰهي اِنْ كانَ قَبُحَ الذَّنْبُ مِنْ عَبْدِكَ، فَلْيَحْسُنِ الْعَفْوُ مِنْ عِنْدِكَ.

اِلٰهي ما اَنَا بِاَوَّلِ مَنْ عَصاكَ فَتُبْتَ عَلَيْهِ، وَ تَعَرَّضَ لِمَعْرُوفِكَ فَجُدْتَ عَلَيْهِ.

يا مُجيبَ الْمُضْطَرِّ، يا كاشِفَ الضُّرِّ، يا عَظيمَ الْبِرِّ، يا عَليماً بِما فِي السِّرِّ، يا جَميلَ السِّتْرِ اسْتَشْفَعْتُ بِجُودِكَ وَكَرَمِكَ اِلَيْكَ، وَ تَوَسَّلْتُ بِجَنابِكَ وَ تَرَحُّمِكَ لَدَيْكَ فَاسْتَجِبْ دُعآئي، وَلا تُخَيِّبْ فيكَ رَجآئي، وَ تَقَبَّلْ تَوْبَتي، وَكَفِّرْ ١٢ خَطيئَتي بِمَنِّكَ وَرَحْمَتِكَ يا اَرْحَمَ الرّاحِمينَ.

* * *

---

١٠ـ العتبى: المؤاخذة.
١٢ـ كفّر: اِمْحُ.
١١ـ *.

میرے معبود! اگر گناہ پر پشیمانی کا مطلب توبہ ہی ہے تو مجھے تیری عزت کی قسم کہ میں پشیمان ہونے والوں میں ہوں، اور اگر خطا کی معافی مانگنے سے خطا معاف ہو جاتی ہے تو بیشک میں تجھ سے معافی مانگنے والا پہلا ہوں، تیری چوکھٹ پر ہوں حتی کہ تو راضی ہو جائے۔

اے معبود! اپنی قدرت سے میری توبہ قبول فرما اور میرے متعلق اپنے علم سے مجھ پر مہربانی کر۔

اے معبود! تو وہ ہے جس نے اپنے بندوں کے لئے عفو و درگزر کا دروازہ کھولا کہ جسے تو نے توبہ کا نام دیا تو نے ہی فرمایا کہ توبہ کرو خدا کے حضور موثر توبہ پس جو کھلے ہوئے دروازے سے داخل ہونے میں غفلت کرے تو اس کا کیا عذر ہے۔

اے معبود! اگر تیرے بندے سے گناہ ہو جانا بری بات ہے تو تیری طرف سے معافی مل جانا تو اچھی ہی بات ہے۔ اے معبود! میں ہی وہ پہلا نافرمان نہیں کہ جس کی توبہ تو نے قبول کی ہو اور وہ تیرے احسان کا طالب ہوا تو نے اس پر عطا کی ہو۔

اے بے قرار کی دعا قبول کرنے والے، اے سختی ٹالنے والے، اے بہت احسان کرنے والے، اے پوشیدہ باتوں کے جاننے والے، اے بہتر پردہ پوشی کرنے والے! میں تیری بارگاہ میں تیری بخشش و احسان کا شفیع بناتا ہوں اور تیرے سامنے تیری ذات اور تیرے رحم کو وسیلہ قرار دیتا ہوں پس میری دعا قبول فرما اور تجھ سے میری جو امید ہے اسے نہ توڑ، میری توبہ قبول کر لے اور اپنے رحم و کرم سے میری خطائیں معاف کر دے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

# مناجاة المستغفرين

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحيمِ

يا غَفّارُ بِنُورِكَ اهْتَدَيْنا، وَبِفَضْلِكَ اسْتَغْنَيْنا، وَبِنِعْمَتِكَ اَصْبَحْنا وَاَمْسَيْنا، ذُنُوبُنا بَيْنَ يَدَيْكَ، نَسْتَغْفِرُكَ اَللّٰهُمَّ مِنْها وَنَتُوبُ اِلَيْكَ.

تَتَحَبَّبُ اِلَيْنا بِالنِّعَمِ وَنُعارِضُكَ [٢٩] بِالذُّنُوبِ، خَيْرُكَ اِلَيْنا نازِلٌ، وَشَرُّنا اِلَيْكَ صاعِدٌ! وَلَمْ يَزَلْ وَلا يَزالُ مَلَكٌ كَريمٌ يَأْتيكَ عَنّا بِعَمَلٍ قَبيحٍ، فَلا يَمْنَعُكَ ذٰلِكَ مِنْ اَنْ تَحُوطَنا بِنِعْمَتِكَ [٣٠] وَتَتَفَضَّلَ عَلَيْنا بِآلائِكَ، فَسُبْحانَكَ ما اَحْلَمَكَ وَاَعْظَمَكَ وَاَكْرَمَكَ، مُبْدِياً وَمُعيداً، تَقَدَّسَتْ اَسْماۤؤُكَ، وَجَلَّ ثَناۤؤُكَ، وَكَرُمَ [٣١] صَناۤئِعُكَ وَفِعالُكَ.

اَنْتَ اِلٰهي اَوْسَعُ فَضْلاً، وَاَعْظَمُ حِلْماً مِنْ اَنْ تُقايِسَني [٣٢] بِفِعْلي وَخَطيئَتي، فَالْعَفْوَ الْعَفْوَ الْعَفْوَ، سَيِّدي سَيِّدي سَيِّدي.

اَللّٰهُمَّ اَشْغِلْنا بِذِكْرِكَ، وَاَعِذْنا مِنْ سَخَطِكَ، وَاَجِرْنا مِنْ عَذابِكَ وَارْزُقْنا مِنْ مَواهِبِكَ، وَاَنْعِمْ عَلَيْنا مِنْ فَضْلِكَ، وَارْزُقْنا حَجَّ بَيْتِكَ وَزِيارَةَ قَبْرِ نَبِيِّكَ، صَلَواتُكَ وَرَحْمَتُكَ وَمَغْفِرَتُكَ وَرِضْوانُكَ عَلَيْهِ

---

٢٩ـ نعارضك: نقابلك. ٣٠ـ بنعمك «خ». ٣١ـ وأَكْرَمَ «خ».

٣٢ـ تقايسني: تجازيني بمقدار فعلي.

# مناجاتِ مستغفرین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ○

اے بخشنے والے! تیرے ہی نور سے ہمیں ہدایت ملی، تیرے فضل سے ہم مالا مال ہوئے اور تیری نعمت کے ساتھ ہم صبح و شام کرتے ہیں، ہمارے گناہ تیرے سامنے ہیں، اے اللہ! ہم تجھ سے ان کی بخشش چاہتے ہیں اور تیرے حضور توبہ کرتے ہیں۔

تو نعمتوں کے ذریعے ہم سے محبت کرتا ہے اور اس کے مقابل ہم تیری نافرمانی و گناہ کرتے ہیں، تیری بھلائی ہماری طرف آ رہی ہے اور ہماری برائی تیری طرف جا رہی ہے تو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے عزت والا بادشاہ ہے، تیرے پاس ہمارے برے اعمال جاتے ہیں تو بھی وہ تجھے ہم پر اپنی نعمتوں کی بارش سے روک نہیں سکتے اور تو ہم پر اپنی عطائیں بڑھاتا رہتا ہے، پس تو پاک تر ہے، تو کیسا بردبار ہے، کتنا عظیم ہے کتنا معزز ہے، ابتداء کرنے اور پلٹانے میں تیرے نام پاک تر ہیں، تیری ثناء برتر ہے اور تیری نعمتیں اور تیرے کام بلند تر ہیں۔

اے معبود! تو فضل میں وسعت والا اور بردباری میں عظیم تر ہے، اس سے کہ تو میرے فعل اور خطا کے بارے میں قیاس کرے، پس معافی دے، معافی دے، معافی دے، میرے سردار، میرے سردار، میرے سردار۔

اے اللہ! ہمیں اپنے ذکر میں مشغول رکھ ہمیں اپنی ناراضی سے پناہ دے ہمیں اپنے عذاب سے امان دے، ہمیں اپنی عطاؤں سے رزق دے، ہمیں اپنے فضل سے انعام دے، ہمیں اپنے گھر (کعبہ) کا حج نصیب فرما اور ہمیں اپنے نبی کے روضہ کی زیارت کرا، تیرا درود، تیری رحمت، تیری بخشش اور تیری رضا ہو،

وَعَلىٰ اَهْلِ بَيْتِهِ صَحْبِهِ ، اِنَّكَ قَريبٌ مُجيبٌ ، وَٱرْزُقْنا عَمَلاً بِطاعَتِكَ ، وَتَوَفَّنا عَلىٰ مِلَّتِكَ ، وَسُنَّةِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ صَحْبِهِ .

اَللّٰهُمَّ [٣٣] ٱغْفِرْ لي وَلِوالِدَيَّ ، وَٱرْحَمْهُما كَما رَبَّياني صَغيراً وَٱجْزِهِما بِالْاِحْسانِ اِحْساناً ، وَبِالسَّيِّئاتِ عَفْواً وَغُفْراناً .

اَللّٰهُمَّ ٱغْفِرْ لِلْمُؤْمِنينَ وَالْمُؤْمِناتِ ، اَلْاَحْياءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْواتِ ، وَتابِعْ بَيْنَنا وَبَيْنَهُمْ بِالْخَيْراتِ .

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلىٰ مُحَمَّدٍ وَآلِهِ وَصَحْبِهِ ، وَٱخْتِمْ لي بِخَيْرٍ ، وَٱكْفِني ما اَهَمَّني مِنْ اَمْرِ دُنْيايَ وَآخِرَتي ، وَلا تُسَلِّطْ عَلَيَّ مَنْ لا يَرْحَمُني ، وَٱجْعَلْ عَلَيَّ مِنْكَ جُنَّةً واقِيَةً باقِيَةً ، وَلا تَسْلُبْني صالِحَ ما اَنْعَمْتَ بِهِ عَلَيَّ ، وَٱرْزُقْني مِنْ فَضْلِكَ رِزْقاً واسِعاً حَلالاً طَيِّباً .

اَللّٰهُمَّ ٱحْرُسْني بِحِراسَتِكَ ، وَٱحْفَظْني بِحِفْظِكَ ، وَٱكْلَأْني [٣٤] بِكَلاءَتِكَ ، وَٱرْزُقْني حَجَّ بَيْتِكَ الْحَرامِ في عامِنا هٰذا وَفي كُلِّ عامٍ ، وَزِيارَةَ قَبْرِ نَبِيِّكَ وَالْاَئِمَّةِ عَلَيْهِمُ السَّلامُ ، وَلا تُخْلِني يارَبِّ مِنْ تِلْكَ الْمَشاهِدِ الشَّريفَةِ ، وَالْمَواقِفِ الْكَريمَةِ .

---

٣٣ ــ اللّهمّ صلّ على محمّد وآله و « خ » .

٣٤ ــ اكلأني : احرسني واحفظني .

تیرے نبی کے لئے اور ان کے اہل بیت کے لئے اور ان کے اصحاب کے لئے ، بے شک تو نزدیک تر قبول کرنے والا ہے اور ہمیں اپنی عبادت بجا لانے کی توفیق دے، ہمیں اپنی ملت اور اپنے نبی کی سنت پر موت دے۔

رحمت ہو خدا کی ان پر اور ان کی آل پر اور ان کے اصحاب پر اے معبود! مجھے بخشش دے اور میرے ماں باپ کو بھی اور دونوں پر رحم کر جیسے انہوں نے بچپن میں مجھے پالا، اے اللہ! انہیں احسان کا بدلہ احسان اور گناہوں کے بدلے بخشش عطا فرما۔

اے معبود! بخش دے مومن مردوں اور مومنہ عورتوں کو، جو ان میں سے زندہ اور مردہ ہیں سبھی کو بخش دے اور ان کے ہمارے درمیان نیکیوں کے ذریعے تعلق بنا دے۔

اے معبود! رحمت فرما حضرت محمد ﷺ اور آل محمد ﷺ پر اور ان کے اصحاب پر اور میرا خاتمہ بخیر فرما اور دنیا وآخرت میں میرے اہم کاموں میں میری حمایت فرما اور مجھ پر اسے قابو نہ دے جو مجھ پر رحم نہ کرے اور میرے لئے اپنی طرف سے باقی رہنے والا نگہبان قرار دے، اپنی دی ہوئی اچھی نعمتیں مجھ سے چھین نہ لے اور مجھے اپنے فضل سے روزی عطا کر، جو کشادہ حلال اور پاک ہو۔

اے معبود! مجھے اپنی پاسداری میں زیرنگاہ رکھ اور اپنی حفاظت میں محفوظ فرما، اپنی حمایت میں مجھے امان دے اور مجھے ہمارے اس سال اور آئندہ سالوں میں بھی اپنے محترم گھر کعبہ کا حج نصیب فرما اور اپنے نبی و ائمہ کے مزاروں کی زیارت نصیب فرما کہ سلام ہو ان سب پر، اے پروردگار! ان بلند مرتبہ بارگاہوں اور ان بابرکت مقامات سے مجھے برکنار نہ رکھ۔

اَللّٰهُمَّ تُبْ عَلَيَّ حَتّىٰ لا اَعْصِيَكَ ، وَاَلْهِمْنِي الْخَيْرَ وَالْعَمَلَ بِهِ، وَخَشْيَتَكَ بِاللَّيْلِ وَالنَّهارِ، اَبَداً ما اَبْقَيْتَني يارَبَّ الْعالَمينَ.

اَللّٰهُمَّ اِنّي كُلَّما قُلْتُ قَدْ تَهَيَّأْتُ وَتَعَبَّأْتُ [٣٦] وَقُمْتُ لِلصَّلاةِ بَيْنَ يَدَيْكَ وَناجَيْتُكَ ، اَلْقَيْتَ عَلَيَّ نُعاساً اِذا اَنَا صَلَّيْتُ،وَسَلَبْتَني مُناجاتَكَ اِذا اَنَا ناجَيْتُ ! وَمالي كُلَّما قُلْتُ قَدْ صَلُحَتْ سَريرَتي، وَقَرُبَ مِنْ مَجالِسِ التَّوّابينَ مَجْلِسي، عَرَضَتْ لي بَلِيَّةٌ اَزالَتْ قَدَمي، وَحالَتْ بَيْني وَبَيْنَ خِدْمَتِكَ !

سَيِّدي لَعَلَّكَ عَنْ بابِكَ طَرَدْتَني، وَعَنْ خِدْمَتِكَ نَحَّيْتَني ! اَوْ لَعَلَّكَ رَاَيْتَني مُسْتَخِفّاً بِحَقِّكَ فَاَقْصَيْتَني [٣٧] ! اَوْ لَعَلَّكَ رَاَيْتَني مُعْرِضاً عَنْكَ فَقَلَيْتَني [٣٨] ! اَوْ لَعَلَّكَ وَجَدْتَني في مَقامِ الْكاذِبينَ فَرَفَضْتَني ! اَوْ لَعَلَّكَ رَاَيْتَني غَيْرَ شاكِرٍ لِنَعْمآئِكَ فَحَرَمْتَني ! اَوْ لَعَلَّكَ فَقَدْتَني مِنْ مَجالِسِ الْعُلَمآءِ فَخَذَلْتَني ! اَوْ لَعَلَّكَ رَاَيْتَني فِي الْغافِلينَ فَمِنْ رَحْمَتِكَ آيَسْتَني ! اَوْ لَعَلَّكَ رَاَيْتَني آلِفُ مَجالِسَ الْبَطّالينَ فَبَيْني وَ بَيْنَهُمْ خَلَّيْتَني ! اَوْ لَعَلَّكَ لَمْ تُحِبَّ اَنْ تَسْمَعَ دُعآئي فَباعَدْتَني ! اَوْ لَعَلَّكَ بِجُرْمي وَ جَريرَتي [٣٩] كافَيْتَني ! اَوْ لَعَلَّكَ بِقِلَّةِ حَيآئي مِنْكَ جازَيْتَني ! فَاِنْ عَفَوْتَ يارَبِّ، فَطالَما عَفَوْتَ عَنِ الْمُذْنِبينَ قَبْلي، لِاَنَّ كَرَمَكَ ــ أيْ رَبِّ ــ يَجِلُّ عَنْ مُجازاةِ الْمُذْنِبينَ، وَحِلْمَكَ يَكْبُرُ عَنْ مُكافاةِ الْمُقَصِّرينَ، وَاَنا عآئِذٌ بِفَضْلِكَ ، هارِبٌ مِنْكَ اِلَيْكَ ، مُتَنَجِّزٌ ماوَعَدْتَ مِنَ الصَّفْحِ عَمَّنْ

٣٦ــ تعبّأت: تجهّزت ٣٧ ــ أقصيتني : أبعدتني. ٣٨ــ قليتني: أبغضتني. ٣٩ــ جريرتي: جنايتي وذنبي.

اے معبود! مجھے ایسی توبہ کی توفیق دے کہ پھر تیری نافرمانی نہ کروں، میرے دل میں نیکی و عمل کا جذبہ ابھار دے اور جب تک مجھے زندہ رکھے، دن رات اپنا خوف میرے قلب میں ڈالے رکھ، اے جہانوں کے پالنے والے۔

اے معبود! جب بھی میں کہتا ہوں کہ میں آمادہ و تیار ہوں اور تیرے حضور نماز گزارنے کو کھڑا ہوتا ہوں اور تجھ سے مناجات کرتا ہوں تو مجھے اونگھ آ لیتی ہے جبکہ میں نماز میں ہوتا ہوں اور جب میں تجھ سے راز و نیاز کرنے لگوں تو اس حال میں برقرار نہیں رہتا، مجھے کیا ہو گیا میں کہتا ہوں کہ میرا باطن صاف ہے، میں توبہ کرنے والوں کی صحبت میں بیٹھتا ہوں، ایسے میں کوئی آفت آ پڑتی ہے جس سے میرے قدم ڈگمگا جاتے ہیں اور میرے اور تیری حضوری کی درمیان کوئی چیز آڑ بن جاتی ہے۔

میرے سردار! شاید کہ تو نے مجھے اپنی بارگاہ سے ہٹکا دیا اور اپنی خدمت سے دور کر دیا ہے یا شاید تو دیکھتا ہے کہ میں تیرے حق کو سبک سمجھتا ہوں، پس مجھے ایک طرف کر دیا یا شاید تو نے دیکھا کہ میں تجھ سے روگرداں ہوں، تو مجھے برا سمجھ لیا یا شاید تو نے دیکھا کہ میں جھوٹوں میں سے ہوں تو مجھے میرے حال پر چھوڑ دیا، یا شاید تو دیکھتا ہے کہ میں تیری نعمتوں کا شکر ادا نہیں کرتا، تو مجھے محروم کر دیا ہے یا شاید تو نے مجھے علماء کی مجالس میں نہیں پایا تو اس بنا پر مجھے ذلیل کر دیا ہے یا شاید تو نے مجھے غافل دیکھا تو اس پر مجھے اپنی رحمت سے مایوس کر دیا ہے یا شاید تو نے مجھے بیکار کی باتیں کرنے والوں میں دیکھا تو مجھے انہی میں رہنے دیا یا شاید تو میری دعا کو سننا پسند نہیں کرتا، تو مجھے پرے کر دیا یا شاید تو نے مجھے میرے جرم اور گناہ کا بدلہ دیا ہے یا شاید میں نے تجھ سے حیا کرنے میں کمی کی تو مجھے یہ سزا ملی ہے پس اے پروردگار! مجھے معاف کر دے کہ مجھ سے پہلے تو نے بہت سے گناہگاروں کو معاف فرمایا ہے، اس لئے کہ اے پالنے والے! تیری بخشائش کوتاہی کرنے والوں کی سزا سے بزرگ تر ہے اور میں تیرے فضل کی پناہ لے رہا ہوں اور تجھ سے تیری ہی طرف بھاگا ہوں، تیرے وعدے کی وفا چاہتا ہوں کہ جو تجھ سے اچھا گمان رکھتا ہے اسے معاف کر دے۔

اَحْسَنَ بِكَ ظَنّاً.

اِلٰهي اَنْتَ اَوْسَعُ فَضْلاً، وَاَعْظَمُ حِلْماً مِنْ اَنْ تُقايِسَني بِعَمَلي، وَاَنْ تَسْتَزِلَّني [40] بِخَطيئَتي، وَما اَنَا يا سَيِّدي، وَما خَطَري! هَبْني بِفَضْلِكَ، وَتَصَدَّقْ عَلَيَّ بِعَفْوِكَ، اَيْ رَبِّ جَلِّلْني [41] بِسَتْرِكَ، وَاْعْفُ عَنْ تَوْبيخي بِكَرَمِ وَجْهِكَ يا خَيْرَ السّائِرينَ.

* * *

www.MinhajBooks.com

٤٠ــ تستزلّني: تجعلني زالاً واقعاً في العذاب. ٤١ــ جلّلني: غطّني.

میرے معبود! تیرا فضل وسیع تر ہے اور تیری بردباری عظیم تر ہے، اس سے کہ تو مجھے میرے عمل کے ساتھ تو لے یا میرے گناہ کے باعث مجھے گرا دے اور اے میرے آقا! میں کیا اور میری اوقات کیا مجھے اپنے فضل سے بخش دے، میرے سردار اور اپنے عفو کے صدقے میں مجھے اپنے پردے میں لے لے اور اپنے خاص کرم سے مجھے سرزنش سے معاف رکھ۔ اے راہِ سلوک پر چلنے والوں میں سے سب سے بہترین۔

# مناجاة الشاكين

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اِلٰهي اِلَيْكَ اَشْكُو نَفْساً بِالسُّوءِ اَمّارَةً، وَاِلَى الْخَطيئَةِ مُبادِرَةً، وَ بِمَعاصيكَ مُولَعَةً، وَلِسَخَطِكَ مُتَعَرِّضَةً، تَسْلُكُ بي مَسالِكَ الْمَهالِكِ، وَتَجْعَلُني عِنْدَكَ اَهْوَنَ هالِكٍ، كَثيرَةَ الْعِلَلِ [١] طَويلَةَ الْاَمَلِ، اِنْ مَسَّهَا الشَّرُّ تَجْزَعُ، وَاِنْ مَسَّهَا الْخَيْرُ تَمْنَعُ، مَيّالَةً اِلَى اللَّعِبِ وَاللَّهْوِ، مَمْلُوءَةً بِالْغَفْلَةِ وَالسَّهْوِ، تُسْرِعُ بي اِلَى الْحَوْبَةِ [٢] وَتُسَوِّفُني [٣] بِالتَّوْبَةِ.

اِلٰهي اَشْكُو اِلَيْكَ عَدُوّاً يُضِلُّني، وَشَيْطاناً يَغْويني، قَدْ مَلَاَ بِالْوَسْواسِ صَدْري، وَاَحاطَتْ هَواجِسُهُ [٤] بِقَلْبي، يُعاضِدُ لِيَ الْهَوىٰ، وَيُزَيِّنُ لي حُبَّ الدُّنْيا، وَيَحُولُ بَيْني وَبَيْنَ الطّاعَةِ وَالزُّلْفىٰ.

اِلٰهي اِلَيْكَ اَشْكُو قَلْباً قاسِياً، مَعَ الْوَسْواسِ مُتَقَلِّباً، وَبِالرَّيْنِ [٥] وَالطَّبْعِ مُتَلَبِّساً [٦] وَعَيْناً عَنِ الْبُكاءِ مِنْ خَوْفِكَ جامِدَةً، وَاِلىٰ ما يَسُرُّها طامِحَةً [٧].

اِلٰهي لاحَوْلَ وَلا قُوَّةَ اِلّا بِقُدْرَتِكَ، وَلا نَجاةَ لي مِنْ مَكارِهِ الدُّنْيا اِلّا بِعِصْمَتِكَ.

---

١ــ العلل: الحجج والأعذار. ٢ــ الحوبة: الخطيئة. ٣ــ تسوّفني: تماطلني.

٤ــ الهواجس: مايخطر بالقلب. ٥ــ ⊗. ٦ــ منقلباً ومتلبّساً «خ».

٧ــ طامحة: متطلّعة.

# مناجاتِ شاکّین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ٥

اے معبود! میں تجھ سے اپنے نفس کی شکایت کرتا ہوں جو برائی پر اکسانے والا ہے اور خطا کاری کی طرف بڑھنے والا ہے وہ تیری نافرمانی کا شائق اور تیری ناراضی سے ٹکر لیتا ہے، وہ مجھے تباہی کی راہوں پر لے جاتا ہے اور اس نے مجھے تیرے سامنے ذلیل و تباہ حال بنا دیا ہے، یہ بڑا بہانہ ساز اور لمبی امیدیں رکھنے والا ہے اگر اسے تکلیف ہو تو چلاتا ہے اور اگر آرام پہنچے تو چپ رہتا ہے وہ کھیل تماشے کی طرف زیادہ مائل اور بھول چوک سے بھرا پڑا ہے مجھے تیزی سے گناہ کی طرف لے جاتا ہے اور توبہ کرنے میں ڈھیل کرتا ہے۔

میرے معبود! میں تجھ سے شکایت کرتا ہوں اس دشمن کی جو گمراہ کرتا ہے اور شیطان کی جو بہکاتا ہے اس نے میرے سینے کو برے خیالات سے بھر دیا اس کی خواہشوں نے میرے دل کو گھیر لیا ہے بری خواہشات میں مدد کرتا ہے اور دنیا کی محبت کو اچھا بنا کر دکھاتا ہے وہ میرے اور تیری بندگی اور قرب کے درمیان حائل ہو گیا ہے۔

اے معبود! میں تجھ سے سیاہ قلب کی شکایت کرتا ہوں اور بدلنے والے وسوسوں کی شکایت کرتا ہوں جو رنگ و تیرگی سے آلودہ ہیں اس آنکھ کی شکایت کرتا ہوں جو تیرے خوف میں گریہ نہیں کرتی اور جو چیز اچھی لگے اس سے خوشی ہوتی ہے۔

اے معبود! میری کوئی حرکت اور قوت تیری قدرت کے بغیر نہیں ہے، میں دنیا کی برائیوں سے صرف تیری نگہداشت سے بچ سکتا ہوں۔

فَاَسْاَ لُكَ  بِبَلاغَـةِ حِكْمَتِكَ ،وَ نَفاذِ مَشِيَّتِكَ ، اَنْ لا تَجْعَلْني لِغَيْرِ جُودِكَ مُتَعَرِّضاً ، ولا تُصَيِّرْني لِلْفِتَنِ غَرَضاً [8] وَكُنْ لي عَلَى الْاَعْدآءِ ناصِراً ، وَعَلَى الْمَخازي وَالْعُيُوب ساتِراً ، وَمِنَ الْبَلا يا [9] واقِياً ، وَعَنِ الْمَعاصي عاصِماً ، بِرَأْفَتِكَ وَرَحْمَتِكَ يا اَرْحَمَ الرّاحِمينَ .

* * *

www.MinhajBooks.com

---

٨ــ غرضاً: هدفاً.

٩ــ البلاء «خ».

پس میں تجھ سے تیری گہری حکمت اور تیری پوری ہونے والی مرضی کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ مجھے اپنی بخشش کے سوا کسی طرف نہ جانے دے اور مجھے فتنوں کا ہدف نہ بننے دے اور دشمنوں کے مقابلے میں میرا مددگار بن میرے عیبوں اور رسوائیوں کی پردہ پوشی فرما مجھ سے مصیبتیں دور کر اور اپنی رحمت و نوازش سے مجھے گناہوں سے بچائے رکھ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

﴿ ٥ ﴾

# مناجاة اللّائذين

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

حُجَّتي يا اَللّٰهُ في جُرْاَتي عَلىٰ مَسْاَلَتِكَ مَعَ اِتْياني ماتَكْرَهُ جُودُكَ وَ كَرَمُكَ، وَعُدَّتي في شِدَّتي مَعَ قِلَّةِ حَياَئي مِنْكَ رَأْفَتُكَ وَرَحْمَتُكَ، وَقَدْ رَجَوْتُ اَنْ لا تُخَيِّبَ بَيْنَ ذَيْنِ وَذَيْنِ مُنْيَتي، فَحَقِّقْ رَجآئي، وَاسْمَعْ دُعآئي، يا خَيْرَ مَنْ دَعاهُ داعٍ، وَاَفْضَلَ مَنْ رَجاهُ راجٍ.

عَظُمَ يا سَيِّدي اَمَلي، وَسآءَ عَمَلي، فَاَعْطِني مِنْ عَفْوِكَ بِمِقْدارِ اَمَلي، وَلا تُؤاخِذْني [١٥] بِاَسْوَءِ عَمَلي، فَاِنَّ كَرَمَكَ يَجِلُّ عَنْ مُجازاةِ الْمُذْنِبينَ، وَحِلْمَكَ يَكْبُرُ عَنْ مُكافاَةِ الْمُقَصِّرينَ، وَاَنَا يا سَيِّدي عآئِذٌ بِفَضْلِكَ، هارِبٌ مِنْكَ اِلَيْكَ، مُسْتَنْجِزٌ ما وَعَدْتَ مِنَ الصَّفْحِ عَمَّنْ اَحْسَنَ بِكَ ظَنّاً، وَما اَنَا يا رَبِّ وَما خَطَري [١٦] ؟! هَبْني بِفَضْلِكَ وَتَصَدَّقْ عَلَيَّ بِعَفْوِكَ.

اَيْ رَبِّ جَلِّلْني بِسِتْرِكَ، وَاعْفُ عَنْ تَوْبيخي [١٧] بِكَرَمِ وَجْهِكَ، فَلَوِ اطَّلَعَ الْيَوْمَ عَلىٰ ذَنْبي غَيْرُكَ مافَعَلْتُهُ، وَلَوْ خِفْتُ تَعْجيلَ الْعُقُوبَةِ لَاَجْتَنَبْتُهُ، لا لِاَنَّكَ اَهْوَنُ النّاظِرينَ اِلَيَّ، وَاَخَفُّ الْمُطَّلِعينَ عَلَيَّ، بَلْ لِاَنَّكَ يارَبِّ خَيْرُ السّاتِرينَ، وَاَحْكَمُ الْحاكِمينَ، وَاَكْرَمُ الْاَكْرَمينَ،

---

١٥ــ لا تؤاخذني: لا تعاقبني. ١٦ــ خطري: قدري ومنزلتي. ١٧ــ توبيخي: ملامتي.

www.MinhajBooks.com

# مناجاتِ لائذین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِo

اے اللہ! جو کام تجھے ناپسند ہیں وہ انجام دینے کے باوجود تجھ سے سوال کرنے کی جرات میں تیرا جود و کرم ہی میری حجت ہے اور حیا کی کمی کے باوجود سختی کے وقت میں میرا سہارا تیری ہی مہربانی و نرم روی ہے اور میں امید رکھتا ہوں کہ ایسی ویسی باتوں کے ہوتے ہوئے بھی تو مجھے مایوس نہ کرے گا پس میری امید برلا اور میری دعا سن لے، اے پکارے جانے والوں میں سب سے بہتر اور جن سے امید کی جاتی ہے ان میں سب سے بلند تر۔

اے میرے آقا! میری آرزو بڑی اور میرا عمل برا ہے، پس اپنے عفو سے کام لے کر میری آرزو پوری فرما اور برے عمل پر میری گرفت نہ کر کیونکہ تیرا کرم گنہگاروں کی سزاؤں سے بہت بلند و بالا ہے اور تیرا حلم کوتاہی کرنے والوں کی سزاؤں سے عظیم تر ہے اور اے میرے سردار! میں تیرے خوف سے بھاگ کر تیرے فضل کی پناہ لیتا ہوں میں چاہتا ہوں کہ جس نے تجھ سے اچھا گمان رکھا ہے، اس سے درگزر کا وعدہ پورا فرما اور میرے پروردگار! میں کیا اور میری اوقات کیا تو ہی اپنے فضل سے مجھے بخش دے اور اپنے عفو سے مجھ پر عنایت فرما۔

اے میرے رب! مجھے اپنی پردہ پوشی سے ڈھانک اور اپنے خاص کرم سے میری سرزنش ٹال دے، اگر آج تیرے سوا کوئی دوسرا میرے گناہ کو جان لیتا تو میں یہ کبھی نہ کرتا اور اگر مجھے جلد سزا ملنے خوف ہوتا تو ضرور گناہ سے دور رہتا لیکن اس کی وجہ یہ نہیں کہ تو دیکھنے والوں میں کمتر اور جاننے والوں میں کم رتبہ ہے، بلکہ اس کی وجہ یہ ہے اے پروردگار کہ تو بہترین پردہ پوش، سب سے بڑا حاکم اور سب سے

سَتّارُ الْعُيُوبِ، غَفّارُ الذُّنُوبِ، عَلاّمُ الْغُيُوبِ.

تَسْتُرُ الذَّنْبَ بِكَرَمِكَ، وَ تُؤَخِّرُ الْعُقُوبَةَ بِحِلْمِكَ، فَلَكَ الْحَمْدُ عَلىٰ حِلْمِكَ بَعْدَ عِلْمِكَ، وَعَلىٰ عَفْوِكَ بَعْدَ قُدْرَتِكَ.

وَ يَحْمِلُني وَ يُجَرِّئُني عَلىٰ مَعْصِيَتِكَ حِلْمُكَ عَنّي، وَ يَدْعُوني اِلىٰ قِلَّةِ الْحَياءِ سَتْرُكَ عَلَيَّ، وَيُسْرِعُني اِلَى التَّوَثُّبِ [18] عَلىٰ مَحارِمِكَ مَعْرِفَتي بِسَعَةِ رَحْمَتِكَ، وَعَظيمِ عَفْوِكَ.

يا حَليمُ يا كَريمُ، ياحَيُّ ياقَيُّومُ، ياغافِرَ الذَّنْبِ، يا قابِلَ التَّوْبِ، يا عَظيمَ الْمَنِّ، ياقَديمَ الْاِحْسانِ.

اَيْنَ سِتْرُكَ الْجَميلُ؟ اَيْنَ عَفْوُكَ الْجَليلُ [19]؟ اَيْنَ فَرَجُكَ الْقَريبُ؟ اَيْنَ غِياثُكَ السَّريعُ؟ اَيْنَ رَحْمَتُكَ الْواسِعَةُ؟ اَيْنَ عَطاياكَ الْفاضِلَةُ؟ اَيْنَ مَواهِبُكَ الْهَنيئَةُ؟ اَيْنَ صَنائِعُكَ السَّنِيَّةُ [20]؟ اَيْنَ فَضْلُكَ الْعَظيمُ؟ اَيْنَ مَنُّكَ الْجَسيمُ؟ اَيْنَ اِحْسانُكَ الْقَديمُ؟ اَيْنَ كَرَمُكَ يا كَريمُ؟ بِهِ [21] فَاسْتَنْقِذْني، وَبِرَحْمَتِكَ فَخَلِّصْني.

يا مُحْسِنُ يا مُجْمِلُ [22] يا مُنْعِمُ يا مُفْضِلُ، لَسْنا نَتَّكِلُ فِى النَّجاةِ مِنْ عِقابِكَ عَلىٰ اَعْمالِنا، بَلْ بِفَضْلِكَ عَلَيْنا، لِاَنَّكَ اَهْلُ التَّقْوىٰ وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ، تَبْتَدِئُ بِالْاِحْسانِ نِعَماً، وَتَعْفُوعَنِ الذَّنْبِ كَرَماً، فَما نَدْري ما نَشْكُرُ! اَجَميلَ ما تَنْشُرُ؟ اَمْ قَبيحَ ما تَسْتُرُ؟ اَمْ عَظيمَ ما اَبْلَيْتَ وَ

---

١٨ــ التوثّب: النهوض والقفز. ١٩ــ ياجليل «خ». ٢٠ــ السنيّة: الرفيعة المنزلة.
٢١ــ به وبمحمد وآل محمد «خ». ٢٢ــ أجمل الصنيعة: حسّنها وكثّرها.

زیادہ کرم کرنے والا، عیبوں کو ڈھانپنے والا، گناہوں کا معاف کرنے والا چھپی باتوں کا جاننے والا ہے۔

تو اپنے کرم سے گناہ کو ڈھانپتا اور اپنی نرم خوئی سے سزا میں تاخیر کرتا ہے، پس حمد ہے تیرے لئے کہ جانتے ہوئے، نرمی سے، کاملیتا ہے، تیری حمد ہے کہ توانا ہوتے ہوئے معاف کرتا ہے اور وہ میرے ساتھ تیری نرم روی ہے۔

جس نے مجھے تیری نافرمانی پر آمادہ کیا ہے، تیرا میری پردہ پوشی کرنا مجھ میں حیا کی کمی کا موجب بنا ہے اور تیری وسیع رحمت اور عظیم عفو کی معرفت کے باعث میں تیرے حرام کئے ہوئے کاموں کی طرف جلدی کرتا ہوں۔

اے نرم خو اے مہربان! اے زندہ! اے نگہبان! اے گناہ معاف کرنے والے! اے توبہ قبول کرنے والے! اے عظیم عطا والے! اے قدیم احسان والے۔

کہاں ہے تیری بہترین پردہ پوشی؟ کہاں ہے تیری بلند تر عفو؟ کہاں ہے تیری قریب تر کشائش؟ کہاں ہے تیری فوری فریاد رسی؟ کہاں ہے تیری وسیع تر رحمت؟ کہاں ہیں تیری بہترین عطائیں؟ کہاں ہیں تیری خوشگوار بخششیں؟ کہاں ہیں تیرے شاندار انعامات؟ کہاں ہے تیرا باعظمت فضل؟ کہاں ہے تیری عظیم بخشش؟ کہاں ہے تیرا قدیم تر احسان؟ کہاں ہے تیری مہربانی؟ اے مہربان! اپنی مہربانی سے مجھے عذاب سے نکال اور اپنی رحمت سے مجھے اس سے رہائی دے۔

اے نیکوکار! اے خوش صفات! اے نعمت دینے والے! اے بلندی دینے والے! تیری سزا سے بچنے میں مجھے اپنے اعمال پر کچھ بھی بھروسہ نہیں بلکہ تیرے فضل کا سہارا ہے جو ہم پر ہے، کیونکہ تو گناہ سے بچا لینے والا اور گناہ بخش دینے والا ہے، تو احسان کے ساتھ نعمتوں کا آغاز کرتا اور مہربانی کرتے ہوئے گناہ کی معافی دیتا ہے، پس ہم نہیں جانتے کہ کس بات پر شکر کریں آیا تیرے نیکی ظاہر کرنے پر یا برائی کی پردہ پوشی پر یا بہت بڑی غم خواری

اَوْلَيْتَ؟ اَمْ كَثيرَما مِنْهُ نَجَّيْتَ وَعافَيْتَ؟

يا حَبيبَ مَنْ تَحَبَّبَ اِلَيْكَ ، وَيا قُرَّةَ عَيْنِ مَنْ لاذَ بِكَ وَانْقَطَعَ اِلَيْكَ، اَنْتَ الْمُحْسِنُ وَنَحْنُ الْمُسيئُونَ ، فَتَجاوَزْ يارَبِّ عَنْ قَبيحِ ما عِنْدَنا بِجَميلِ ما عِنْدَكَ ، وَاَيُّ جَهْلٍ يارَبِّ لايَسَعُهُ جُودُكَ ؟ وَاَيُّ زَمانٍ اَطْوَلُ مِنْ اَناتِكَ ؟ وَما قَدْرُ اَعْمالِنا في جَنْبِ نِعَمِكَ ؟ وَكَيْفَ نَسْتَكْثِرُ اَعْمالاً نُقابِلُ بِها كَرَمَكَ ؟ بَلْ كَيْفَ يَضيقُ عَلَى الْمُذْنِبينَ ما وَسِعَهُمْ مِنْ رَحْمَتِكَ ؟ يا واسِعَ الْمَغْفِرَةِ، ياباسِطَ الْيَدَيْنِ بِالرَّحْمَةِ.

فَوَعِزَّتِكَ يا سَيِّدي لَوِ انْتَهَرْتَني [٢٣] ما بَرِحْتُ مِنْ بابِكَ ، وَلا كَفَفْتُ عَنْ تَمَلُّقِكَ [٢٤] لِمَا انْتَهى [٢٥] اِلَيَّ مِنَ الْمَعْرِفَةِ بِجُودِكَ وَكَرَمِكَ ، وَاَنْتَ الْفاعِلُ لِما تَشاءُ، تُعَذِّبُ مَنْ تَشاءُ بِما تَشاءُ كَيْفَ تَشاءُ، وَتَرْحَمُ مَنْ تَشاءُ بِما تَشاءُ كَيْفَ تَشاءُ، وَلا تُسْاَلُ عَنْ فِعْلِكَ ، وَلا تُنازَعُ في مُلْكِكَ ، وَلا تُشارَكُ في اَمْرِكَ ، وَلا تُضادُّ في حُكْمِكَ ، وَلا يَعْتَرِضُ عَلَيْكَ اَحَدٌ في تَدْبيرِكَ ، لَكَ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبارَكَ اللهُ رَبُّ الْعالَمينَ.

يارَبِّ هٰذا مَقامُ مَنْ لاذَ بِكَ ، وَاسْتَجارَ بِكَرَمِكَ ، وَاَلِفَ [٢٦] اِحْسانَكَ وَنِعَمَكَ ، وَاَنْتَ الْجَوادُ الَّذي لايَضيقُ عَفْوُكَ ، وَلا يَنْقُصُ فَضْلُكَ ، وَلا تَقِلُّ رَحْمَتُكَ ، وَقَدْ تَوَثَّقْنا مِنْكَ بِالصَّفْحِ الْقَديمِ، وَالْفَضْلِ الْعَظيمِ، وَالرَّحْمَةِ الْواسِعَةِ.

---

٢٣ــ انتهرتني: زجرتني.
٢٤ــ تملّقك : تودّدك .
٢٥ــ انتهى : وصل.
٢٦ــ ألف : أنس.

اور عطائے نعمت پر شکر کریں یا بہت چیزوں سے تیرے نجات عطا کرنے اور امن دینے پر شکر کریں؟

اے اس کے دوست! جو تجھ سے دوستی کرے اور اے اس کی روشنی چشم جو تیری پناہ لے اور سب سے کٹ کر تیرا ہی ہو جائے تو بھلائی کرنے والا اور ہم برائی کرنے والے ہیں، پس اے پالنے والے اپنی بھلائی سے کام لیتے ہوئے ہماری برائی سے درگذر فرما، اے پالنے والے! وہ کون سی نادانی ہے جس پر تیرا کرم وسعت نہ رکھتا ہو یا وہ کون سا زمانہ ہے جو تیری مہلت سے درازتر ہو اور تیری نعمتوں کے سامنے ہمارے اعمال کی کیا وقعت ہے، کس طرح ہم اپنے اعمال میں اضافہ کریں کہ انہیں تیرے کرم کے سامنے لاسکیں بلکہ تیری وہ رحمت گنہگاروں پر کیسے تنگ ہو جائے گی، جو ان پر چھائی ہوئی ہے، اے وسیع تر بخشش والے! اے مہربانی سے بہت زیادہ دینے والے۔

پس تیری عزت کی قسم! اے میرے آقا! میں تیرے دروازے سے نہ ہٹوں گا، چاہے تو دھتکارے چونکہ مجھے تیرے جود و کرم کی معرفت ہے، اس لئے میں اپنی زبان کو تیری تعریف و توصیف سے نہ روکوں گا تو جو چاہے کرگزرتا ہے تو جسے چاہے جس چیز سے چاہے اور جیسے چاہے عذاب دیتا ہے اور جس پر چاہے، جس چیز سے چاہے، جیسے چاہے، رحم کرتا ہے، تیرے فعل پر پوچھ گچھ نہیں کی جاسکتی، تیری سلطنت پر جھگڑا نہیں ہو سکتا اور تیرے کام میں کوئی شریک نہیں، تیرے حکم میں کوئی ضدیت نہیں اور تیری تدبیر میں کوئی تجھ پر اعتراض نہیں کرسکتا، تیرے ہی لئے پیدا کرنا اور حکم فرمانا بابرکت ہے، وہ اللہ جو جہانوں کا پالنے والا ہے۔

اے پروردگار! یہ ہے اس شخص کا مقام جس نے تیری پناہ لی تیرے سایہ کرم میں آیا اور تیرے ہی احسان اور نعمت کا خواہاں ہوا ہے اور تو ایسا سخی ہے کہ تیرا دامن عفو تنگ نہیں ہوتا، تیرے فضل میں کمی نہیں آتی اور تیری رحمت میں تھوڑ نہیں پڑتی، ہم نے اعتماد کیا ہے تجھ پر، تیری دیرینہ درگزر عظیم تر فضل و کرم اور تیری کشادہ تر رحمت کے ساتھ۔

اَفَتُراكَ يارَبِّ تُخْلِفُ ظُنُونَنا اَوْ تُخَيِّبُ آمالَنا؟ كَلاّ يا كَريمُ فَلَيْسَ هٰذا ظَنُّنا بِكَ ، وَلا هٰذا طَمَعُنا فيكَ .

يا رَبِّ اِنَّ لَنا فيكَ اَمَلاً طَويلاً كَثيراً، اِنَّ لَنا فيكَ رَجآءً عَظيماً عَصَيْناكَ وَنَحْنُ نَرْجُو اَنْ تَسْتُرَ عَلَيْنا، وَدَعَوْناكَ وَنَحْنُ نَرْجُو اَنْ تَسْتَجيبَ لَنا، فَحَقِّقْ رَجآءَنا يا مَوْلانا فَقَدْ عَلِمْنا ما نَسْتَوْجِبُ بِاَعْمالِنا، وَلٰكِنْ عِلْمُكَ فينا، وَعِلْمُنا بِاَنَّكَ لاتَصْرِفُنا عَنْكَ حَثَّنا [27] عَلَى الرَّغْبَةِ اِلَيْكَ وَاِنْ كُنّا غَيْرَ مُسْتَوْجِبينَ لِرَحْمَتِكَ ، فَاَنْتَ اَهْلٌ اَنْ تَجُودَ عَلَيْنا، وَعَلَى الْمُذْنِبينَ بِفَضْلِ سَعَتِكَ ، فَامْنُنْ عَلَيْنا بِما اَنْتَ اَهْلُهُ ، وَجُدْ عَلَيْنا فَاِنّا مُحْتاجُونَ اِلىٰ نَيْلِكَ [28] يا غَفّارَ الْمُذْنِبِيْنَ .

* * *

---

٢٧ــ حثّنا: حرّضنا.	٢٨ــ نيلك :عطائك .

www.MinhajBooks.com

تو اے میرے پالنے والے! کیا تو ہمارے اچھے گمان کے خلاف کرے گا یا ہماری کوشش ناکام بنائے گا؟ نہیں اے مہربان! تجھ سے ہم یہ گمان نہیں رکھتے اور نہ تجھ سے ہماری یہ خواہش تھی۔

اے پالنے والے! بے شک تیری بارگاہ سے ہماری بہت سی لمبی امیدیں ہیں، بے شک ہم تیری بارگاہ سے بڑی بڑی آرزوئیں رکھتے ہیں، ہم تیری نافرمانی کرتے ہیں تو بھی ہمیں آس ہے تو ہماری پردہ پوشی کرے گا اور ہم تجھ سے دعا مانگتے ہیں تو امید کرتے ہیں کہ تو ہماری دعا قبول کرے گا، پس اے ہمارے مولا ہماری امیدیں پوری فرما، اگرچہ ہم جانتے ہیں کہ ہمارے اعمال کی سزا کیا ہے لیکن تیرا علم ہمارے بارے میں ہے اور ہمیں اس کا علم ہے کہ تو ہمیں اپنے ہاں سے پلٹائے گا، نہیں چاہے ہم تیری رحمت کے حقدار نہ بھی ہوئے، پس تو اس کا اہل ہے کہ ہم پر اور دوسرے گنہگاروں پر اپنے وسیع تر فضل سے داد و دہش کرے، پس ہم پر ایسا احسان فرما کہ جس کا تو اہل ہے اور سخاوت کر کیونکہ ہم تیرے انعام کے محتاج ہیں، اے گنہگاروں کو بخشنے والے۔

# مناجاة الملهوفين

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحيمِ

اِلٰهي لا تُؤَدِّبْني بِعُقُوبَتِكَ، وَلا تَمْكُرْ بي في حيلَتِكَ، مِنْ اَيْنَ لِيَ الْخَيْرُ يا رَبِّ وَلا يُوجَدُ اِلاّ مِنْ عِنْدِكَ ؟ وَمِنْ اَيْنَ لِيَ النَّجاةُ وَلا تُسْتَطاعُ اِلاّ بِكَ ؟ لَا الَّذي اَحْسَنَ اَسْتَغْنىٰ عَنْ عَوْنِكَ وَرَحْمَتِكَ، وَلَا الَّذي اَساءَ وَاَجْتَرَاَ عَلَيْكَ وَلَمْ يُرْضِكَ خَرَجَ عَنْ قُدْرَتِكَ، يا رَبِّ يا رَبِّ يا ربِّ.

بِكَ عَرَفْتُكَ، وَ اَنْتَ دَلَلْتَني عَلَيْكَ، وَ دَعَوْتَني اِلَيْكَ، وَلَوْلا اَنْتَ لَمْ اَدْرِما اَنْتَ.

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذي اَدْعُوهُ فَيُجيبُني، وَاِنْ كُنْتُ بَطيئاً حينَ يَدْعُوني.

وَاَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذي اَسْاَلُهُ فَيُعْطيني، وَاِنْ كُنْتُ بَخيلاً حينَ يَسْتَقْرِضُني.

وَاَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذي اُناديهِ كُلَّما شِئْتُ لِحاجَتي، وَاَخْلُو بِهِ حَيْثُ شِئْتُ لِسِرّي بِغَيْرِ شَفيعٍ، فَيَقْضي لي حاجَتي.

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذي اَدْعُوهُ وَلا اَدْعُو غَيْرَهُ، وَلَوْ دَعَوْتُ غَيْرَهُ لَمْ يَسْتَجِبْ لي دُعآئي.

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذي اَرْجُوهُ وَلا اَرْجُو غَيْرَهُ، وَلَوْ رَجَوْتُ غَيْرَهُ لَاَخْلَفَ

www.MinhajBooks.com

# مناجاتِ ملهوفین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِo

میرے اللہ! مجھے اپنے عذاب میں گرفتار نہ کر اور مجھے اپنی قدرت کے ساتھ نہ آزما، مجھے کہاں سے بھلائی حاصل ہو گی۔ اے پالنے والے! وہ مجھے نہیں ملے گی مگر تیرے ہی حضور سے، مجھے کہاں سے نجات مل سکے گی جبکہ اس پر کسی کو قدرت نہیں سوائے تیرے، نہ نیکی کرنے والا تیری مدد اور رحمت سے بے نیاز ہے اور نہ ہی برائی کرنے والا تیرے مقابل جرات کرنے اور تیری رضاجوئی نہ کرنے والا تیرے قابو سے باہر ہے، اے پالنے والے، اے پالنے، والے اے پالنے والے۔

میں نے تیرے ہی ذریعے تجھے پہچانا، تو نے اپنی طرف میری رہنمائی کی اور مجھے اپنی طرف بلایا ہے اور اگر تو مجھے نہ بلاتا تو میں سمجھ ہی نہ سکتا کہ تو کون ہے۔

حمد ہے اس خدا کے لئے جسے پکارتا ہوں تو جواب دیتا ہے اگرچہ وہ مجھے پکارے تو میں سستی کرتا ہوں، حمد ہے اس اللہ کے لئے کہ جس سے مانگتا ہوں تو مجھے عطا کرتا ہے اگرچہ وہ مجھ سے قرض کا طالب ہو تو کنجوسی کرتا ہوں۔

حمد ہے اس اللہ کے لئے کہ جب چاہوں اسے اپنی حاجت کے لئے پکارتا ہوں اور جب چاہوں تنہائی میں بغیر کسی سفارشی کے اس سے راز و نیاز کرتا ہوں تو وہ میری حاجت پوری کرتا ہے۔

حمد اس اللہ کے لئے جس کے سوا میں کسی کو نہیں پکارتا اور اگر اس کے غیر سے دعا کروں تو وہ میری دعا قبول نہیں کرے گا۔

حمد ہے اس اللہ کے لئے جس کے غیر سے میں امید نہیں رکھتا اور اگر امید رکھوں بھی تو وہ میری امید پوری نہ کرے گا۔

رَجآئي.

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذي وَكَلَني اِلَيْهِ فَاَكْرَمَني، وَلَمْ يَكِلْني اِلَى النّاسِ فَيُهينُوني.

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذي تَحَبَّبَ اِلَيَّ، وَهُوَغَنِيٌّ عَنّي.

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذي يَحْلُمُ عَنّي حَتّىٰ كَاَنّي لاذَنْبَ لي،فَرَبّي اَحْمَدُ شَيْءٍ عِنْدي، وَاَحَقُّ بِحَمْدي.

اَللّٰهُمَّ اِنّي اَجِدُ سُبُلَ الْمَطالِبِ اِلَيْكَ مُشْرَعَةً [1] وَمَناهِلَ الرَّجآءِ لَدَيْكَ مُتْرَعَةً [2] وَالْاِسْتِعانَةَ بِفَضْلِكَ لِمَنْ اَمَّلَكَ مُباحَةً، وَاَبْوابَ الدُّعآءِ اِلَيْكَ لِلصّارِخينَ مَفْتُوحَةً.

وَاَعْلَمُ اَنَّكَ لِلرّاجينَ بِمَوْضِعِ اِجابَةٍ، وَلِلْمَلْهُوفينَ [3] بِمَرْصَدِ اِغاثَةٍ، وَاَنَّ فِى اللَّهَفِ اِلىٰ جُودِكَ، وَالرِّضا بِقَضآئِكَ عِوَضاً مِنْ مَنْعِ الْباخِلينَ، وَمَنْدُوحَةً [4] عَمّا في اَيْدِى الْمُسْتَأْثِرينَ، وَاَنَّ الرّاحِلَ اِلَيْكَ قَريبُ الْمَسافَةِ.

وَاَنَّكَ لا تَحْتَجِبُ عَنْ خَلْقِكَ اِلّا اَنْ تَحْجُبَهُمُ الْاَعْمالُ [5] دُونَكَ، وَقَدْ قَصَدْتُ اِلَيْكَ بِطَلِبَتي، وَتَوَجَّهْتُ اِلَيْكَ بِحاجَتي، وَجَعَلْتُ بِكَ اسْتِغاثَتي، وَبِدُعآئِكَ تَوَسُّلي مِنْ غَيْرِ اسْتِحْقاقٍ لِاسْتِماعِكَ مِنّي، وَلَا اسْتيجابٍ لِعَفْوِكَ عَنّي، بَلْ لِثِقَتي بِكَرَمِكَ، وَسُكُوني [6] اِلىٰ صِدْقِ

---

١ــ مشرعة: مفتوحة. ٢ــ مترعة: مملوءة. ٣ــ للملهوفين: للمظلومين المستغيثين.
٤ــ مندوحة: سعة. ٥ــ الآمال «خ». ٦ــ سكوني: اطمئناني.

www.MinhajBooks.com

حمد ہے اس اللہ کے لئے جس نے مجھے اپنی سپردگی میں لے کر عزت دی اور مجھے لوگوں کے بس میں نہ ڈالا کہ مجھے ذلیل کرتے۔

حمد ہے اس اللہ کے لئے جو مجھ سے محبت کرتا ہے اگرچہ وہ مجھ سے بے نیاز ہے۔

حمد ہے اس اللہ کے لئے جو مجھ سے اتنی نرمی کرتا ہے جیسے میں نے کوئی گناہ نہ کیا ہو، پس میرے رب میرے نزدیک ہر شے سے زیادہ قابل تعریف ہے اور وہ میری حمد کا زیادہ حقدار ہے۔

اے معبود! میں اپنے مقاصد کی راہیں تیری طرف کھلی ہوئی پاتا ہوں اور امیدوں کے چشمے تیرے ہاں بھرے پڑے ہیں ہر امیدوار کے لئے تیرے فضل سے مدد چاہنا مباح ہے اور فریاد کرنے والوں کی دعاؤں کے لئے تیرے دروازے کھلے ہیں۔

اور میں جانتا ہوں کہ تو امیدوار کی جائے قبولیت ہے تو مصیبت زدوں کے لئے فریاد رسی کی جگہ ہے، میں جانتا ہوں کہ تیری سخاوت کی پناہ لینا اور تیرے فیصلے پر راضی رہنا کنجوسوں کی روک ٹوک سے بچنے اور خودغرض مالداروں سے محفوظ رہنے کا ذریعہ ہے نیز یہ کہ تیری طرف آنے والے کی منزقریب ہے۔

اور تو اپنی مخلوق سے اوجھل نہیں ہے، مگر ان کے برے اعمال نے ہی انہیں تجھ سے دور کر رکھا ہے، میں اپنی طلب لے کر تیری بارگاہ میں آیا اور اپنی حاجت کے ساتھ تیری طرف متوجہ ہوا ہوں میری فریاد تیرے حضور میں ہے میری دعا کا وسیلہ تیری ہی ذات ہے جبکہ میں اس کا حقدار نہیں کہ تو میری سنے اور نہ اس قابل ہوں کہ تو مجھے معاف کرے، البتہ مجھے تیرے کرم پر بھروسہ اور تیرے سچے وعدے پر اعتماد ہے۔

وَعْدِكَ ، وَلَجآئي [٧] اِلَى الْاِقْرارِ [٨] بِتَوْحيدِكَ ، وَيَقيني بِمَعْرِفَتِكَ مِنّي اَنْ لا رَبَّ لي غَيْرُكَ ، وَلا اِلـٰهَ اِلاّ اَنْتَ، وَحْدَكَ لاشَريكَ لَكَ .

اَللّـٰهُمَّ اَنْتَ الْقآئِلُ، وَقَوْلُكَ حُقٌّ وَوَعْدُكَ صِدْقٌ «وَاسْاَلُوا اللهَ مِنْ فَضْلِهِ اِنَّ اللهَ كانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَليماً» [٩] وَلَيْسَ مِنْ صِفاتِكَ ياسَيِّدي اَنْ تَأْمُرَ بِالسُّؤالِ وَتَمْنَعَ الْعَطِيَّةَ، وَاَنْتَ الْمَنّانُ بِالْعَطِيّاتِ عَلىٰ اَهْلِ مَمْلَكَتِكَ ، وَالْعآئِدُ [١٠] عَلَيْهِمْ بِتَحَنُّنِ رَأْفَتِكَ .

اِلـٰهي رَبَّيْتَني في نِعَمِكَ وَاِحْسانِكَ صَغيراً، وَنَوَّهْتَ بِاسْمي [١١] كَبيراً، فَيامَنْ رَبّاني فِى الدُّنْيا بِاِحْسانِهِ وَتَفَضُّلِهِ وَنِعَمِهِ، وَاَشارَ لي فِى الْاٰخِرَةِ اِلىٰ عَفْوِهِ [١٢] وَكَرَمِهِ.

مَعْرِفَتي يا مَوْلايَ دَلَّتْني عَلَيْكَ ، وَحُبّي لَكَ شَفيعي اِلَيْكَ ، وَاَنَا واثِقٌ مِنْ دَليلي بِدَلالَتِكَ،وَساكِنٌ مِنْ شَفيعي اِلىٰ شَفاعَتِكَ .

اَدْعُوكَ يا سَيِّدي بِلِسانٍ قَدْ اَخْرَسَهُ ذَنْبُهُ، رَبِّ اُناجيكَ بِقَلْبٍ قَدْ اَوْبَقَهُ [١٣] جُرْمُهُ.

اَدْعُوكَ يارَبِّ راهِباً [١٤] راغِباً راجِياً خآئِفاً، اِذا رَاَيْتُ مَوْلايَ ذُنُوبي فَزِعْتُ، وَاِذا رَاَيْتُ كَرَمَكَ طَمِعْتُ، فَاِنْ عَفَوْتَ فَخَيْرُ راحِمٍ، وَاِنْ عَذَّبْتَ فَغَيْرُ ظالِمٍ فَاغْفِرْلِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ .

* * *

٧ــ لجائي: التجائي. ٨ــ الإيمان «خ». ٩ــ * .
١٠ــ العائد: المكرم المفضل. ١١ــ نوّهت باسمي: رفعت ذكري. ١٢ــ فضله «خ».
١٣ــ أوبقه: أهلكه. ١٤ــ راهباً: فزعاً.

www.MinhajBooks.com

تیری توحید پر ایمان میری پکی سچی پناہ ہے اور تیرے بارے میں مجھے اپنی معرفت پر یقین ہے، تیرے سوا میرا کوئی پالنے والا نہیں اور نہیں کوئی معبود مگر تو ہی ہے، تو یگانہ ہے، تیرا کوئی ساجھی نہیں۔

اے معبود! یہ تیرا فرمان ہے اور تیرا کہنا درست اور تیرا وعدہ سچا ہے کہ اللہ سے اس کا فضل مانگو بے شک اللہ تم پر بڑا مہربان ہے اور اے میرے سردار! یہ بات تیری شان سے بعید ہے کہ تو مانگنے کا حکم دے تو عطا نہ فرمائے، تو اپنی مملکت کے باشندوں کو بہت بہت عطا کرنے والا ہے اور اپنی مہربانی و نرمی سے ان کی طرف متوجہ ہے۔

اے اللہ جب میں بچہ تھا تو نے مجھے اپنی نعمت اور احسان کے ساتھ پالا اور جب میں بڑا ہوا تو مجھے شہرت عطا کی پس اے وہ ذات جس نے دنیا میں مجھے اپنے احسان نعمت اور عطا سے پرورش کیا اور آخرت میں مجھے اپنے عفو و کرم کا اشارہ دیا ہے۔

اے میرے مولا! میری معرفت ہی تیری طرف میری رہنما ہے اور میری تجھ سے محبت تیرے سامنے میری سفارش ہے اور مجھے تیری طرف لے جانے والے اپنے اس رہبر پر بھروسہ اور تیرے حضور شفاعت کرنے والے اپنے شفیع پر اطمینان ہے۔

اے میرے سردار میں تجھے اس زبان سے پکارتا ہوں جو بوجہ گناہ کے لکنت کرتی ہے، پالنے والے! میں اس دل سے رازگوئی کرتا ہوں جسے اس کے جرم نے تباہ کر دیا۔

اے پالنے والے! میں تجھے پکارتا ہوں لیکن سہما ہوا، ڈرا ہوا، چاہتا ہوا، امید رکھتا ہوا، اے میرے مولا! جب میں اپنے گناہوں کو دیکھتا ہوں تو گھبراتا ہوں اور تیرے کرم پر نگاہ ڈالتا ہوں تو آرزو بڑھتی ہے، پس اگر تو مجھے معاف کرے تو بہترین رحم کرنے والا ہے اور عذاب دے تو بھی ظلم کرنے والا نہیں، اے بہترین مغفرت فرمانے والے میری مغفرت فرما۔

# مناجاة المحزونين

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

سَيِّدي اَنَا الصَّغيرُ الَّذي رَبَّيْتَهُ، وَاَنَا الْجاهِلُ الَّذي عَلَّمْتَهُ، وَاَنَا الضّآلُّ الَّذي هَدَيْتَهُ، وَاَنَا الْوَضيعُ [٤٢] الَّذي رَفَعْتَهُ، وَاَنَا الْخائِفُ الَّذي آمَنْتَهُ، وَاَنَا الْجآئِعُ الَّذي اَشْبَعْتَهُ، وَاَنَا الْعَطْشانُ الَّذي اَرْوَيْتَهُ وَاَنَا الْعاري الَّذي كَسَوْتَهُ، وَاَنَا الْفَقيرُ الَّذي اَغْنَيْتَهُ، وَاَنَا الضَّعيفُ الَّذي قَوَّيْتَهُ، وَاَنَا الذَّليلُ الَّذي اَعْزَزْتَهُ، وَاَنَا السَّقيمُ الَّذي شَفَيْتَهُ وَاَنَا السّآئِلُ الَّذي اَعْطَيْتَهُ، وَاَنَا الْمُذْنِبُ الَّذي سَتَرْتَهُ، وَاَنَا الْخاطِئُ الَّذي اَقَلْتَهُ [٤٣] وَاَنَا الْقَليلُ الَّذي كَثَّرْتَهُ، وَاَنَا الْمُسْتَضْعَفُ الَّذي نَصَرْتَهُ، وَاَنَا الطَّريدُ الَّذي آوَيْتَهُ.

اَنَا يا رَبِّ الَّذي لَمْ اَسْتَحْيِكَ فِى الْخَلآءِ [٤٤] وَلَمْ اُراقِبْكَ فِى الْمَلاَءِ، اَنَا صاحِبُ الدَّواهِى الْعُظْمىٰ، اَنَا الَّذي عَلىٰ سَيِّدِهِ اجْتَرَاَ، اَنَا الَّذي عَصَيْتُ جَبّارَ السَّمآءِ، اَنَا الَّذي اَعْطَيْتُ عَلىٰ جَليلِ الْمَعاصِى الرُّشا، اَنَا الَّذي حينَ بُشِّرْتُ بِها خَرَجْتُ اِلَيْها اَسْعىٰ،

---

٤٢ــ الوضيع: الدنئ.

٤٣ــ أقلته: صفحت عنه.

٤٤ــ الخلاء: المكان الذي ليس فيه أحد.

# مناجاتِ محزونین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِo

میرے سردار! میں وہی بچہ ہوں جسے تو نے پالا، میں وہی کورا ہوں جسے تو نے علم دیا، میں وہی گمراہ ہوں جسے تو نے راہ دکھائی، میں وہ پست ہوں جسے تو نے بلند کیا، میں وہ خوفزدہ ہوں جسے تو نے امن دیا، میں وہ بھوکا ہوں جسے تو نے سیر کیا اور وہ پیاسا ہوں جسے تو نے سیراب کیا، میں وہ عریاں ہوں جسے تو نے لباس دیا، میں وہ محتاج ہوں جسے تو نے غنی بنایا، میں وہ کمزور ہوں جسے تو نے قوت بخشی، میں وہ پست ہوں جسے تو نے عزت عطا فرمائی، میں وہ بیمار ہوں جسے تو نے صحت دی، میں وہ سائل ہوں جسے تو نے بہت کچھ عطا کیا، میں وہ گنہگار ہوں جسے تو نے ڈھانپ لیا، میں وہ خطا کار ہوں جسے تو نے معاف کیا، میں وہ کمتر ہوں جسے تو نے بڑھا دیا ہے، میں وہ کمزور کردہ ہوں جس کی تو نے مدد کی اور میں وہ نکالا ہوا ہوں جسے تو نے پناہ دی۔

اے پروردگار! میں وہی ہوں جس نے خلوت میں تجھ سے حیا نہ کی اور جلوت میں تیرا لحاظ نہیں رکھا، میں بہت بھاری مصیبتوں والا ہوں، میں وہ ہوں جس نے اپنے سردار پر جرأت کی، میں وہ ہوں جس نے اس کی نافرمانی کی جو آسمانوں پر مسلط ہے، میں وہ ہوں جس نے رب جلیل کی نافرمانی کے لئے رشوت دی، میں وہ ہوں جب مجھے اس کی خوشخبری ملی تو دوڑتا ہوا اس کی طرف گیا۔

اَنا الَّذي اَمْهَلْتَني فَما ٱرْعَوَيْتُ [45] وَسَتَرْتَ عَلَيَّ فَما ٱسْتَحْيَيْتُ، وَعَمِلْتُ بِالْمَعاصي فَتَعَدَّيْتُ، وَٱسْقَطْتَني مِنْ عَيْنِكَ فَما بالَيْتُ.

فَبِحِلْمِكَ اَمْهَلْتَني، وَبِسِتْرِكَ سَتَرْتَني، حَتّىٰ كَاَنَّكَ اَغْفَلْتَني، وَمِنْ عُقُوباتِ الْمَعاصي جَنَّبْتَني، حَتّىٰ كَاَنَّكَ ٱسْتَحْيَيْتَني.

اِلٰهي لَمْ اَعْصِكَ ــ حينَ عَصَيْتُكَ ــ وَاَنا لِرُبُوبِيَّتِكَ جاحِدٌ، وَلا بِاَمْرِكَ مُسْتَخِفٌّ، وَلا لِعُقُوبَتِكَ مُتَعَرِّضٌ، وَلا لِوَعيدِكَ مُتَهاوِنٌ، وَلٰكِنْ خَطيئَةٌ عَرَضَتْ، وَسَوَّلَتْ [46] لي نَفْسي، وَغَلَبَني هَوايَ، وَاَعانَني عَلَيْها شِقْوَتي، وَغَرَّني سِتْرُكَ الْمُرْخىٰ عَلَيَّ، فَقَدْ عَصَيْتُكَ وَخالَفْتُكَ بِجَهْدي.

فَٱلْآنَ مِنْ عَذابِكَ مَنْ يَسْتَنْقِذُني؟ وَمِنْ اَيْدِي الْخُصَماءِ غَداً مَنْ يُخَلِّصُني؟ وَبِحَبْلِ [47] مَنْ اَتَّصِلُ اِنْ اَنْتَ قَطَعْتَ حَبْلَكَ عَنّي؟

فَوا اَسَفاً [48] عَلىٰ ما اَحْصىٰ كِتابُكَ مِنْ عَمَلِيَ الَّذي لَوْلا ما اَرْجُو مِنْ كَرَمِكَ، وَسَعَةِ رَحْمَتِكَ، وَنَهْيِكَ اِيّايَ عَنِ الْقُنُوطِ [49] لَقَنَطْتُ عِنْدَما اَتَذَكَّرُها، ياخَيْرَ مَنْ دَعاهُ داعٍ، وَاَفْضَلَ مَنْ رَجاهُ راجٍ.

اَللّٰهُمَّ بِذِمَّةِ الْإِسْلامِ اَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ، وَبِحُرْمَةِ الْقُرْآنِ اَعْتَمِدُ عَلَيْكَ، وَبِحُبّي لِلنَّبِيِّ الْاُمِّيِّ، الْقُرَشِيِّ، الْهاشِمِيِّ، الْعَرَبِيِّ، التِّهامِيِّ الْمَكِّيِّ، الْمَدَنِيِّ، اَرْجُو الزُّلْفَةَ لَدَيْكَ، فَلا تُوحِشِ ٱسْتيناسَ اِيماني وَلا تَجْعَلْ ثَوابي ثَوابَ مَنْ عَبَدَ سِواكَ، فَاِنَّ قَوْماً آمَنُوا بِاَلْسِنَتِهِمْ

---

٤٥ــ ارعويت: ارتدعت. ٤٦ــ سوّلت: زيّنت. ٤٧ــ الحبل: الوصل.

٤٨ــ فواسوأتاه «خ». ٤٩ــ القنوط: اليأس.

میں وہ ہوں جسے تو نے ڈھیل دی تو ہوش میں نہ آیا اور تو نے میری پردہ پوشی کی تو میں نے حیا سے کام نہ لیا اور گناہوں میں حد سے گزر گیا تو نے مجھے نظروں سے گرایا تو میں نے کچھ پروانہیں کی۔

پس تو نے اپنی نرمی سے مجھے ڈھیل دی اور اپنے حجاب سے میری پردہ پوشی کی، جیسا کہ تو میری طرف سے بے خبر ہے تو نے مجھے نافرمانیوں کی سزاؤں سے برکنار رکھا ،گویا تو مجھ سے شرم کھاتا ہے۔

میرے معبود! جب میں نے تیری نافرمانی کی تو وہ اس لئے نہیں کی کہ میں تیری پروردگاری سے انکاری تھا یا تیرے حکم کو سبک سمجھ رہا تھا یا خود کو تیرے عذاب کی طرف کھینچ رہا تھا یا تیرے ڈراوے کو کمتر سمجھتا تھا بلکہ حقیقت یہ تھی کہ خطا ابھری جسے میرے نفس نے میرے لئے مزین کر دیا، میری خواہش مجھ پر غالب آ گئی، میری بدبختی نے اس پر میرا ساتھ دیا، تیری پردہ پوشی نے مجھے مغرور کر دیا، یوں میں تیری نافرمانی اور تیرے حکم کی مخالفت میں کوشاں ہوا، پس اب مجھے تیرے عذاب سے کون رہائی دے گا، کل کو مجھے دشمنوں کے ہاتھوں کون چھڑائے گا اور اگر تو نے اپنی رسی مجھ سے کاٹ دی تو پھر میں کس کی رسی کو تھاموں گا؟

ہائے افسوس! کہ تیری کتاب میں میرے ایسے ایسے اعمال درج ہو گئے کہ اگر میں تیرے فضل وکرم اور تیری وسیع رحمت کا امیدوار نہ ہوتا اور ناامیدی ہونے سے تیری ممانعت کو نہ جانتا تو جب میں اپنے اعمال کو یاد کرتا تو ضرور ناامید ہو جاتا، اے پکارے جانے والوں میں بہترین اور امید کئے جانے والوں میں برتر۔

اے معبود! میں اسلام کی پناہ میں تجھ کو اپنا وسیلہ بناتا ہوں احترام قرآن کے ساتھ مجھے تجھ پر بھروسہ ہے اور میں تیرے نبی امی قرشی ہاشمی عربی تہامی مکی مدنی سے محبت کے واسطے سے، تیرے تقرب کا امیدوار ہوں پس میری اس ایمانی انسیت کو وحشت میں نہ ڈال اور میرے ثواب کو اپنے غیر کے عبادت گزار کا ثواب قرار نہ دے کیونکہ ایک گروہ

لِيَحْقِنُوا [٥٠] بِهِ دِمآءَهُمْ، فَاَدْرَكُوا ما اَمَّلُوا، وَاِنّا آمَنّا بِكَ بِاَلْسِنَتِنا وَقُلُوبِنا، لِتَعْفُوَ عَنّا، فَاَدْرِكْنا ما اَمَّلْنا، وَثَبِّتْ رَجآءَكَ في صُدُورِنا، وَ«لا تُزِغْ قُلُوبَنا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنا وَ هَبْ لَنا مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهّابُ» [٥١]

فَوَعِزَّتِكَ لَوِ انْتَهَرْتَني ما بَرِحْتُ عَنْ بابِكَ، وَلا كَفَفْتُ عَنْ تَمَلُّقِكَ، لِما اُلْهِمَ قَلْبي مِنَ الْمَعْرِفَةِ بِكَرَمِكَ، وَسَعَةِ رَحْمَتِكَ، اِلىٰ مَنْ يَذْهَبُ الْعَبْدُ اِلّا اِلىٰ مَوْلاهُ، وَاِلىٰ مَنْ يَلْتَجِئُ الْمَخْلُوقُ اِلّا اِلىٰ خالِقِهِ.

اِلٰهي لَوْ قَرَنْتَني بِالْاَصْفادِ [٥٢] وَ مَنَعْتَني سَيْبَكَ [٥٣] مِنْ بَيْنِ الْاَشْهادِ، وَدَلَلْتَ عَلىٰ فَضآئِحي عُيُونَ الْعِبادِ، وَاَمَرْتَ بي اِلَى النّارِ وَحُلْتَ [٥٤] بَيْني وَبَيْنَ الْاَبْرارِ، ما قَطَعْتُ رَجآئي مِنْكَ، وَلا صَرَفْتُ وَجْهَ تَأْميلي لِلْعَفْوِ عَنْكَ، وَلا خَرَجَ حُبُّكَ مِنْ قَلْبي، اَنَا لا اَنْسىٰ اَياديكَ [٥٥] عِنْدي، وَسِتْرَكَ عَلَيَّ في دارِ الدُّنْيا.

سَيِّدي صَلِّ عَلىٰ مُحَمَّدٍ آلِهِ وصَحْبِهِ، وَاَخْرِجْ حُبَّ الدُّنْيا مِنْ قَلْبي، وَاجْمَعْ بَيْني وَبَيْنَ الْمُصْطَفىٰ خِيَرَتِكَ مِنْ خَلْقِكَ، وَخاتَمِ النَّبِيّينَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ، وَانْقُلْني اِلىٰ دَرَجَةِ التَّوْبَةِ اِلَيْكَ، وَاَعِنّي بِالْبُكآءِ عَلىٰ نَفْسي، فَقَدْ اَفْنَيْتُ بِالتَّسْويفِ [٥٦] وَالْآمالِ عُمُري، وَقَدْ

---

٥٠ـ حقن دمه: صانه ولم يرقه. ٥١ـ *. ٥٢ـ قرنتني بالأصفاد: شددتني بالقيود. ٥٣ـ سيْبك: عطاءك.
٥٤ـ حلت: حجزت. ٥٥ـ أياديك: نعمك. ٥٦ـ التسويف: المطل والتأخير.

زبانی کلامی مومن ہے۔ تا کہ اس کے ذریعے ان کا خون محفوظ رہے تو انہوں نے اپنا مقصد پا لیا لیکن ہم تجھ پر اپنی زبانوں اور دلوں سے ایمان لائے ہیں تا کہ تو ہمیں معاف کر دے پس ہماری امید پوری فرما اور اپنی آرزو ہمارے سینوں میں بسا دے اور ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ فرما اس کے بعد جب تو نے ہمیں ہدایت دی ہے اور ہم پر اپنی طرف سے رحمت فرما کہ بے شک تو بہت دینے والا ہے۔

پس قسم ہے تیری عزت کی کہ اگر تو مجھے جھڑک دے تو بھی میں تیری بارگاہ سے نہ ہٹوں گا اور تیری توصیف کرنے سے زبان نہ روکوں گا، کیونکہ میرا دل تیرے فضل وکرم اور تیری وسیع رحمت کی معرفت سے بھرا ہوا ہے تو غلام اپنے آقا و مولا کے سوا کس کی طرف جا سکتا ہے اور مخلوق کو اپنے خالق کے علاوہ کہاں پناہ مل سکتی ہے۔

میرے اللہ! اگر تو نے مجھے زنجیروں میں جکڑ دیا اور دیکھتی آنکھوں مجھ سے اپنا فیض روک دیا اور لوگوں کے سامنے میری رسوائیاں عیاں کر دیں اور میرے جہنم کا حکم صادر کر دیا اور تو میرے اور نیک لوگوں کے درمیان حائل ہو جائے تو بھی میں تجھ سے امید نہ توڑوں گا، تجھ سے عفو و درگذر کی امید رکھنے سے باز نہ آؤں گا اور میرے دل سے تیری محبت ختم نہ ہوگی میں دنیا میں دی گئی تیری نعمتوں اور گناہوں پر تیری پردہ پوشی کو ہرگز نہیں بھول سکتا۔

میرے آقا! تو حضور ﷺ پر اور ان کی آل پر اور انکے ساتھیوں پر درود بھیج اور میرے دل سے دنیا کی محبت نکال دے اور مجھے اپنی مخلوق میں سب سے بہتر نبیوں کے خاتم محمد مصطفیٰ ﷺ اور ان کی آل کے قرب میں جگہ عنایت فرما اور مجھے اپنے حضور توبہ کے مقام کی طرف پلٹا دے اور مجھے خود اپنے آپ پر رونے کی توفیق دے، کیونکہ میں نے اپنی عمر ٹال مٹول اور جھوٹی آرزوؤں میں گنوا دی

نَزَّلْتُ نَفْسي مَنْزِلَةَ [57] الْآيِسينَ مِنَ الْخَيْرِ، فَمَنْ يَكُونُ اَسْوَءَ حالاً مِنّي اِنْ اَنا نُقِلْتُ عَلىٰ مِثْلِ حالي اِلىٰ قَبْري؟ وَلَمْ اُمَهِّدْهُ لِرَقْدَتي، وَلَمْ اَفْرِشْهُ بِالْعَمَلِ الصّالِحِ لِضَجْعَتي!

وَمالي لا اَبْكي؟! وَلا اَدْري اِلىٰ ما يَكُونُ مَصيري، وَاَرىٰ نَفْسي تُخادِعُني، وَاَيّامي تُخاتِلُني [58] وَقَدْ خَفَقَتْ عِنْدَ رَأْسي اَجْنِحَةُ الْمَوْتِ فَمالي لا اَبْكي! اَبْكي لِخُرُوجِ نَفْسي، اَبْكي لِحُلُولِ رَمْسي [59] اَبْكي لِظُلْمَةِ قَبْري، اَبْكي لِضيقِ لَحْدي، اَبْكي لِسُؤالِ مُنْكَرٍ وَنَكيرٍ اِيّايَ، اَبْكي لِخُرُوجي مِنْ قَبْري عُرْياناً ذَليلاً، حامِلاً ثِقْلي عَلىٰ ظَهْري، اَنْظُرُ مَرَّةً عَنْ يَميني، وَمَرَّةً [60] عَنْ شِمالي اِذِ الْخَلآئِقُ في شَأْنٍ غَيْرِ شَأْني «لِكُلِّ ٱمْرِئٍ مِنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَأْنٌ يُغْنِيهِ وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ مُسْفِرَةٌ ضاحِكَةٌ مُسْتَبْشِرَةٌ وَوُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ عَلَيْها غَبَرَةٌ تَرْهَقُها قَتَرَةٌ» [61] يا مُفَرِّجَ المَحزُوْنيْن

* * *

www.MinhajBooks.com

---

٥٧ــ نزلت منزلة «خ». ٥٨ــ تخاتلني: تخادعني عن غفلة. ٥٩ــ رمسي: قبري وما يحثى عليه من التراب.
٦٠ــ وأُخرى «خ». ٦١ــ *.

اور اب میں اپنی بہبودی سے مایوس ہو جانے کو ہوں، تو مجھ سے برا حال اور کس کا، ہوگا اگر میں اسی حال کے ساتھ ہی اپنی قبر میں اتار دیا جاؤں جب کہ میں نے قبر کے لئے کچھ سامان نہیں کیا اور نیک اعمال کا بستر نہیں بچھایا کہ آرام پاؤں۔

ایسے میں کیوں زاری نہ کروں کہ مجھے نہیں معلوم میرا انجام کیا ہوگا میں دیکھتا ہوں کہ نفس مجھے دھوکہ دیتا ہے اور حالات مجھے فریب دیتے ہیں اور اب موت نے میرے سر پر اپنے پر آن پھیلائے ہیں تو کیسے گریہ نہ کروں، میں جان کے نکل جانے پر گریہ کرتا ہوں، قبر کی تاریکی اور اس کے پہلو کی تنگی پر گریہ کرتا ہوں منکر نکیر کے سوالات کے ڈر سے گریہ کرتا ہوں خاص کر اس لئے گریہ کرتا ہوں کہ مجھے قبر سے اٹھنا ہے کہ عریانی و خواری کے ساتھ اپنے گناہوں کا بار لیئے ہوئے دائیں بائیں دیکھوں گا، جب دوسرے لوگ ایسے حال میں ہوں گے جو میرے حال سے مختلف ہو گا، ان میں سے ہر شخص دوسروں سے بے خبر اپنے حال میں مگن ہو گا۔ اس روز بعض چہرے کشادہ خنداں اور خوش ہوں گے، اور بعض چہرے ایسے ہوں گے جن پر گرد و غبار اور تنگی و ذلت کا غلبہ ہو گا۔ اے غم زدوں کے لئے کشادگی پیدا کرنے والے۔

# مناجاة الخائفين

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحيمِ

اِلٰهي اَتُراكَ بَعْدَ الْإيمانِ بِكَ تُعَذِّبُني؟! اَمْ بَعْدَ حُبّي اِيّاكَ تُبَعِّدُني؟! اَمْ مَعَ رَجآئي لِرَحْمَتِكَ وَصَفْحِكَ تَحْرِمُني؟! اَمْ مَعَ اسْتِجارَتي بِعَفْوِكَ تُسْلِمُني؟! حاشا لِوَجْهِكَ الْكَريمِ اَنْ تُخَيِّبَني، لَيْتَ شِعْري [1] اَلِلشَّقآءِ وَلَدَتْني اُمّي، اَمْ لِلْعَنآءِ [2] رَبَّتْني؟! فَلَيْتَها لَمْ تَلِدْني وَلَمْ تُرَبِّني، وَلَيْتَني عَلِمْتُ اَمِنْ اَهْلِ السَّعادَةِ جَعَلْتَني؟ وَبِقُرْبِكَ وَجِوارِكَ خَصَصْتَني؟ فَتَقَرَّ بِذٰلِكَ عَيْني وَتَطْمَئِنَّ لَهُ نَفْسي.

اِلٰهي هَلْ تُسَوِّدُ وُجُوهاً خَرَّتْ ساجِدَةً لِعَظَمَتِكَ؟! اَوْ تُخْرِسُ اَلْسِنَةً نَطَقَتْ بِالثَّنآءِ عَلىٰ مَجْدِكَ وَجَلالَتِكَ؟! اَوْ تَطْبَعُ عَلىٰ قُلُوبٍ انْطَوَتْ عَلىٰ مَحَبَّتِكَ؟! اَو تُصِمُّ اَسْماعاً تَلَذَّذَتْ بِسَماعِ ذِكْرِكَ في اِرادَتِكَ؟! اَوْ تَغُلُّ [3] اَكُفّاً رَفَعَتْها الْآمالُ اِلَيْكَ رَجآءَ رَأْفَتِكَ؟! اَوْ تُعاقِبُ اَبْداناً عَمِلَتْ بِطاعَتِكَ حَتّىٰ نَحِلَتْ في مُجاهَدَتِكَ؟! اَوْ تُعَذِّبُ اَرْجُلاً سَعَتْ في عِبادَتِكَ؟!

---

١ــ ليت شعري: ليتني أعلم.
٢ــ العناء: التعب.
٣ــ تغلّ: تقيّد.

﴿ ۸ ﴾

# مناجاتِ خائفین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِo

میرے معبود! کیا تجھے ایسا سمجھوں کہ تجھ پر ایمان رکھنے کے باوجود مجھے عذاب دے گا یا تجھ سے محبت کرنے پر بھی تو مجھے دور کرے گا یا تیری رحمت وچشم پوشی کی امید رکھوں تو بھی مجھے محروم کرے گا یا تیرے عفو کی پناہ لوں تو بھی مجھے ہٹا دے گا تیری ذات کریم سے بعید ہے کہ تو مجھے ناامید کرے۔ کاش میں جان سکتا کہ میری ماں نے مجھے بدبختی کے لئے جنا یا دکھ کے لئے پالا کاش وہ مجھے نہ جنتی اور مجھے نہ پالتی۔ کاش مجھے یہ علم ہوتا کہ تو نے مجھے نیک بختوں میں قرار دیا اور قرب و نزدیکی کے لئے مجھے خاص کیا ہے تو اس سے میری آنکھیں روشن اور دل مطمئن ہو جاتا۔

اے میرے معبود! کیا تو ان چہروں کو سیاہ کرے گا جو تیری بڑائی کو سجدے کرتے ہیں یا ان زبانوں کو گنگ کرنے گا جو تیری اونچی شان اور جلالت کی تعریف میں بولتی ہیں یا ان دلوں پر مہر لگائے گا جو اپنے اندر تیری محبت لئے ہوئے ہیں یا ان کانوں کو بہرا کرے گا جو تیرا ذکر سننے کی عزت حاصل کرتے ہیں یا ان ہاتھوں کو باندھے گا جن کو تیری رحمت کی امید نے تیرے حضور پھیلایا ہے یا ان بدنوں کو عذاب دے گا جنھوں نے تیری اطاعت کی حتی کہ اس کوشش میں لاغر ہو گئے یا ان پاؤں کو عذاب دے گا جو عبادت کے لئے دوڑتے ہیں۔

اِلٰهي لا تُغْلِقْ عَلىٰ مُوَحِّديكَ اَبْوابَ رَحْمَتِكَ، وَلا تَحْجُبْ مُشْتاقيكَ عَنِ النَّظَرِ اِلىٰ جَميلِ رُؤْيَتِكَ ؟

اِلٰهي نَفْسٌ اَعْزَزْتَها بِتَوحيدِكَ كَيْفَ تُذِلُّها بِمَهانَةِ هِجْرانِكَ ؟! وَ ضَميرٌ انْعَقَدَ على مَوَدَّتِكَ كَيْفَ تُحْرِقُهُ بِحَرارَةِ نيرانِكَ ؟!

اِلٰهي اَجِرْني مِنْ اَليمِ غَضَبِكَ وَعَظيمِ سَخَطِكَ.

يا حَنّانُ يا مَنّانُ يا رَحيمُ يا رَحْمٰنُ يا جَبّارُ يا قَهّارُ يا غَفّارُ يا سَتّارُ نَجِّني بِرَحْمَتِكَ مِنْ عَذابِ النّارِ، وَفَضيحَةِ الْعارِ، اِذَا امْتازَ [4] الْاَخْيارُ مِنَ الْاَشْرارِ، وَحالَتِ [5] الْاَحْوالُ، وَهالَتِ [6] الْاَهْوالُ، وَ قَرُبَ الْمُحْسِنُونَ، وَبَعُدَ الْمُسيئُونَ «وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ ما كَسَبَتْ وَهُمْ لا يُظْلَمُونَ» [7].

* * *

---

٤ــ امتاز: انفصل وانعزل.
٥ــ حالت: تغيّرت.
٦ــ هالت: انصبّت.
٧ــ ❊.

www.MinhajBooks.com

میرے معبود! جو تیری توحید کے پرستار ہیں ان پر رحمت کے دروازے بند نہ کرنا اور جو تیرا شوق دیدار رکھتے ہیں ان کو اپنی تجلیوں پر نظر کرنے سے محروم نہ کرنا۔

اے میرے معبود! جس جان کو تو نے اپنی توحید پر ایمان کی عزت دی کیونکر اسے دوری کی اہانت سے ذلیل کرے گا اور جس دل میں تیری محبت سمائی ہوئی ہے اس کو اپنی آگ کی تپش میں کس طرح جلائے گا۔

میرے معبود! مجھے دردناک غضب اور سخت ناراضی سے بچانا۔

اے محبت والے، اے احسان والے، اے مہربان، اے رحم والے، اے زبردست، اے غلبے والے، اے بخشنے والے، اے پردہ پوشی کرنے والے مجھ اپنی رحمت سے عذاب جہنم سے نجات دے رسوائی پر شرمندگی سے بچا جب نیک لوگ برے لوگوں سے الگ ہوں گے جب حالات دگرگوں ہوں گے اور خوف و خطر گھیر لیں گے اچھے لوگ قریب کئے جائیں گے اور برے لوگ دور کئے جائیں گے اور ہر نفس نے جو کیا وہ پائے گا اور ان پر ظلم نہیں ہو گا۔

# مناجاة الراجين

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمنِ الرَّحيمِ

يا مَنْ اِذا سَاَلَهُ عَبْدٌ اَعْطاهُ، وَاِذا اَمَّلَ ما عِنْدَهُ بَلَّغَهُ مُناهُ [١] وَاِذا اَقْبَلَ عَلَيْهِ قَرَّبَهُ وَاَدْناهُ، وَاِذا جاهَرَهُ بِالْعِصْيانِ سَتَرَ عَلى ذَنْبِهِ وَغَطّاهُ، وَاِذا تَوَكَّلَ عَلَيْهِ اَحْسَبَهُ [٢] وَكَفاهُ.

اِلهي مَنِ الَّذي نَزَلَ بِكَ مُلْتَمِساً قِراكَ [٣] فَما قَرَيْتَهُ ؟! وَمَنِ الَّذي اَناخَ بِبابِكَ مُرْتَجِياً نَداكَ [٤] فَما اَوْلَيْتَهُ ؟! اَيَحْسُنُ اَنْ اَرْجِعَ عَنْ بابِكَ بِالْخَيْبَةِ مَصْرُوفاً وَلَسْتُ اَعْرِفُ سِواكَ مَوْلىً بِالْاِحْسانِ مَوْصُوفاً ؟! كَيفَ اَرْجُو غَيْرَكَ وَالْخَيْرُ كُلُّهُ بِيَدِكَ ؟! وَكَيْفَ اُؤَمِّلُ سِواكَ وَالْخَلْقُ وَالْاَمْرُ لَكَ ؟! اَاَقْطَعُ رَجآئي مِنْكَ وَقَدْ اَوْلَيْتَني ما لَمْ اَسْاَلْهُ مِنْ فَضْلِكَ ؟ اَمْ تُفْقِرُني اِلى مِثْلي وَاَنا اَعْتَصِمُ [٥] بِحَبْلِكَ ؟!

يا مَنْ سَعِدَ بِرَحْمَتِهِ الْقاصِدُونَ ، وَلَمْ يَشْقَ بِنِقْمَتِهِ الْمُسْتَغْفِرُونَ كَيْفَ اَنْساكَ وَلَمْ تَزَلْ ذاكِري ؟! وَكَيْفَ اَلْهُو عَنْكَ وَاَنْتَ مُراقِبي ؟!

---

١ــ مناه: بغيته. ٢ــ أحسبه: أطعمه وأعطاه. ٣ــ قراك : ضيافتك .

٤ــ نداك : جودك وفضلك . ٥ــ أعتصم: أمتنع وأتمسّك .



www.MinhajBooks.com

# مناجاتِ راجین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِo

اے وہ کہ بندہ سوال کرے تو اسے دیتا ہے اور جب وہ کسی چیز کی امید رکھے تو اس کی آرزو پوری کرتا ہے جب وہ اس کی طرف بڑھے تو اسے قریب کر لیتا ہے جب وہ کھلم کھلا نافرمانی کرے تو اس کے گناہ پر پردہ ڈالتا اور ڈھانپتا ہے اور جب وہ اس پر بھروسہ کرے تو اس کی ضرورت پوری کرتا ہے۔

میرے معبود! کون ہے جو تیری بارگاہ میں مہمانی کا طالب ہو تو تو اس کی مہمانی نہیں کرتا کون ہے جو بخشش کی امید لے کر تیرے دروازے پر آئے تو تو اس پر احسان نہیں کرتا کیا یہ مناسب ہے کہ میں تیرے دروازے سے مایوسی کے ساتھ پلٹ جاؤں جبکہ میں تیرے سوا کوئی مولا نہیں پاتا جو احسان و کرم کرنے والا ہو پھر تیرے سوا کس سے امید رکھو جب ہر بھلائی تیرے ہاتھ میں ہے اور کیوں تیرے سوا کسی سے آرزو کروں جب تو ہی خلق و امر کا مالک ہے۔ آیا تجھ سے امید توڑ لوں جبکہ تو مجھے بغیر مانگے ہی اپنے کرم سے ہر چیز عطا فرماتا ہے تو کیا تو مجھ ایسے شخص کو کسی کا محتاج کرے گا جب میں تیرا دامن پکڑے ہوئے ہوں۔

اے وہ کہ جس نے اپنی رحمت سے قصد کرنے والوں کو بھلائی عطا کی اور جو معافی مانگنے والوں کو اپنے انتقام سے تنگی نہیں دیتا میں تجھے کیسے بھول جاؤں جب تیرے ذکر میں لگا رہتا ہوں کیسے تجھ سے غافل ہو جاؤں کہ تو میرا نگہبان ہے۔

اِلٰهي بِذَيْلِ كَرَمِكَ اَعْلَقْتُ يَدي، وَلِنَيْلِ عَطاياكَ بَسَطْتُ اَمَلي، فَاَخْلِصْني بِخالِصَةِ تَوْحيدِكَ، وَاجْعَلْني مِنْ صَفْوَةِ عَبيدِكَ.

يا مَنْ كُلُّ هارِبٍ اِلَيْهِ يَلْتَجِئُ، وَكُلُّ طالِبٍ اِيّاهُ يَرْتَجي، يا خَيْرَ مَرْجُوٍّ، وَيا اَكْرَمَ مَدْعُوٍّ، وَيا مَنْ لا يُرَدُّ سائِلُهُ، وَلا يُخَيَّبُ آمِلُهُ، يا مَنْ بابُهُ مَفْتُوحٌ لِداعيهِ، وَحِجابُهُ مَرْفُوعٌ لِراجيهِ.

اَسْاَلُكَ بِكَرَمِكَ اَنْ تَمُنَّ عَلَيَّ مِنْ عَطائِكَ بِما تَقَرُّ بِهِ عَيْني، وَمِنْ رَجائِكَ بِما تَطْمَئِنُّ بِهِ نَفْسي، وَمِنَ الْيَقينِ بِما تُهَوِّنُ [6] بِهِ عَلَيَّ مُصيباتِ الدُّنيا، وَتَجْلُو بِهِ عَنْ بَصيرَتي غَشَواتِ الْعَمىٰ، بِرَحْمَتِكَ يا اَرْحَمَ الرّاحِمينَ.

* * *

---

٦ــ تهوّن: تسهّل وتخفّف.

میرے معبود! میں نے اپنے ہاتھ تیرے دامن کرم سے لگا رکھے ہیں اور تیری عطاؤں کی آرزو کئے ہوئے ہوں پس مجھے اپنی توحید کے سچے پرستاروں میں شامل کر لے اور مجھے اپنے چنے ہوئے بندوں میں سے قرار دے۔

اے وہ کہ ہر بھاگ کر آنے والا جس کی پناہ لیتا ہے اور ہر طلبگار جس سے امید رکھتا ہے۔ اے بہترین امید بر لانے والے اے بہترین پکارے جانے والے اور وہ جو سائل کو رد نہیں کرتا اور وہ آرزومند کو مایوس نہیں کرتا اے وہ جس کا دروازہ پکارنے والے کے لئے کھلا ہے اور امیدوار کے لئے پردہ اٹھا ہوا ہے۔

تیرے کرم کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ مجھ پر اپنی عطا سے ایسا احسان فرما جس سے میری آنکھیں ٹھنڈی ہو جائیں اور ایسی امید عطا فرما کہ جس سے میرا دل مطمئن ہو جائے اور ایسا یقین عطا فرما کہ جس سے دنیا کی مصیبتیں میرے لئے ہلکی ہو جائیں اور میری سمجھ بوجھ پر سے تیری رحمت کے ساتھ نادانی کے پردے دور ہو جائیں تیری رحمت کے ساتھ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

﴿١٠﴾

# مناجاة الخاشعين

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحيمِ

اِلٰهي حَقِّقْ رَجآئي، وَآمِنْ خَوْفي،فَاِنَّ كَثْرَةَ ذُنُوبي لا اَرْجُو فيها اِلّا عَفْوَكَ .

سَيِّدي اَنَا اَسْأَلُكَ ما لا اَسْتَحِقُّ، وَاَنْتَ اَهْلُ التَّقْوىٰ وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ، فَاْغْفِرْ لي وَاَلْبِسْني مِن نَظَرِكَ ثَوْباً يُغَطِّي عَلَيَّ التَّبعاتِ، وَتَغْفِرُها لـي وَلا اُطالَبُ بِها اِنَّكَ ذُو مَنٍّ قَديمٍ،وَصَفْحٍ عَظيمٍ، وَتَجاوُزٍ كَريمٍ.

اِلٰهي اَنْتَ الَّذي تُفيضُ سَيْبَكَ عَلىٰ مَنْ لا يَسْأَلُكَ، وَعَلَى الْجاحِدينَ بِرُبُوبِيَّتِكَ، فَكَيْفَ سَيِّدي بِمَنْ سَأَلَكَ وَاَيْقَنَ اَنَّ الْخَلْقَ لَكَ وَالْاَمْرَ اِلَيْكَ ؟ تَبارَكْتَ وَتَعالَيْتَ يارَبَّ العالَمينَ.

سَيِّدي عَبْدُكَ بِبابِكَ اَقامَتْهُ الْخَصاصَةُ [٧٤] بَيْنَ يَدَيْكَ، يَقْرَعُ بابَ اِحْسانِكَ بِدُعآئِهِ، وَيَسْتَعْطِفُ جَميلَ نَظَرِكَ بِمَكْنُونِ رَجآئِهِ ، فَلا تُعْرِضْ بِوَجْهِكَ الْكَريمِ عَنّي، وَاَقْبَلْ مِنّي ما اَقُولُ، فَقَدْ دَعَوْتُكَ بِهٰذَا الدُّعآءِ، وَاَنَا اَرْجُو اَنْ لا تَرُدَّني مَعْرِفَةً مِنّي بِرَأْفَتِكَ وَرَحْمَتِكَ .

٧٤ـــ الخصاصة: العوز.

# مناجاتِ خاشعین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِo

میرے اللہ! میری امید پوری اور خوف سے امان دے، پس گناہوں کی کثرت میں تیرے عفو کے سوا مجھے کسی سے امید نہیں۔

میرے آقا! میں تجھ سے وہ کچھ مانگتا ہوں جس کا حقدار نہیں ہوں اور تو ڈھانپنے والا اور بخشنے والا ہے۔ پس مجھے بخش دے، تو اپنی نظر کرم سے مجھے ایسا لباس دے کہ جو میری خطاؤں کو چھپا لے تو وہ خطائیں معاف کردے کہ ان پر باز پرس نہ ہو۔ بے شک تو قدیمی نعمت والا بڑا درگزر کرنے والا اور مہربان معافی دینے والا ہے۔

میرے اللہ تو وہ ہے جو سوال نہ کرنے والوں اور اپنی ربوبیت کے منکر لوگوں کو بھی اپنے فیضِ کرم سے نوازتا ہے، تو میرے سردار کیونکر وہ محروم رہے گا جو تجھ سے مانگتا ہے اور یقین رکھتا ہے کہ پیدا کرنا اور حکم دینا خاص تیرے ہی لئے ہے، بابرکت اور بلند تر ہے تو اے جہانوں کے پالنے والے۔

اے میرے آقا! تیرا بندہ حاضر ہے جسے اس کی تنگی نے تیرے دروازے پر لاکھڑا کیا ہے، وہ اپنی دعا کے ذریعے تیرے احسان کا دروازہ کھٹکھٹا رہا ہے۔ پس اپنی ذات کے واسطے مجھے اپنی توجہ سے محروم نہ فرما اور میری عرض قبول کر لے، میں نے اس دعا کے ذریعے تجھے پکارا ہے، اور امید رکھتا ہوں کہ تو اسے رد نہ کرے گا کیونکہ مجھے مہربانی اور رحمت کی معرفت ہے۔

اِلٰهي اَنْتَ الَّذي لا يُحْفيكَ [75] سآئِلٌ، وَلا يَنْقُصُكَ نآئِلٌ، اَنْتَ كَما تَقُولُ وَ فَوْقَ مانَقُولُ.

اَللّٰهُمَّ اِنّي اَسْاَلُكَ صَبْراً جَميلاً، وَفَرَجاً قَريباً، وَقَوْلاً صادِقاً، وَاَجْراً عَظيماً، اَسْاَلُكَ يارَبِّ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهِ ما عَلِمْتُ مِنْهُ وَما لَمْ اَعْلَمْ، وَاَسْاَلُكَ اَللّٰهُمَّ مِنْ خَيْرِ ما سَاَلَكَ مِنْهُ عِبادُكَ الصّالِحُونَ،يا خَيْرَ مَنْ سُئِلَ وَاَجْوَدَ مَنْ اَعْطىٰ، اَعْطِني سُؤْلي في نَفْسي وَاَهْلي وَوالِدَيَّ وَوَلَدي وَاَهْلِ حُزانَتي وَاِخْواني فيكَ، وَاَرْغِدْ [76] عَيْشي، وَاَظْهِرْ مُرُوَّتي، وَاَصْلِحْ جَميعَ اَحْوالي، وَاجْعَلْني مِمَّنْ اَطَلْتَ عُمُرَهُ، وَحَسَّنْتَ عَمَلَهُ، وَاَتْمَمْتَ عَلَيْهِ نِعْمَتَكَ، وَرَضَيْتَ عَنْهُ، وَاَحْيَيْتَهُ حَياةً طَيِّبَةً في اَدْوَمِ السُّرُورِ وَاَسْبَغِ الْكَرامَةِ، وَاَتَمِّ الْعَيْشِ، اِنَّكَ تَفْعَلُ ما تَشآءُ، وَلا يَفْعَلُ ما يَشآءُ غَيْرُكَ.

اَللّٰهُمَّ خُصَّني مِنْكَ بِخاصَّةِ ذِكْرِكَ، وَلا تَجْعَلْ شَيْئاً مِمّا اَتَقَرَّبُ بِهِ اِلَيْكَ في آنآءِ اللَّيْلِ وَاَطْرافِ النَّهارِ رِيآءً وَلا سُمْعَةً وَلا اَشَراً وَلا بَطَراً، وَاجْعَلْني لَكَ مِنَ الْخاشِعينَ.

اَللّٰهُمَّ اَعْطِني السَّعَةَ فِى الرِّزْقِ، وَالْاَمْنَ فِى الْوَطَنِ، وَقُرَّةَ الْعَيْنِ فِى الْاَهْلِ وَالْمالِ وَالْوَلَدِ وَالْمَقامِ في نِعَمِكَ عِنْدي.

---

٧٥ــ يحفيك : يمنعك. ٧٦ــ أرغد: أوسع وطيّب.

میرے معبود! تو وہ ہے جس سے سائل کو اصرار نہیں کرنا پڑتا اور عطا کرنے سے تجھے کمی نہیں آتی، تو ایسا ہے جیسا تو بتاتا ہے اور اس سے بلند ہے جیسا ہم کہتے ہیں۔

اے معبود! میں مانگتا ہوں تجھ سے بہترین صبر جلد تر کشائش سچ بولنے کی توفیق اور بیش تر ثواب کی عطائیگی۔ اے پروردگار! میں تجھ سے ہر بھلائی کا سوالی ہوں، جسے تو جانتا ہے اور میں نہیں جانتا اے اللہ! میں تجھ سے وہ چیز مانگتا ہوں جو تیرے نیک بندے تجھ سے مانگتے ہیں۔ اے بہترین مسؤل اور عطا کرنے والوں میں بہترین، میں اپنے لئے اپنے کنبے اپنے والدین کے لئے، اپنی اولاد، تعلقداروں اور دینی بھائیوں کے لئے، جو چاہتا ہوں عطا فرما اور میری زندگی بہترین میری اچھائی ظاہر اور میرے تمام حالات کو سدھار دے اور مجھے ان لوگوں میں قرار دے جن کو تو نے لمبی عمر دی، ان کے عمل کو نیک گردانا ان کو اپنی بہت سی نعمتیں عطا کیں اور تو ان سے راضی ہو گیا اور ان کو پاکیزہ زندگی بخشی، جس میں وہ سدا خوش رہا کئے ان کو عزت دار بنایا اور بہتر گذران دی، کیونکہ خود تو جو چاہے کرتا ہے اور جو تیرا غیر چاہے تو وہ نہیں کرتا۔

اے معبود! مجھے اپنے ذکر کے ساتھ خاص فرما اور رات کے وقتوں اور دن کے گوشوں میں جس عمل سے تیرا تقرب چاہتا ہوں، اس میں میری طرف سے دکھاوا تعریف کی خواہش، خود ستائی اور بڑائی کا احساس نہ آنے دے اور مجھے ان میں قرار دے جو تجھ سے ڈرتے ہیں۔

اے معبود! مجھے روزی میں کشائش وطن میں امن اور میرے رشتہ داروں اور میرے مال اور میری اولاد کے بارے میں خنکی چشم عطا فرما۔

وَالصِّحَّةَ فِی الْجِسْمِ، وَالْقُوَّةَ فِی الْبَدَنِ، وَالسَّلامَةَ فِی الدِّينِ، وَاسْتَعْمِلْني بِطاعَتِكَ وَطاعَةِ رَسُولِكَ مُحَمَّدٍ [77] صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ اَبَداً مَا اسْتَعْمَرْتَني، وَاجْعَلْني مِنْ اَوْفَرِ عِبادِكَ عِنْدَكَ نَصيباً في كُلِّ خَيْرٍ اَنْزَلْتَهُ وَتُنْزِلُهُ في شَهْرِ رَمَضانَ في لَيْلَةِ الْقَدْرِ، وَما اَنْتَ مُنَزِّلُهُ في كُلِّ سَنَةٍ مِنْ رَحْمَةٍ تَنْشُرُها، وَعافِيَةٍ تُلْبِسُها، وَبَلِيَّةٍ تَدْفَعُها، وَحَسَناتٍ تَتَقَبَّلُها، وَسَيِّئاتٍ تَتَجاوَزُ عَنْها.

وَ ارْزُقْني حَجَّ بَيْتِكَ الْحَرامِ في عامِنا هٰذا وَفي كُلِّ عامٍ، وَارْزُقْني رِزْقاً واسِعاً مِنْ فَضْلِكَ الْواسِعِ، وَاصْرِفْ عَنّي يا سَيِّدي الْاَسْواءَ وَاقْضِ عَنِّی الدَّيْنَ وَالظُّلاماتِ حَتّىٰ لااَتَاَذّىٰ بِشَيْءٍ مِنْهُ، وَخُذْ عَنّي بِاَسْماعِ اَضْدادي، وَاَبْصارِ اَعْدائي وَحُسّادي وَالْباغينَ عَلَيَّ، وَانْصُرْني عَلَيْهِمْ، وَاَقِرَّ عَيْني، وَفَرِّحْ قَلْبي، وَحَقِّقْ ظَنّي، وَاجْعَلْ لي مِنْ هَمّي وَكَرْبي فَرَجاً وَمَخْرَجاً، وَاجْعَلْ مَنْ اَرادَني بِسُوءٍ مِنْ جَميعِ خَلْقِكَ تَحْتَ قَدَمي، وَاكْفِني شَرَّ الشَّيْطانِ، وَ شَرَّ السُّلْطانِ، وَسَيِّئاتِ عَمَلي وَطَهِّرْني مِنَ الذُّنُوبِ كُلِّها، وَاَجِرْني مِنَ النّارِ بِعَفْوِكَ، وَاَدْخِلْني الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِكَ، وَزَوِّجْني مِنَ الْحُورِ الْعِينِ بِفَضْلِكَ، وَاَلْحِقْني بِاَوْلِيائِكَ الصّالِحينَ مُحَمَّدٍ وَآلِهِ الْاَبْرارِ الطَّيِّبينَ الطّاهِرينَ الْاَخْيارِ، صَلَواتُكَ عَلَيْهِمْ وَعَلىٰ اَرْواحِهِمْ وَ اَجْسادِهِمْ، وَرَحْمَةُ اللهِ وَ بَرَكاتُهُ. يا اَرْحَمَ الرّاحِمينَ.

* * *

---

۷۷ــ محمد وأهل بيته «خ».

اور اپنی نعمتوں میں مجھے خصوصی حصہ بدن میں صحت و درستی بدن میں توانائی اور دین میں سلامتی عنایت فرما، اور مجھے ایسے عمل کی توفیق دے کہ میں تیری بندگی اور تیرے رسول حضرت محمد ﷺ کی فرمانبرداری میں رہوں۔ جب تک تو مجھے زندہ رکھے مجھے اپنے ان بندوں میں قرار دے، جن کا حصہ تیرے ہاں ان بھلائیوں میں بہت زیادہ ہے، جو تونے نازل کیں اور نازل کرتا ہے، ماہ رمضان میں اور شبِ قدر میں، اور جو تو ہر سال کے دوران نازل کرتا ہے، یعنی وہ رحمت جسے تو پھیلاتا ہے، وہ آرام جو تو دیتا ہے، وہ سختی جسے تو دور کرتا ہے، وہ نیکیاں جو تو قبول کرتا ہے، اور وہ گناہ جو تو معاف فرماتا ہے۔

اور مجھے اپنے محترم گھر کعبہ کا حج اس سال اور آئندہ سالوں میں بھی نصیب فرما، اور مجھ کو اپنے وسعت والے فضل سے کشادہ رزق دے اور اے میرے سردار! بری چیزوں کو مجھ سے دور رکھ، میرے قرض اور ناحق لی ہوئی چیزوں کو میری طرف سے لوٹا دے، حتیٰ کہ مجھ پر ایذا نہ رہے اور میرے دشمنوں حاسدوں اور مخالفوں کے کان اور آنکھیں میری طرف سے بند کر دے اور ان کے مقابل میری مدد فرما، میری آنکھیں ٹھنڈی کر اور میرے دل کو فرحت دے، میری تکلیف اور پریشانی کے دور ہو جانے کا ذریعہ پیدا کر دے۔ تیری ساری مخلوقات میں سے جو جو میرے لئے برا ارادہ رکھتا ہے اسے میرے پاؤں تلے ڈال دے اور شیطان و سلطان کی برائیوں اور برے اعمال سے بچنے میں میری مدد فرما اور مجھے سب گناہوں سے پاک صاف کر دے۔ اپنی درگذر کے ساتھ مجھے جہنم سے پناہ دے، اپنی رحمت سے مجھے جنت میں داخل کر، اپنے فضل سے سیاہ چشم خوش شکل حور کو میری بیوی بنا دے اور مجھے اپنے پیاروں نیکو کاروں کے ساتھ جگہ دے، جو حضرت محمد اور ان کی خوش اطوار آل میں وہ پاکیزہ شفاف اور پاک دل ہیں، تیری رحمت ہو ان پر ان کے جسموں پر اور ان کی روحوں پر اور رحمتِ خدا اور اس کی برکتیں۔ اے سب سے زیادہ رحم فرمانے والے۔

# مناجاة الراغبين

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اِلٰهي اِنْ كانَ قَلَّ زادي فِي الْمَسيرِ اِلَيْكَ ، فَلَقَدْ حَسُنَ ظَنّي بِالتَّوَكُّلِ عَلَيْكَ ، وَ اِنْ كانَ جُرْمي قَدْ اَخافَني مِنْ عُقُوبَتِكَ ، فَاِنَّ رَجآئي قَدْ اَشْعَرَني [1] بِالْاَمْنِ مِنْ نِقْمَتِكَ ، وَ اِنْ كانَ ذَنْبي قَدْ عَرَّضَني لِعِقابِكَ ، فَقَدْ آذَنَني [2] حُسْنُ ثِقَتي بِثَوابِكَ ، وَ اِنْ اَنامَتْنِي الْغَفْلَةُ عَنِ الْاِسْتِعْدادِ لِلِقآئِكَ ، فَقَدْ نَبَّهَتْنِي الْمَعْرِفَةُ بِكَرَمِكَ وَآلآئِكَ ، وَ اِنْ اَوْحَشَ مابَيْني وَبَيْنَكَ فَرْطُ [3] الْعِصْيانِ وَالطُّغْيانِ ، فَقَدْ آنَسَني بُشْرَى الْغُفْرانِ وَالرِّضْوانِ.

اَسْاَلُكَ بِسُبُحاتِ وَجْهِكَ [4] وَبِاَنْوارِ قُدْسِكَ ، وَ اَبْتَهِلُ اِلَيْكَ بِعَواطِفِ رَحْمَتِكَ [5] وَلَطآئِفِ بِرِّكَ ، اَنْ تُحَقِّقَ ظَنّي بِما اُؤَمِّلُهُ مِنْ جَزيلِ اِكْرامِكَ ، وَجَميلِ اِنْعامِكَ فِي الْقُرْبىٰ مِنْكَ وَالزُّلْفىٰ لَدَيْكَ وَالتَّمَتُّعِ بِالنَّظَرِ اِلَيْكَ ، وَها اَنَا مُتَعَرِّضٌ لِنَفَحاتِ رَوْحِكَ [6] وَعَطْفِكَ وَمُنْتَجِعٌ غَيْثَ جُودِكَ وَ لُطْفِكَ ، فارٌّ مِنْ سَخَطِكَ اِلىٰ رِضاكَ ، هارِبٌ

---

١ــ أشعرني: أخبرني. ٢ــ آذنني: أعلمني. ٤ــ سبحات وجهك : أنوار وجلال ذاتك .

٣ــ فرط: تجاوز الحدّ. ٥ــ رأفتك ورحمتك «خ». ٦ــ روحك : رحمتك .

﴿ ۱۱ ﴾

# مناجاتِ راغبین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِo

میرے معبود اگر تیری راہ میں سفر کے لئے میرا زادِ راہ کم ہے تو پھر بھی مجھے جو تجھ پر بھروسہ ہے اس کے باعث میں پرامید ہوں اور اگر میرا جرم مجھے تیری طرف کی سزا سے خوف دلاتا ہے تاہم تجھ سے میری امید مجھے تیرے انتقام سے بچ جانے کی نوید دیتی ہے اور اگر میرا گناہ مجھے تیری طرف کے عذاب کے سامنے لے آیا ہے لیکن تجھ پر میرا اعتماد تیرے ثواب سے آگاہ کرتا ہے اگر غفلت نے مجھے تیری ملاقات کے لائق نہیں رہنے دیا لیکن تیری نوازش اور تیری نعمتوں سے واقفیت نے مجھے بیدار کر دیا ہے اور اگر میرے اور تیرے درمیان میرے گناہوں اور سرکشیوں نے دوری پیدا کر دی ہے تو بھی تیری بخشش اور مہربانی کی خوشخبری نے مجھے تجھ سے مانوس کر دیا ہے۔

میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری ذات کی پاکیزگیوں اور تیرے انوار کی روشنیوں کے واسطے اور تیرے حضور زاری کرتا ہوں تیری رحمت کی نرمیوں احسان کی لطافتوں کے ذریعے کہ میرے خیال کو جما دے اس پر جس کی آرزو کرتا ہوں تیرے بڑے بڑے احسانوں اور پسندیدہ انعاموں میں سے کہ میں تیرے قریب ہو جاؤں اور تیرے نزدیک ہو جاؤ اور تیرے آستاں پر نظر ڈالو اور ہاں اب میں تیرے نسیم راحت کے انوار اور تیری مہربانی کا طالب ہوں اور تیری بخشائش اور لطف کے مینہ کا طلب گار ہوں میں تیری ناراضی سے تیری رضا کی طرف دوڑنے والا ہوں۔

مِنْكَ اِلَيْكَ ، راجٍ اَحْسَنَ ما لَدَيْكَ ، مُعَوِّلٌ [7] عَلىٰ مَواهِبِكَ ، مُفْتَقِرٌ اِلىٰ رِعايَتِكَ .

اِلٰهي ما بَدَأْتَ بِهِ مِنْ فَضْلِكَ فَتَمِّمْهُ، وَما وَهَبْتَ لي مِنْ كَرَمِكَ فَلا تَسْلِبْهُ، وَما سَتَرْتَهُ عَلَيَّ بِحِلْمِكَ فَلا تَهْتِكْهُ، وَما عَلِمْتَهُ مِنْ قَبيحِ فِعْلي فَاغْفِرْهُ.

اِلٰهِي اسْتَشْفَعْتُ بِكَ اِلَيْكَ ، وَاسْتَجَرْتُ بِكَ مِنْكَ ، اَتَيْتُكَ طامِعاً في اِحْسانِكَ ، راغِباً في امْتِنانِكَ ، مُسْتَسْقِياً وابِلَ [8] طَوْلِكَ ، مُسْتَمْطِراً غَمامَ فَضْلِكَ ، طالِباً مَرْضاتَكَ ، قاصِداً جَنابَكَ ، وارِداً شَريعَةَ رِفْدِكَ [9] مُلْتَمِساً سَنِيَّ [10] الْخَيْراتِ مِنْ عِنْدِكَ ، وافِداً اِلىٰ حَضْرَةِ جَمالِكَ ، مُريداً وَجْهَكَ ، طارِقاً بابَكَ ، مُسْتَكيناً لِعَظَمَتِكَ وَجَلالِكَ ، فَافْعَلْ بي ما اَنْتَ اَهْلُهُ مِنَ الْمَغْفِرَةِ وَالرَّحْمَةِ وَلا تَفْعَلْ بي ما اَنَا اَهْلُهُ مِنَ الْعَذابِ وَالنِّقْمَةِ بِرَحْمَتِكَ يا اَرْحَمَ الرّاحِمينَ.

* * *

٧ـ معوّل : معتمد. ٨ـ وابل: مطر شديد، متتابع. ٩ـ رفدك : معونتك وعطائك. ١٠ـ سنيّ: رفيع.

www.MinhajBooks.com

تجھ سے بھاگ کر تیری درگاہ میں امید لگائے ہوں اس چیز کی جو ہاں بہتر ہے مجھے تیری عطاؤں پر اعتماد ہے اور میں تیری رعایت کا محتاج ہوں۔

میرے معبود تو نے جس مہربانی کا آغاز کیا ہے اسے پورا فرما اور تو نے نوازش سے جو کچھ مجھے عطا فرمایا اسے نہ چھین اور اپنی ملائمت سے جو پردہ پوشی کی ہے وہ فاش نہ کر میرے جن برے کاموں کا تجھے علم ہے ان کی معافی دے۔

میرے معبود میں تیرے سامنے تجھی سے شفاعت کراتا ہوں اور تجھ سے تیری ہی ذات کی پناہ لیتا ہوں میں تیرے احسان کی خواہش میں تیرے پاس آیا ہوں تیری بخشش کی رغبت رکھتا ہوں میں تیرے فضل کے بادلوں سے تیری سخاوت کی بارش کا طلب گار ہوں تیری رضاؤں کا طالب تیری طرف قصد کرنے والا ہوں تیری قبولیت کے گھاٹ پر آیا ہوں تجھ سے روشن بھلائیاں مانگنے کو حاضر ہوں تیرے حضور جمال میں تیری ذات کی خاطر پیش ہوا ہوں تیرا دروازہ کھٹکھٹاتا ہوں تیری بڑائی و بزرگی کے سامنے عاجز ہوں پس میرے ساتھ وہ سلوک فرما جو تیرے لائق ہے وہ ہے بخشش و مہربانی اور مجھ سے وہ نہ کر جس کا میں اہل ہوں جو عذاب اور گناہوں کی سزا ہے تیری رحمت کا واسطہ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

# مناجاة المنيبين

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحيمِ

اَللّٰهُمَّ ياذَا الْمُـلْكِ الْمُتَـاَبّدِ بِالْخُلُودِ [1] وَالسُّلْطانِ الْمُمْتَنِعِ بِغَيْرِ جُنُودٍ وَلا اَعْوانٍ، والْعِزِّ الْباقي عَلىٰ مَرِّ الدُّهُورِ، وَ خَوالِـى [2] الْاَعْوامِ وَمَواضِى الْاَزْمانِ وَالْاَيّامِ، عَزَّ سُلْطانُكَ عِزّاً لاحَدَّ لَهُ بِاَوَّلِيَّةٍ، وَلا مُنْتَهىٰ لَهُ بِآخِرِيَّةٍ، وَٱسْتَعْلىٰ مُلْكُكَ عُلُوّاً سَقَطَتِ الْاَشْيـآءُ دُونَ بُلُوغِ اَمَدِهِ وَلا يَبْلُغُ اَدْنىٰ مَا ٱسْتَـأْثَرْتَ بِهِ مِنْ ذٰلِكَ اَقْصىٰ نَعْتِ النّاعِتينَ.

ضَلَّتْ فيكَ الصِّفاتُ، وَتَفَسَّخَتْ [3] دُونَكَ النُّعُوتُ، وَحارَتْ في كِبْرِيآئِكَ لَطآئِفُ الْاَوْهامِ.

كَذٰلِكَ اَنْتَ اللهُ الْاَوَّلُ في اَوَّلِيَّتِكَ، وَعلىٰ ذٰلِكَ اَنْتَ دآئِمٌ لا تَزُولُ وَاَنَا الْعَبْدُ الضَّعيفُ عَمَلاً، اَلْجَسِيمُ اَمَلاً، خَرَجَتْ مِنْ يَدَيَّ اَسْبابُ الْوُصُلاتِ اِلّا ما وَصَلَهُ رَحْمَتُكَ، وَتَقَطَّعَتْ عَنّي عِصَمُ الْآمالِ اِلّا ما اَنا مُعْتَصِمٌ بِهِ مِنْ عَفْوِكَ، قَلَّ عِنْدي ما اَعْتَدُّ بِهِ مِنْ طاعَتِكَ، وَكَثُرَ عَلَيَّ ما اَبُوءُ بِهِ [5] مِنْ مَعْصِيَتِكَ، وَلَنْ يَضيقَ عَلَيْكَ عَفْوٌ عَنْ عَبْدِكَ وَاِنْ اَسآءَ، فَٱعْفُ عَنّي.

---

١ــ الخلود: دوام البقاء. ٢ــ خوالي: سوالف ومواضي. ٣ــ تفسّخت: تقطعت وتمزّقت.

# مناجاتِ منیبین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ٥

اے اللہ! اے دائمی و ابدی بادشاہی والے اور لشکر و اعوان کے بغیر مضبوط فرمانروائی والے اور ایسی عزت و رفعت والے جو صدیوں، سالوں، زمانوں اور دنوں کے بیتنے گزرنے کے باوجود پائیندہ برقرار ہے۔ تیری بادشاہی ایسی غالب ہے جس کی ابتدا کی کوئی حد ہے اور نہ انتہا کا کوئی آخری کنارا ہے اور تیری جہانداری کا پایہ اتنا بلند ہے کہ تمام چیزیں اس کی بلندی کو چھونے سے قاصر ہیں اور تعریف کرنے والوں کی انتہائی تعریف تیری اس بلندی کے پست ترین درجہ تک بھی نہیں پہنچ سکتی جسے تو نے اپنے لئے مخصوص کیا ہے۔

صفتوں کے کارواں تیرے بارے میں سرگردان ہیں اور توصیفی الفاظ تیرے حقائق حال مدح تک پہنچنے سے عاجز ہیں اور نازک تصورات تیرے مقام کبریائی میں ششدر و حیران ہیں۔

تو وہ خدائے ازلی ہے جو ازل ہی سے ایسا ہے اور ہمیشہ بغیر زوال کے ایسا ہی رہے گا۔ میں تیرا وہ بندہ ہوں جس کا عمل کمزور اور سرمایہ امید زیادہ ہے۔ میرے ہاتھ سے تعلق و وابستگی کے رشتے جاتے رہے ہیں۔ مگر وہ رشتہ جسے تیری رحمت نے جوڑ دیا ہے اور امیدوں کے وسیلے بھی ایک ایک کر کے ٹوٹ گئے ہیں۔ مگر تیرے عفو و درگزر کا وسیلہ جس پر سہارا کئے ہوئے ہوں تیری اطاعت سے کسی شمار میں لاسکوں، نہ ہونے کے برابر ہے۔ اور وہ معصیت جس میں گرفتار ہوں بہت زیادہ ہے۔ تجھے اپنے کسی بندے کو معاف کر دینا اگرچہ وہ کتنا ہی برا کیوں نہ ہو دشوار نہیں ہے۔ تو پھر مجھے بھی معاف کر دے۔

اَللّٰهُمَّ وَقَدْ اَشْرَفَ عَلىٰ خَفايَا الْاَعْمالِ عِلْمُكَ، وَانْكَشَفَ كُلُّ مَسْتُورٍ دُونَ خُبْرِكَ وَ لا تَنْطَوي عَنْكَ دَقآئِقُ الْاُمُورِ، وَلا تَعْزُبُ عَنْكَ غَيِّباتُ السَّرآئِرِ.

وَ قَدِ اسْتَحْوَذَ عَلَيَّ عَدُوُّكَ الَّذي اسْتَنْظَرَكَ لِغَوايَتي فَاَنْظَرْتَهُ، وَاسْتَمْهَلَكَ اِلىٰ يَوْمِ الدّينِ لِاِضْلالي فَاَمْهَلْتَهُ، فَاَوْقَعَني وَقَدْ هَرَبْتُ اِلَيْكَ مِنْ صَغآئِرِ ذُنُوبٍ مُوبِقَةٍ وَكَبآئِرِ اَعْمالٍ مُرْدِيَةٍ.

حَتّىٰ اِذا قارَفْتُ مَعْصِيَتَكَ، وَاسْتَوْجَبْتُ بِسُوءِ سَعْيي سَخْطَتَكَ، فَتَلَ عَنّي عِذارَ غَدْرِهِ وَتَلَقّاني بِكَلِمَةِ كُفْرِهِ، وَتَوَلَّى الْبَرآءَةَ مِنّي، وَاَدْبَرَ مُوَلِّياً عَنّي، فَاَصْحَرَني لِغَضَبِكَ فَريداً، وَاَخْرَجَني اِلىٰ فِنآءِ نَقِمَتِكَ طَريداً، لا شَفيعٌ يَشْفَعُ لي اِلَيْكَ، وَلا خَفيرٌ يُؤْمِنُني عَلَيْكَ، وَلا حِصْنٌ يَحْجُبُني عَنْكَ، وَلا مَلاذٌ اَلْجَأُ اِلَيْهِ مِنْكَ.

فَهٰذا مَقامُ الْعآئِذِ بِكَ، وَمَحَلُّ الْمُعْتَرِفِ لَكَ، فَلا يَضيقَنَّ عَنّي فَضْلُكَ، وَلا يَقْصُرَنَّ دُوني عَفْوُكَ، وَلا اَكُنْ اَخْيَبَ عِبادِكَ التّآئِبينَ، وَلا اَقْنَطَ وُفُودِكَ الْآمِلينَ، وَاغْفِرْ لي، اِنَّكَ خَيْرُ الْغافِرينَ.

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ اَمَرْتَني فَتَرَكْتُ، وَنَهَيْتَني فَرَكِبْتُ، وَسَوَّلَ لِيَ الْخَطاءَ خاطِرُ السُّوءِ فَفَرَّطْتُ وَلا اَسْتَشْهِدُ عَلىٰ صِيامي نَهاراً، وَلا اَسْتَجيرُ بِتَهَجُّدي لَيْلاً، وَلا تُثْني عَلَيَّ بِاِحْيآئِها سُنَّةٌ، حاشىٰ فُرُوضِكَ الَّتي مَنْ

اے اللہ تیرا علم تمام پوشیدہ اعمال پر محیط ہے اور تیرے علم و اطلاع کے آگے ہر مخفی چیز ظاہر و آشکارا ہے اور باریک سے باریک چیزیں بھی تیری نظر سے پوشیدہ نہیں ہیں اور نہ راز ہائے درون پردہ تجھ سے مخفی ہیں۔

تیرا وہ دشمن جس نے میرے بے راہرو ہونے کے سلسلہ میں تجھ سے مہلت مانگی اور تو نے اسے مہلت دی اور مجھے گمراہ کرنے کے لئے روز قیامت تک فرصت طلب کی اور تو نے اسے فرصت دی مجھ پر غالب آ گیا ہے۔ اور جبکہ میں ہلاکت کرنے والے صغیرہ گناہوں اور تباہ کرنے والے کبیرہ گناہوں سے تیرے دامن میں پناہ لینے کے لئے بڑھ رہا تھا۔

اس نے مجھے آ گرایا اور جب میں گناہ کا مرتکب ہوا اور اپنی بداعمالی کی وجہ سے تیری ناراضگی کا مستحق بنا تو اس نے اپنے حیلہ و فریب کی باگ مجھ سے موڑ لی اور اپنے کلمہ کفر کے ساتھ میرے سامنے آ گیا اور مجھ سے بیزاری کا اظہار کیا اور میری جانب سے پیٹھ پھرا کر چل دیا اور مجھے کھلے میدان میں تیرے غضب کے سامنے اکیلا چھوڑ دیا اور تیرے انتقام کی منزل میں مجھے کھینچ تان کر لے آیا۔ اس حالت میں کہ نہ کوئی سفارش کرنے والا تھا جو تجھ سے میری سفارش کرے اور نہ کوئی پناہ دینے والا تھا۔

جو مجھے تیرے عذاب سے ڈھارس دے اور نہ کوئی چار دیواری تھی جو مجھے تیری نگاہوں سے چھپا سکے اور نہ کوئی پناہ گاہ تھی جہاں تیرے خوف سے پناہ لے سکوں۔ گناہوں کے اعتراف کرنے کا۔ لہٰذا ایسا نہ ہو کہ تیرے دامن فضل (کی وسعتیں) میرے لئے تنگ ہو جائیں اور عفو درگذر بھی مجھ تک پہنچنے ہی نہ پائے اور نہ توبہ گزار بندوں میں سب سے زیادہ ناکام ثابت ہوں اور نہ تیرے پاس امیدیں لے کر آنے والوں میں سب سے زیادہ ناامید رہوں (بار الہا!) مجھے بخش دے اس لئے کہ تو بخشنے والوں میں سب سے بہتر ہے۔

اے اللہ! تو نے مجھے (اطاعت کا) حکم دیا مگر میں اسے بجا نہ لایا اور (برے اعمال سے) مجھے روکا مگر ان کا مرتکب ہوتا رہا اور برے خیالات نے جب گناہ کو خوشنما کر کے دکھایا تو (تیرے احکام میں) کوتاہی کی۔ میں نہ روزہ رکھنے کی وجہ سے دن کو گواہ بنا سکتا ہوں اور نہ نمازِ شب کی وجہ سے رات کو اپنی سپر بنا سکتا ہوں اور نہ کسی سنت کو میں نے زندہ کیا ہے کہ

ضَيَّعَها هَلَكَ ، وَلَسْتُ اَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ بِفَضْلِ نافِلَةٍ مَعَ كَثيرِ ما اَغْفَلْتُ مِنْ وَظآئِفِ فُرُوضِكَ ،وَتَعَدَّيْتُ عَنْ مَقاماتِ حُدُودِكَ اِلٰى حُرُماتٍ اَنْتَهَكْتُها ، وَكَبآئِرِ ذُنُوبٍ اَجْتَرَحْتُها كانَتْ عافِيَتُكَ لي مِنْ فَضائِحِها سِتْراً.

وَ هٰذا مَقامُ مَنِ اَسْتَحْيىٰ لِنَفْسِهِ مِنْكَ ، وَسَخِطَ عَلَيْها، وَرَضِيَ عَنْكَ ، فَتَلَقّاكَ بِنَفْسٍ خاشِعَةٍ ، وَرَقَبَةٍ خاضِعَةٍ ، وَظَهْرٍ مُثْقَلٍ مِنَ الخَطايا ، واقِفاً بَيْنَ الرَّغْبَةِ اِلَيْكَ وَالرَّهْبَةِ مِنْكَ ، وَاَنْتَ اَوْلٰى مَنْ رَجاهُ، وَاَحَقُّ مَنْ خَشِيَهُ وَاَتَّقاهُ ، فَاَعْطِني يارَبِّ مارَجَوْتُ ، وَآمِنّي ماحَذَرْتُ، وَعُدْعَلَيَّ بِعائِدَةِ رَحْمَتِكَ ، اِنَّكَ اَكْرَمُ الْمَسْؤولينَ.

اَللّٰهُمَّ وَاِذْ سَتَرْتَني بِعَفْوِكَ ، وَتَغَمَّدْتَني بِفَضْلِكَ في دارِالْفَناءِ بِحَضْرَةِ الْاَكْفاءِ فَاَجِرْني مِنْ فَضيحاتِ دارِ الْبَقاءِ، عِنْدَ مَواقِفِ الْاَشْهادِ مِنَ الْمَلآئِكَةِ الْمُقَرَّبينَ، وَالرُّسُلِ الْمُكَرَّمينَ، وَالشُّهَداءِ وَالصّالِحينَ، مِنْ جارٍ كُنْتُ اُكاتِمُهُ سَيِّئاتي، وَمِنْ ذي رَحِمٍ كُنْتُ اَحْتَشِمُ مِنْهُ في سَريراتي.

لَمْ اَثِقْ بِهِمْ رَبِّ فِي السِّتْرِ عَلَيَّ، وَوَثِقْتُ بِكَ رَبِّ فِي الْمَغْفِرَةِ لي ، وَاَنْتَ اَوْلٰى مَنْ وُثِقَ بِهِ ، وَاَعْطىٰ مَنْ رُغِبَ اِلَيْهِ ، وَاَرْاَفُ مَنِ اَسْتُرْحِمَ، فَاَرْحَمْني.

www.MinhajBooks.com

اس سے تحسین وثناء کی توقع کروں۔ سوائے تیرے واجبات کے کہ جو انہیں ضائع کرے وہ بہر حال ہلاک وتباہ ہوگا اور نوافل کے فضل وشرف کی وجہ سے بھی تجھ سے توسل نہیں کرسکتا درصورت یہ کہ تیرے واجبات کے بہت سے شرائط سے غفلت کرتا رہا اور تیرے احکام کے حدود سے تجاوز کرتا ہوا محارم شریعت کا دامن چاک کرتا رہا اور کبیرہ گناہوں کا مرتکب ہوتا رہا جن کی رسوائیوں سے صرف تیرا دامنِ عفو ورحمت پردہ پوش رہا۔

یہ (میرا موقف) اس شخص کا موقف ہے جو تجھ سے شرم وحیا کرتے ہوئے اپنے نفس کو برائیوں سے روکتا ہو اور اس پر ناراض ہو اور تجھ سے راضی ہو اور تیرے سامنے خوفزدہ دل، خمیدہ گردن اور گناہوں سے بوجھل پیٹھ کے ساتھ امید وبیم کی حالت میں ایستادہ ہو۔ اور تو ان سب سے زیادہ سزاوار ہے جن سے اس نے آس لگائی اور ان سب سے زیادہ حقدار ہے جن سے وہ ہراساں و خائف ہوا اے میرے پروردگار! جب یہی حالت میری ہے تو مجھے بھی وہ چیز مرحمت فرما جس کا میں امیدوار ہوں اور اس چیز سے مطمئن کر جس سے خائف ہوں اور اپنی رحمت کے انعام سے مجھ پر احسان فرما۔ اس لئے کہ تو ان تمام لوگوں سے جن سے سوال کیا جاتا ہے زیادہ سخی وکریم ہے۔

اے اللہ! جب کہ تونے مجھے اپنے دامن عفو میں چھپا لیا ہے اور ہمسروں کے سامنے اس دارِ فنا میں فضل وکرم کا جامہ پہنایا ہے تو دارِ بقا کی رسوائیوں سے بھی پنا دے۔ اس مقام پر کہ جہاں مقرب فرشتے، معزز و باوقار پیغمبر، شہید و صالح افراد سب حاضر ہوں گے۔ کچھ تو ہمسائے ہوں گے جن سے میں اپنی برائیوں کو چھپاتا رہا ہوں اور کچھ خویش و اقارب ہوں گے جن سے میں اپنے پوشیدہ کاموں میں شرم وحیا کرتا رہا ہوں۔

اے میرے پروردگار! میں نے اپنی پردہ پوشی میں ان پر بھروسا نہیں کیا اور مغفرت کے بارے میں پروردگارا تجھ پر اعتماد کیا ہے اور تو ان تمام لوگوں جس پر اعتماد کیا جاتا ہے زیادہ سزاوارِ اعتماد ہے اور ان سب سے زیادہ عطا کرنے والا ہے جن کی طرف رجوع ہوا جاتا ہے اور ان سب سے زیادہ مہربان ہے جن سے رحم کی التجا کی جاتی ہے۔ لہٰذا مجھ پر رحم فرما۔

اَللّٰهُمَّ وَ اَنْتَ حَدَرْتَني ماۤءً مَهيناً، مِنْ صُلْبٍ مُتَضاۤيِقِ الْعِظامِ حَرِجِ الْمَسالِكِ اِلىٰ رَحِمٍ ضَيِّقَةٍ، سَتَرْتَها بِالْحُجُبِ، تُصَرِّفُني حالاً عَنْ حالٍ، حَتّٰى انْتَهَيْتَ بي اِلىٰ تَمام الصُّورَةِ، وَاَثْبَتَّ فِيَّ الْجَوارِحَ كَمانَعَتَّ في كِتابِكَ «نُطْفَةً ثُمَّ عَلَقَةً ثُمَّ مُضْغَةً ثُمَّ عِظاماً ثُمَّ كَسَوْتَ الْعِظامَ لَحماً، ثُمَّ اَنْشَأْتَني خَلْقاً آخَرَ» كَما شِئْتَ.

حَتّٰى اِذَا احْتَجْتُ اِلىٰ رِزْقِكَ،وَلَمْ اَسْتَغْنِ عَنْ غِياثِ فَضْلِكَ جَعَلْتَ لي قُوتاً مِنْ فَضْلِ طَعامٍ وَشَرابٍ اَجْرَيْتَهُ لِاَمَتِكَ الَّتي اَسْكَنْتَني جَوْفَها، وَاَوْدَعْتَني قَرارَرَحِمِها، وَلَوْ تَكِلْني يارَبِّ في تِلْكَ الْحالاتِ اِلىٰ حَوْلي، اَوْ تَضْطَرُّني اِلىٰ قُوَّتي، لَكانَ الْحَوْلُ عَنّي مُعْتَزِلاً، وَلَكانَتِ الْقُوَّةُ مِنّي بَعيدَةً، فَغَذَوْتَني [٢٨] بِفَضْلِكَ غِذاۤءَ الْبَرِّ [٢٩] اللَّطيفِ، تَفْعَلُ ذٰلِكَ بي تَطَوُّلاً عَلَيَّ اِلىٰ غايَتي هٰذِهِ لا اَعْدَمُ بِرَّكَ، وَلايُبْطِئُ بي حُسْنُ صَنيعِكَ، وَلا تَتَاَكَّدُ مَعَ ذٰلِكَ ثِقَتي فَاَتَفَرَّغَ لِما هُوَاَحْظىٰ لي عِنْدَكَ.

قَدْ مَلَكَ الشَّيْطانُ عِناني في سُوءِ الظَّنِّ وَضَعْفِ الْيَقينِ، فَاَنا اَشْكُو سُوءَ مُجاوَرَتِهِ لي، وَطاعَةَ نَفْسي لَهُ، وَاَسْتَعْصِمُكَ مِنْ مَلَكَتِهِ، وَاَتَضَرَّعُ اِلَيْكَ في صَرْفِ كَيْدِهِ عَنّي، وَاَسْاَلُكَ في اَنْ [٣٠] تُسَهِّلَ اِلىٰ رِزْقي سَبيلاً.

فَلَكَ الْحَمْدُ عَلَى ابْتِداۤئِكَ بِالنِّعَمِ الْجِسامِ، وَاِلْهامِكَ الشُّكْرَ عَلَى

---

٢٨ـ غذوتني: أطعمتني. ٢٩ـ البَرّ: المحسن العطوف. ٣٠ـ وأتضرّع إليك في أن «خ».

اے اللہ! تو نے مجھے باہم پیوستہ ہڈیوں اور تنگ راہوں والی صلب سے تنگ نائے رحم میں کہ جسے تو نے پردوں میں چھپا رکھا ہے ایک ذلیل پانی (نطفہ) کی صورت میں اتارا جہاں تو مجھے ایک حالت سے دوسرے حالت کی طرف منتقل کرتا رہا یہاں تک کہ تو نے مجھے اس حد تک پہنچا دیا جہاں میری صورت کی تکمیل ہوگئی۔ پھر مجھ میں اعضاء و جوارح ودیعت کئے جیسا کہ تو نے اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے کہ (میں) پہلے نطفہ تھا پھر منجمد خون ہوا، پھر گوشت کا ایک لوتھڑا، پھر ہڈیوں کا ایک ڈھانچہ، پھر ان ہڈیوں پر گوشت کی تہیں چڑھا دیں۔ پھر جیسا تو نے چاہا ایک دوسری طرح کی مخلوق بنا دیا۔

اور جب میں تیری روزی کا محتاج ہوا اور تیرے لطف و احسان کی دستگیری سے بے نیاز نہ رہ سکا تو تو نے اس بچے ہوئے کھانے پانی میں سے جسے تو نے اس کنیز کے لئے جاری کیا تھا جس کے شکم میں تو نے مجھے ٹھہرا دیا اور جس کے رحم میں مجھے ودیعت کیا تھا میری روزی کا سروسامان کردیا۔ اے میرے پروردگار ان حالات میں اگر تو خود میری تدبیر پر مجھے چھوڑ دیتا یا میری ہی قوت کے حوالے کر دیتا تو تدبیر مجھ سے کنارا کش اور قوت مجھ سے دور رہتی۔ مگر تو نے اپنے فضل و احسان سے ایک شفیق و مہربان کی طرح میری پرورش کا اہتمام کیا جس کا تیرے فضل بے پایاں کی بدولت اس وقت تک سلسلہ جاری ہے کہ نہ تیرے حسن سلوک سے کبھی محروم رہا اور نہ تیرے احسانات میں کبھی تاخیر ہوئی لیکن اس کے باوجود یقین و اعتماد قوی نہ ہوا کہ میں صرف اسی کام کے لئے وقف ہو جاتا جو تیرے نزدیک میرے لئے زیادہ سودمند ہے۔

(اس بے یقینی کا سبب یہ ہے کے) بدگمانی اور کمزوری، یقین کے سلسلہ میں میری باگ شیطان کے ہاتھ میں ہے اس لئے میں اس کی بدہمسائیگی اور اپنے نفس کی فرمانبرداری کا شکوہ کرتا ہوں اور اس کے تسلط سے تیرے دامن میں حفظ ونگہداشت کا طالب ہوں۔ اور تجھ سے عاجزی کے ساتھ التجا کرتا ہوں کہ اس کے مکر وفریب کا رخ مجھ سے موڑے دے اور تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ میرے روزی کی آسان سبیل پیدا کر دے۔

تیرے ہی لئے حمد و ستائش ہے کہ تو نے ازخود بلند پایہ نعمتیں عطا کیں اور

الْإِحْسانِ وَ الْإِنْعامِ، فَصَلِّ عَلىٰ مُحَمَّدٍ وَآلِهِ صَحْبِهِ وَسَهِّلْ عَلَيَّ رِزْقِي، وَاَنْ تُقَنِّعَني بِتَقْدِيرِكَ لِي، وَاَنْ تُرْضِيَنِي بِحِصَّتِي فيما قَسَمْتَ لي، وَاَنْ تَجْعَلَ ما ذَهَبَ مِنْ جِسْمي وَعُمُرِي في سَبيلِ طاعَتِكَ، اِنَّكَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ.

* * *

www.MinhajBooks.com

احسان و انعام پر (دل میں) شکر کا القاء کیا۔ تو محمد اور ان کی آل پر اور ان کے اصحاب پر رحمت نازل فرما اور میرے لئے روزی سہل و آسان کر دے۔ اور جو اندازہ میرے لئے مقرر کیا ہے اس پر قناعت کی توفیق دے اور جو حصہ میرے لئے معین کیا ہے اس پر مجھے راضی کردے اور جو جسم کام میں آ چکا اور جو عمر گزر چکی ہے اسے اپنی اطاعت کی راہ میں محسوب فرما۔ بلاشبہ تو اسباب رزق مہیا کرنے والوں میں سب سے بہتر ہے۔

# مناجاة المتذلّلين

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

مَوْلايَ مَوْلايَ أَنْتَ الْمَوْلىٰ وَأَنَا الْعَبْدُ، وَهَلْ يَرْحَمُ الْعَبْدَ إِلَّا الْمَوْلىٰ ؟!

مَوْلايَ مَوْلايَ أَنْتَ الْعَزِيزُ وَأَنَا الذَّلِيلُ، وَهَلْ يَرْحَمُ الذَّلِيلَ إِلَّا الْعَزِيزُ؟!

مَوْلايَ مَوْلايَ أَنْتَ الْخالِقُ وَأَنَا الْمَخْلُوقُ، وَهَلْ يَرْحَمُ الْمَخْلُوقَ إِلَّا الْخالِقُ؟!

مَوْلايَ مَوْلايَ أَنْتَ الْمُعْطي وَأَنَا السَّائِلُ، وَهَلْ يَرْحَمُ السَّائِلَ إِلَّا الْمُعْطي ؟!

مَوْلايَ مَوْلايَ أَنْتَ الْمُغِيثُ وَأَنَا الْمُسْتَغِيثُ، وَهَلْ يَرْحَمُ الْمُسْتَغِيثَ إِلَّا الْمُغِيثُ ؟!

مَوْلايَ مَوْلايَ أَنْتَ الْباقي وَأَنَا الْفاني، وَهَلْ يَرْحَمُ الْفانيَ إِلَّا الْباقي؟

مَوْلايَ مَوْلايَ أَنْتَ الدَّائِمُ وَأَنَا الزَّائِلُ، وَهَلْ يَرْحَمُ الزَّائِلَ إِلَّا الدَّائِمُ ؟!

مَوْلايَ مَوْلايَ أَنْتَ الْحَيُّ وَأَنَا الْمَيِّتُ، وَهَلْ يَرْحَمُ الْمَيِّتَ إِلَّا الْحَيُّ ؟!

مَوْلايَ مَوْلايَ أَنْتَ الْقَوِيُّ وَأَنَا الضَّعِيفُ، وَهَلْ يَرْحَمُ الضَّعِيفَ إِلَّا الْقَوِيُّ ؟!

مَوْلايَ مَوْلايَ أَنْتَ الْغَنِيُّ وَأَنَا الْفَقِيرُ، وَهَلْ يَرْحَمُ الْفَقِيرَ إِلَّا الْغَنِيُّ ؟!

مَوْلايَ مَوْلايَ أَنْتَ الْكَبِيرُ وَأَنَا الصَّغِيرُ، وَهَلْ يَرْحَمُ الصَّغِيرَ إِلَّا الْكَبِيرُ؟!

مَوْلايَ مَوْلايَ أَنْتَ الْمالِكُ وَأَنَا الْمَمْلُوكُ، وَهَلْ يَرْحَمُ الْمَمْلُوكَ إِلَّا الْمالِكُ؟!

www.MinhajBooks.com

﴿ ۱۳ ﴾

# مناجاتِ متذللین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِo

اے میرے آقا! اے میرے مالک تو آقا ہے اور میں بندہ اور بندے پر آقا کے سوا کون رحم کھائے گا۔ میرے مولا! میرے آقا! تو عزت والا ہے اور میں ذلیل اور ذلیل پر عزت دار کے علاوہ اور کون رحم کرے گا۔ میرے مالک! میرے مالک! تو خالق ہے اور میں مخلوق اور مخلوق پر خالق کے سوا کون ترس کھائے گا۔ میرے مولا! میرے مولا! تو عطا کرنے والا ہے اور میں سوالی اور سائل پر عطا کرنے والا کے علاوہ کون مہربانی کرے گا۔ میرے آقا! میرے آقا! تو فریادرس ہے اور میں فریادی۔ اور میں فریادی پر فریادرس کے علاوہ کون رحم کرے گا۔

میرے مالک! میرے مالک! تو باقی ہے اور میں فانی اور فانی پر دائم و جاوید کے علاوہ کون رحم کرے گا۔

میرے مولا! میرے مولا! تو زندہ ہے اور میں مردہ۔ اور مردہ پر زندہ کے سوا کون ترس کھائے گا۔

میرے مالک! میرے مالک! تو طاقتور ہے میں کمزور۔ اور کمزور پر طاقتور کے علاوہ کون رحم کرے گا۔

میرے مولا! میرے مالک! تو غنی کے علاوہ میں تہی دست اور تہی دست پر غنی کے علاوہ کون رحم کھائے گا۔

میرے آقا! میرے آقا! تو بڑا ہے اور میں چھوٹا اور چھوٹے پر بڑے کے سوا کون نظر شفقت کرے گا۔

میرے مولا! میرے مولا! تو مالک ہے اور میں غلام اور غلام پر مالک کے سوا کون مہربانی کرے گا۔

يا مَنْ يَـمْلِكُ حَوآئِجَ السّآئِلينَ ، وَ يَعْلَمُ ضَميرَ الصّامِتينَ ، لِكُـلِّ مَسْاَلَـةٍ مِنْكَ سَمْعٌ حاضِرٌ، وَجوابٌ عَتيدٌ [1] اَللّٰهُمَّ وَمَواعيدُكَ الصّادِقَـةُ، وَاَياديكَ الْفاضِلَـةُ ، وَرَحْمَتُكَ الْواسِعَـةُ.

فَأَسْاَلُـكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلىٰ مُحَمَّدٍ وَآلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَ سَلَّمْ ، وَاَنْ تَقْضِيَ حَوآئِجي لِلدُّنْيا وَالْاٰخِرَةِ، اِنَّـكَ عَلىٰ كُـلِّ شَيْ ءٍ قَديرٌ.

* * *

www.MinhajBooks.com

اے وہ جو سوالیوں کی حاجتوں کا مالک ہے اور خاموش لوگوں کے دلوں کی باتیں جانتا ہے ہر وہ سوال جو تجھ سے کیا جائے، تیرا کان اسے سنتا ہے اور اس کا جواب تیار ہے اے معبود تیرے سب وعدے یقینًا سچے ہیں تیری نعمتیں بہت عمدہ ہیں اور تیری رحمت بڑی وسیع ہے۔

پس میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ رحمت نازل فرما محمد ﷺ و آل محمد ﷺ پر اور ان کے اصحاب پر اور یہ کہ میری دنیا اور آخرت کی حاجتیں پوری فرما بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

# مناجاة المفتقرين

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحيمِ

اِلٰهي كَسْري لا يَجْبُرُهُ اِلّا لُطْفُكَ وَحَنانُكَ، وَفَقْري لايُغْنيهِ اِلّا عَطْفُكَ وَاِحْسانُكَ، وَرَوْعَتي لا يُسَكِّنُها اِلّا اَمانُكَ، وَذِلَّتي لا يُعِزُّها اِلّا سُلْطانُكَ، وَاُمْنِيَتي لا يُبَلِّغُنيها اِلّا فَضْلُكَ، وَخَلَّتي لايَسُدُّها اِلّا طَوْلُكَ، وَحاجَتي لا يَقْضيها غَيْرُكَ، وَكَرْبي لا يُفَرِّجُهُ سِوىٰ رَحْمَتِكَ، وَضُرّي لايَكْشِفُهُ غَيْرُ رَأْفَتِكَ، وَغُلَّتي لايُبَرِّدُها اِلّا وَصْلُكَ، وَلَوْعَتي [١] لا يُطْفيها اِلّا لِقآؤُكَ، وَشَوْقي اِلَيْكَ لايَبُلُّهُ [٢] اِلّا النَّظَرُ اِلىٰ وَجْهِكَ، وَقَراري لا يَقِرُّ دُونَ دُنُوّي مِنْكَ، وَلَهْفَتي لا يَرُدُّها اِلّا رَوْحُكَ، وَسَقَمي لا يَشْفيهِ اِلّا طِبُّكَ، وَغَمّي لا يُزيلُهُ اِلّا قُرْبُكَ، وَجُرحي [٣] لا يُبْرِئُهُ اِلّا صَفْحُكَ، وَرَيْنُ قَلْبي لا يَجْلُوهُ اِلّا عَفْوُكَ، وَوَسْواسُ صَدْري لا يُزيحُهُ اِلّا اَمْرُكَ.

فَيامُنْتَهىٰ اَمَلِ الْآمِلينَ، وَياغايَةَ سُؤْلِ السّآئِلينَ، وَيا اَقْصىٰ طَلِبَةِ الطّالِبينَ، وَ يا اَعْلىٰ رَغْبَةِ الرّاغِبينَ، وَيا وَلِيَّ الصّالحينَ، وَيا اَمانَ

---

١ـ لوعتي: حرقتي. ٢ـ لايبله: لايشفيه. ٣ـ وجرمي «خ».

# مناجاتِ مفتقرین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِo

میرے معبود کوئی میری شکستگی کو (بحال) برنہیں کر سکتا مگر تیرا لطف و مہربانی اور مجھے محتاجی سے کوئی نہیں نکال سکتا مگر تیری نوازش اور تیرا احسان کوئی میرے خوف کو سکوں میں نہیں بدل سکتا مگر تیری پناہ میری ذلت کو عزت سے نہیں بدل سکتا مگر تیری قوت میری آرزو پوری نہیں ہوسکتی مگر تیرے فضل سے میری حاجت برنہیں آتی مگر تیری بخشش کوئی میری ضرورت پوری نہیں کرتا سوائے تیرے میری مصیبت نہیں کٹتی بجز اس کے کہ تو رحمت فرمائے میری بے چارگی رفع نہیں ہوتی سوائے تیری مہربانی کے میرے سینے کی جلن کو تیرا ہی وصال ٹھنڈا کر سکتا ہے میرے سوز دل کو تیری ملاقات ہی سرد کر سکتی ہے میرے شوق کو تیرے جلوے کا نظارہ ہی تسکین دے سکتا ہے سوائے تیرے قرب کے مجھے قرار نہیں مل سکتا میرے رنج وغم کو تیری خوشنودی ہی مٹا سکتی ہے اور میری بیماری دور نہیں ہوئی مگر تیری دوا سے میرا غم نہیں جاتا مگر تیرے قرب سے تیری ہی چشم پوشی میرے زخم کو اچھا کر سکتی ہے تیرا عفو ہی میرے دل کے میل کو صاف کر سکتا ہے تیرے ہی حکم سے میرے سینے کا وہم دور ہوسکتا ہے۔

پس اے امید کرنے والوں کی امید کی انتہا اے سوالیوں کے سوال کی انتہا اے طلب کرنے والوں کی انتہائی طلب اے رغبت کرنے والوں کی رغبت سے بالاتر اے نیکوکاروں کے سرپرست۔ اے ڈرے ہوؤں کی پناہ گاہ اے بے قراروں کی دعائیں

الْخآئِفينَ، وَيا مُجيبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرّينَ ، وَياذُخْرَ الْمُعْدَمينَ، وَيا كَنْزَ الْبآئِسينَ، وَيا غِياثَ الْمُسْتَغيثينَ، وَ يا قاضِيَ حَوآئِجِ الْفُقَرآءِ وَالْمساكينِ، وَيا اَكْرَمَ الْاَكْرَمينَ، وَيا اَرْحَمَ الرّاحِمينَ.

لَكَ تَخَضُّعي وَسُؤالي، وَاِلَيْكَ تَضَرُّعي وَاْبْتِهالي.

اَسْاَ لُكَ اَنْ تُنيلَني مِنْ رَوْحِ رِضْوانِكَ، وَتُديمَ عَلَيَّ نِعَمَ اْمْتِنانِكَ.

وَها اَنَا بِبابِ كَرَمِكَ واقِفٌ، وَلِنَفَحاتِ بِرِّكَ مُتَعَرِّضٌ، وَبِحَبْلِكَ الشَّديدِ مُعْتَصِمٌ، وَبِعُرْوَتِكَ الْوُثْقىٰ ٤ مُتَمَسِّكٌ.

اِلٰهي اَرْحَمْ عَبْدَكَ الذَّليلَ، ذَا اللِّسانِ الْكَليلِ ٥ وَالْعَمَلِ الْقَليلِ وَاْمْنُنْ عَلَيْهِ بِطَوْلِكَ الْجَزيلِ، وَاْكْنُفْهُ ٦ تَحْتَ ظِلِّكَ الظَّليلِ، يا كَريمُ يا جَميلُ، يا اَرْحَمَ الرّاحِمينَ.

* * *

٤ـ بعروتك الوثقى: بعقدك الوثيق. ٥ـ الكليل: العاجز. ٦ـ اكنفه: احفظه وارحمه.

www.MinhajBooks.com

قبول کرنے والے اے ناداروں کے سرمایہ اے درماندوں کے خزانے اے دادخواہوں کے دادرس اے فقراء و مساکین کی حاجتیں پوری کرنے والے اے عزت داروں میں بڑے عزت دار اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

تیرے آگے عاجزی اور تجھی سے سوال کرتا ہوں تیرے ہی سامنے فریاد و زاری کرتا ہوں۔

میں سوال کرتا ہوں کہ اپنی نسیم رضا مجھ تک پہنچا دے اور ہمیشہ مجھ پر احسان و کرم فرما۔

ہاں اب میں تیرے درسخاوت پر آ کھڑا ہوں اور تیرے بہترین عطیات کا منتظر ہوں اور تیری مضبوط رسی کو پکڑے ہوئے ہوں اور تیری محکم ڈوری کو تھامے ہوئے ہوں۔

میرے معبود اپنے اس پست بندے پر رحم فرما جس کی زبان گنگ اور عمل بہت کم ہے اس پر اپنی فزوں تر سخاوت سے احسان فرما اور اپنے بلند تر سائے تلے پناہ دے یا کریم یا جمیل اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

«١٥»

# مناجاة المضطرّين

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ فَرَرنا مِنْ ذُنُوبِنا، فَآوِنا تآئِبينَ، وَتُبْ عَلَيْنا مُسْتَغْفِرينَ وَاغْفِرْلَنا مُتَعَوِّذينَ، وَاَعِذْنا مُسْتَجيرينَ، وَاَجِرْنا مُسْتَسْلِمينَ، وَلا تَخْذُلْنا راهِبينَ، وَآمِنّا راغِبينَ، وَشَفِّعْنا سآئِلينَ، وَاَعْطِنا اِنَّكَ سَميعُ الدُّعآءِ، قَريبٌ مُجيبٌ.

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبّي، وَاَنَا عَبْدُكَ، وَاَحَقُّ مَنْ سَاَلَ الْعَبْدُ رَبَّهُ، وَلَمْ يَسْاَلِ الْعِبادُ مِثْلَكَ كَرَماً وَجُوداً.

يا مَوْضِعَ شَكْوَى السّآئِلينَ، وَيا مُنْتَهىٰ حاجَةِ الرّاغِبينَ، وَيا غِياثَ الْمُسْتَغيثينَ، وَيا مُجيبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرّينَ، وَيامَلْجَاَ الْهاربينَ، وَيا صَريخَ الْمُسْتَصْرِخينَ، وَيارَبَّ الْمُسْتَضْعَفينَ، وَيا كاشِفَ كَرْبِ الْمَكْرُوبينَ، وَيا فارِجَ هَمِّ الْمَهْمُومينَ، وَيا كاشِفَ الْكَرْبِ الْعَظيمِ، يا اَللّٰهُ يا رَحْمٰنُ يا رَحيمُ يا اَرْحَمَ الرّاحِمينَ صَلِّ[١٥] عَلىٰ مُحَمَّدٍ وَآلِهِ وَصَحْبِهِ وسَلَّمْ، وَاغْفِرْلي ذُنُوبي وَعُيُوبي وَاِسآءَتي وَظُلْمي وَجُرْمي وَاِسْرافي عَلىٰ نَفْسي، وَارْزُقْني مِنْ فَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ فَاِنَّهُ لا يَمْلِكُها غَيْرُكَ، وَاعْفُ

١٥ــ ويا الله المكنون من كلّ عين، المرتدي بالكبرياء صلّ «خ».

# مناجاتِ مضطرین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ○

اے معبود! ہم اپنے گناہوں سے تیری طرف بھاگے ہیں،ہمیں توبہ کرنے والوں کی سی پناہ دے اور توجہ کر کہ ہم بخشش کے طالب ہیں، بخش دے پناہ دیتے ہوئے، پناہ دے کہ طالب پناہ ہیں، ہمیں پناہ میں لے، کہ سرنگوں ہیں، ہمیں رسوا نہ کر کہ ڈرنے والے ہیں، ہم خواہاں ہیں، امان دے، ہم سائل ہیں، شفاعت قبول فرما اور حاجت پوری کر، بے شک تو دعا سننے والا ہے، قریب تر، قبول کرنے والا۔

اے معبود! تو میرا پروردگار اور میں تیرا بندہ ہوں اور بندے کو زیادہ حق ہے، کہ اپنے پروردگار سے سوال کرے اور بندوں سے تیرے جیسے کرم و بخشش کا سوال نہیں کیا جاسکتا۔

اے سائلوں کے لئے مرکز شکایت اور اے محتاجوں کی حاجت برآری کی آخری امیدگاہ، اے فریاد کرنے والوں کے فریاد رس، اے بے چاروں کی دعائیں قبول کرنے والے، اے بھاگنے والوں کی جائے پناہ، اے چیخ و پکار کرنے والوں کے مددگار اور اے دبائے گئے لوگوں کے پروردگار! اے دکھی لوگوں کے دکھ دور کرنے والے! اے پریشانوں کی پریشانی ہٹانے والے اور اے بڑی مصیبت کے دور کرنے والے یا اللہ اے رحم کرنے والے اے مہربان اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے رحمت نازل فرما سرکار محمد ﷺ و آل محمد ﷺ پر اور ان کے اصحاب پر اور بخش دے میرے گناہ میرے عیب، میری برائیاں، میری نا انصافی، میرا جرم اور اپنے نفس پر میری زیادتی اور مجھ پر اپنا فضل و کرم اور رحمت فرما کیونکہ تیرے سوا کسی کو یہ اختیار نہیں اور مجھے معاف فرما

عَنّي، وَٱغْفِرْ لي كُلَّما سَلَفَ مِنْ ذُنُوبي، وَٱعْصِمْني فيما بَقِيَ مِنْ عُمُري، وَٱسْتُرْ عَلَيَّ وعَلىٰ والِدَيَّ وَوَلَدي وَقَرابَتي وَاَهْلِ حُزانَتي [16] وَمَنْ كانَ مِنّي بِسَبيلٍ مِنَ الْمُؤْمِنينَ وَالْمُؤْمِناتِ فِى الدُّنْيا وَ الْآخِرَةِ، فَاِنَّ ذٰلِكَ كُلَّهُ بِيَدِكَ ، وَاَنْتَ واسِعُ الْمَغْفِرَةِ، فَلا تُخَيِّبْني يا سَيِّدي، وَلا تَرُدَّ دُعآئي، وَلا تَغُلَّ [17] يَدي اِلىٰ نَحْري حَتّىٰ تَفْعَلَ ذٰلِكَ بِي ، وَتَسْتَجيبَ لي جَميعَ ما سَاَلْتُكَ ، وَتَزيدَني مِنْ فَضْلِكَ ، فَاِنَّكَ عَلىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَديرٌ، وَنَحْنُ اِلَيْكَ راغِبُونَ.

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْاَسمآءُ الْحُسْنىٰ وَالْاَمْثالُ الْعُلْيا وَالْكِبْرِيآءُ وَ الْآلآءُ، اَسْاَلُكَ بِٱسْمِكَ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحيمِ،اِنْ كُنْتَ قَضَيْتَ في هٰذِهِ اللَّيْلَةِ [18] تَنَزُّلَ الْمَلآئِكَةِ وَالرُّوحِ فيها اَنْ تُصَلِّيَ عَلىٰ مُحَمَّدٍوَآلِهِ وَصَحْبِهِ وَسَلِّمْ ، وَاَنْ تَجْعَلَ ٱسْمي [19] في السُّعَداءِ، وَ رُوحي مَعَ الشُّهَدآءِ، وَاِحساني في عِلِّيّينَ، وَاِساءَتي مَغْفُورَةً ، وَاَنْ تَهَبَ لي يَقيناً تُباشِرُ بِهِ قَلْبي، وَاِيماناً لايَشُوبُهُ [20] شَكٌّ ، وَرِضىً بِما قَسَمْتَ لي، وَآتِني فِى الدُّنْيا حَسَنَةً وَفِى الْآخِرَةِ حَسَنَةً، وَقِني عَذابَ النّارِ.

يا اَحَدُ يا صَمَدُ يا رَبَّ مُحَمَّدٍ اِغْضَبِ الْيَوْمَ لِمُحَمَّدٍ وَلِاَبْرارِ عِتْرَتِهِ ،وَٱقْتُلْ اَعْدآءَهُمْ بَدَداً [22] وَاَحْصِهِمْ عَدَداً، وَلا تَدَعْ عَلىٰ ظَهْرِ الْاَرْضِ

---

١٦ـــ حزانة الرجل: عياله الذين يتحزّن لهم.

١٧ـــ ولا ترد «خ».

١٨ـــ ⊗ .

١٩ـــ اسمي في هذه الليلة «خ».

٢٠ـــ لايشوبه: لايخالطه.

٢٢ـــ بدداً: متفرّقين.

اور میرے گزشتہ گناہ معاف کردے اور بقایا زندگی میں مجھے گناہ سے بچائے رکھ اور پردہ پوشی فرما، میری، میرے والدین کی، میری اولاد اور عزیزوں کی، میرے ملنے والوں کی اور مومنین و مومنات میں سے جو میرے ہم قدم ہیں، ان سب کی دنیا اور آخرت میں پردہ پوشی فرما، کیونکہ یہ بات کلی طور پر تیرے اختیار میں ہے اور تو بخش دینے میں وسعت والا ہے، پس نا امید نہ کر، میرے آقا! میری دعا رد نہ کر اور میرا ہاتھ میرے سینے کی طرف نہ پلٹا حتی کہ مجھے وہ سب کچھ دے اور میری سب حاجتیں پوری کر دے جو میں نے طلب کیں اور اپنے فضل سے مجھے کچھ زیادہ بھی دے، کہ بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اور ہم تیری ہی طرف رغبت کرتے ہیں۔

اے معبود! تیرے لئے اچھے اچھے نام ہیں اور بلند ترین شانیں ہیں، بڑائیاں اور نعمتیں ہیں، میں سوال کرتا ہوں تجھ سے، بواسطہ تیرے نام (اللہ رحمٰن رحیم) کے، اگر تو نے اس رات میں ملائکہ اور روح کو زمین پر اتارنے کا فیصلہ کر رکھا ہے، تو اس رات رحمت فرما سرکار محمد ﷺ و آل محمد ﷺ پر اور ان کے اصحاب پر اور یہ کہ میرا نام نیک بختوں میں، میری روح کو شہیدوں کے ساتھ، میری نیکی کو درجۂ علیین میں اور میرے گناہوں کو بخشے ہوئے قرار دے اور یہ کہ مجھے وہ یقین دے جو میرے دل میں جما رہے، وہ ایمان عطا کر جسے شک کا خطرہ نہ ہو، جو کچھ تو نے دیا اس پر راضی رکھ، مجھے اس دنیا میں نیکی اور آخرت میں خوشی نصیب فرما اور مجھے آگ کے عذاب سے بچائے رکھ۔

اے یگانہ! اے بے نیاز! اے رب محمد ﷺ! آج غضبناک ہو محمد ﷺ اور ان کے خاندان کے نیکو کاروں کی خاطر اور ان کے دشمنوں کے ٹکڑے ٹکڑے کر دے، انہیں ایک ایک کر کے گن لے اور ان میں سے کسی کو روئے زمین پر زندہ نہ چھوڑ،

مِنْهُمْ اَحداً، وَلا تَغْفِرْ لَهُمْ اَبداً، يا حَسَنَ الصُّحْبَةِ، يا خَليفَةَ النَّبِيّينَ، اَنْتَ اَرْحَمُ الرّاحِمينَ، الْبَديءُ الْبَديعُ الَّذي لَيْسَ كَمِثْلِكَ [23] شَيْءٌ، وَالدّآئِمُ غَيْرُ الْغافِلِ، وَالْحَيُّ الَّذي لا يَمُوتُ، اَنْتَ كُلَّ يَوْمٍ في شَأْنٍ اَنْتَ خَليفَةُ مُحَمَّدٍ، وَناصِرُ مُحَمَّدٍ، وَمُفَضِّلُ مُحَمَّدٍ، اَسْاَلُكَ اَنْ تَنْصُرَ وَصِيَّ مُحَمَّدٍ، وَخَليفَةَ مُحَمَّدٍ، وَالْقآئِمَ بِالْقِسْطِ مِنْ اَوْصِيآءِ مُحَمَّدٍ صَلَواتُكَ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ،اِعْطِفْ عَلَيْهِمْ نَصْرَكَ .

اَسْتَغْفِرُ اللهَ رَبّي وَاَتُوبُ اِلَيْهِ اِنَّ رَبّي قَريبٌ مُجيبٌ، اَسْتَغْفِرُ اللهَ رَبّي وَاَتُوبُ اِلَيْهِ اِنَّ رَبّي رَحيمٌ وَدُودٌ، اَسْتَغْفِرُ اللهَ رَبّي وَاَتُوبُ اِلَيْهِ اِنَّهُ كانَ غَفّاراً.

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لي اِنَّكَ اَرْحَمُ الرّاحِمينَ، رَبِّ اِنّي عَمِلْتُ سُوءً وَظَلَمْتُ نَفْسي، فَاغْفِرْلي اِنَّهُ لايَغْفِرُ الذُّنُوبَ اِلّا اَنْتَ، اَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذي لا اِلٰهَ اِلّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ الْحَليمُ الْعَظيمُ الْعَليمُ الْكَريمُ الْغافِرُ لِلذَّنْبِ الْعَظيمِ وَاَتُوبُ اِلَيْهِ، اَسْتَغْفِرُ اللهَ اِنَّ اللهَ كانَ غَفُوراً رَحيماً.

* * *

---

٢٣ـ كمثله «خ».

www.MinhajBooks.com

انہیں کبھی بھی معاف نہ فرما، اے بہترین رفیق! اے نبیوں کے بعد باقی رہنے والے! تو سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے، ایسا آغاز کرنے والا ہے، پیدا کرنے والا ہے کہ کوئی بھی چیز تیرے جیسی نہیں ہے، اے ہمیشہ کے بیدار! جو غافل نہیں ہوتا اور وہ زندہ جسے موت نہیں آتی، تو وہ ہے جو ہر روز نرالی شان رکھتا ہے، تو حضرت محمد ﷺ کا پشت پناہ، ان کا مددگار اور ان کو فضیلت دینے والا ہے، میں سوالی ہوں تیرا کہ حضرت محمد ﷺ کے وصی، ان کے جانشین اور ان کے جانشینوں میں سے عدل و انصاف قائم کرنے والے کی مدد فرما، تیری رحمتیں ہوں اس پر اور ان سب پر، ان سب کی مدد و نصرت فرما۔

بخشش چاہتا ہوں خدا سے، جو میرا رب ہے اور اس کے حضور توبہ کرتا ہوں، بے شک میرا رب نزدیک اور دعا قبول کرنے والا ہے، بخشش چاہتا ہوں خدا سے جو میرا رب ہے اور اس کے حضور توبہ کرتا ہوں، بے شک میرا رب مہربان محبت والا ہے، بخشش چاہتا ہوں خدا سے جو میرا رب ہے اور اس کے حضور توبہ کرتا ہوں، کیونکہ وہ بہت بخشنے والا ہے۔

اے معبود! مجھے بخش دے بے شک تو سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔ میرے رب میں نے برا عمل کیا اور اپنی جان پر ظلم کیا، پس مجھے بخش دے کہ تیرے سوا کوئی گناہوں کا معاف کرنے والا نہیں، بخشش چاہتا ہوں اللہ سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی زندہ پائندہ بردبار بڑائی والا، مہربان، بڑے سے بڑے گناہ کو بخش دینے والا ہے، میں اس کے حضور توبہ کرتا ہوں، اللہ سے بخشش چاہتا ہوں، بے شک اللہ ہے بخش دینے والا، مہربان۔

# مناجاة المستغيثين

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اِلٰهي وَسَيِّدي، وَعِزَّتِكَ وَجَلالِكَ لَئِنْ طالَبْتَني بِذُنُوبي لَاُطالِبَنَّكَ بِعَفوِكَ ، وَلَئِنْ طالَبْتَني بِلُؤْمي لَاُطالِبَنَّكَ بِكَرَمِكَ ، وَلَئِنْ اَدْخَلْتَني النّارَلَاُخْبِرَنَّ اَهْلَ النّارِ بِحُبّي لَكَ .

اِلٰهي وَسَيِّدي،اِنْ كُنْتَ لاتَغْفِرُ اِلّا لِاَوْلِيآئِكَ وَاَهْلِ طاعَتِكَ،فَاِلىٰ مَنْ يَفْزَعُ الْمُذْنِبُونَ ؟ وَاِنْ كُنْتَ لاتُكْرِمُ اِلّا اَهْلَ الْوَفآءِ بِكَ،فَبِمَنْ يَسْتَغيثُ الْمُسيئُونَ؟

اِلٰهي اِنْ اَدْخَلْتَنِى النّارَ فَفي ذٰلِكَ سُرُورُ عَدُوِّكَ ، وَاِنْ اَدْخَلْتَنِي الْجَنَّةَ فَفي ذٰلِكَ سُرُورُ نَبِيِّكَ، وَاَنَا وَاللهِ اَعْلَمُ اَنَّ سُرُورَ نَبِيِّكَ اَحَبُّ اِلَيْكَ مِنْ سُرُورِعَدُوِّكَ .

اَللّٰهُمَّ اِنّي اَسْاَلُكَ اَنْ تَمْلَاَ قَلْبي حُبّاً لَكَ،وَخَشْيَةً مِنْكَ ، وَتَصْديقاً بِكِتابِكَ ، وَاِيماناً بِكَ ، وَفَرَقاً مِنْكَ ، وَشَوْقاً اِلَيْكَ ، ياذَا الْجَلالِ وَالْاِكْرامِ حَبِّبْ اِلَيَّ لِقآءَكَ ، وَاَحْبِبْ لِقآئي، وَاْجْعَلْ لي في لِقآئِكَ الرّاحَةَ وَالْفَرَجَ وَ الْكَرامَةَ.

اَللّٰهُمَّ اَلْحِقْني بِصالِحِ مَنْ مَضىٰ، وَاْجْعَلْني مِنْ صالِحِ مَنْ بَقِيَ ،

# مناجات المستغیثین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ○

میرے اللہ اور میرے آقا! تیری عزت وجلال کی قسم! کہ اگر تو میرے گناہوں کی باز پرس کرے گا تو میں تیرے عفو کی خواہش کروں گا، اگر تو نے میری پستی پر پوچھ گچھ کی تو میں تیری مہربانی کی تمنا کروں گا، اگر تو مجھے دوزخ میں ڈالے گا تو میں وہاں کے لوگوں کو بتاؤں گا کہ میں تجھ سے محبت کرتا رہا ہوں۔

میرے معبود میرے سردار! اگر تو نے اپنے پیاروں اور فرمانبرداروں کے سوا کسی کو معافی نہ دی تو گناہ گار لوگ کس سے فریاد کر سکیں گے، اور اگر تو صرف اپنے وفاداروں کو عزت عطا فرمائے گا تو پھر خطا کار لوگ کس سے دادخواہ ہوں گے۔

میرے معبود! اگر تو مجھے جہنم میں ڈالے گا تو اس میں تیرے دشمنوں ہی کو خوشی ہوگی، اور اگر تو نے مجھے جنت میں داخل کیا تو اس میں تیرے نبی کو مسرت ہوگی، اور قسم بخدا! کہ میں یہ جانتا ہوں کہ تجھے اپنے دشمن کی خوشی کی نسبت اپنے نبی کی خوشی منظور ہوگی۔

اے اللہ! میں سوالی ہوں تجھ سے کہ میرے دل کو اپنی محبت سے، اپنے رعب سے، اور اپنی کتاب کی تصدیق سے بھر دے، نیز میرے دل کو ایمان، خوف اور شوق سے پُر کر دے۔ اے بزرگی اور عزت کے مالک میرے لئے اپنی حضوری محبوب بنا اور مجھ سے ملاقات کو محبوب رکھ اور میرے لئے اپنی ملاقات کو خوشی، کشادگی اور فخر و عزت کا ذریعہ بنا۔

اے معبود! مجھے گزرے ہوئے نیک لوگوں سے ملحق فرما دے اور موجودہ نیک لوگوں میں شامل کر دے۔

وَخُذْ بي سَبيلَ الصّالِحينَ، وَاَعِنّي عَلىٰ نَفْسي بِمٓا تُعينُ بِهِ الصّالِحينَ عَلىٰ اَنْفُسِهِمْ، وَاْخْتِمْ عَمَلي بِاَحْسَنِهِ، وَاْجْعَلْ ثَوابي مِنْهُ الْجَنَّةَ، بِرَحْمَتِكَ يا اَرْحَمَ الرّاحِمينَ، وَاَعِنّي عَلىٰ صالِحِ ما اَعْطَيْتَني، وَثَبِّتْني يا رَبِّ وَ لا تَرُدَّني في سُوءٍ اْسْتَنْقَذْتَني مِنْهُ، يا رَبَّ الْعالَمينَ.

اَللّٰهُمَّ اِنّي اَسْاَلُكَ اِيماناً لا اَجَلَ لَهُ دُونَ لِقآئِكَ، اَحْيِني ما اَحْيَيْتَني عَلَيْهِ، وَتَوَفَّني اِذا تَوَفَّيْتَني عَلَيْهِ، وَاْبْعَثْني اِذا بَعَثْتَني عَلَيْهِ، وَاَبْرِأْ قَلْبي مِنَ الرِّياءِ وَالشَّكِّ، وَالسُّمْعَةِ في دينِكَ حَتّىٰ يَكُونَ عَمَلي خالِصاً لَكَ.

اَللّٰهُمَّ اَعْطِني بَصيرَةً في دينِكَ، وَفَهْماً في حُكْمِكَ، وَفِقْهاً في عِلْمِكَ، وَكِفْلَيْنِ [78] مِنْ رَحْمَتِكَ، وَوَرَعاً يَحْجُزُني عَنْ مَعْصِيَتِكَ وَبَيِّضْ وَجْهي بِنُورِكَ، وَاْجْعَلْ رَغْبَتي فيما عِنْدَكَ، وَتَوَفَّني في سَبيلِكَ وَعَلىٰ مِلَّةِ رَسُولِكَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ.

اَللّٰهُمَّ اِنّي اَعُوذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَالْفَشَلِ وَالْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَالْغَفْلَةِ وَالْقَسْوَةِ وَالذِّلَّةِ وَالْمَسْكَنَةِ وَالْفَقْرِ وَالْفاقَةِ، وَكُلِّ بَلِيَّةٍ، وَالْفَواحِشِ ما ظَهَرَ مِنْها وَما بَطَنَ.

وَ اَعُوذُ بِكَ مِنْ نَفْسٍ لا تَقْنَعُ، وَبَطْنٍ لا يَشْبَعُ، وَقَلْبٍ لا يَخْشَعُ وَدُعآءٍ لا يُسْمَعُ، وَعَمَلٍ لا يَنْفَعُ، وَصَلاةٍ لا تُرْفَعُ.

وَ اَعُوذُ بِكَ يارَبِّ عَلىٰ نَفْسي وَوَلَدي وَديني وَمالي، وَعَلىٰ جَميعِ

---

٧٨ــ كفلين: نصيبين. ⊗ .

میرے لئے نیکو کاروں کا راستہ مقرر کر دے اور میرے نفس کے بارے میں میری مدد کر، جیسے تو اپنے نیک بندوں کی ان کے نفسوں پر مدد فرماتا ہے، میرے عمل کا انجام خیر کے ساتھ کر اور اپنی رحمت سے اس کے ثواب میں مجھے جنت عطا فرما اور جو نیک عمل تو نے مجھے عطا کیا ہے اس پر مجھ کو ثابت قدم رکھ۔ اے پالنے والے اور جس برائی سے مجھے نکالا ہے اس کی طرف نہ پلٹا۔ اے جہانوں کے پروردگار!

اے معبود! میں تجھ سے وہ ایمان مانگتا ہوں جو تیرے حضور میری پیشی سے پہلے ختم نہ ہو، مجھے زندہ رکھنا ہے تو اسی پر زندہ رکھ اور موت دینی ہے تو اسی پر دے۔ جب مجھے اٹھائے تو اسی پر اٹھا کھڑا کر۔ اور میرے دل کو دین میں دکھاوے، شک اور ستائش طلبی سے پاک رکھ، یہاں تک کہ میرا عمل تیرے لئے خاص ہو جائے۔

اے معبود! مجھے اپنے دین کی پہچان، اپنے حکم کی سمجھ، اور اپنے علم کی سوجھ بوجھ عنایت فرما، اور مجھے اپنی رحمت کے دونوں حصے دے اور ایسی پرہیزگاری دے جو مجھے تیری نافرمانی سے روکے اور میرے چہرے کو اپنے نور سے روشن فرما، میری چاہت اس میں قرار دے، جو تیرے پاس ہے اور مجھے اپنی راہ میں اور اپنے رسول ﷺ کے گروہ میں موت دے، کہ رحمت ہو خدا کی ان پر اور ان کی آل پر اور ان کے اصحاب پر۔

اے معبود! میں تیری پناہ لیتا ہوں سستی، بددلی، پریشانی، بزدلی، کنجوسی، فراموشی، سنگدلی، خواری، اور فقر و فاقہ سے تیری پناہ لیتا ہوں، اور تمام سختیوں اور بے حیائی کے کھلے چھپے کاموں سے تیری پنا لیتا ہوں۔

اور تیری پناہ لیتا ہوں سیر نہ ہونے والے نفس، پر نہ ہونے والے شکم عاجز نہ ہونے والے دل، سنی نہ جانے والی دعا اور فائدہ نہ دینے والے کام سے۔

اور تیری پناہ لیتا ہوں، اے پالنے والے! اپنے نفس، اپنے دین، اپنے مال اور

مارَزَقْتَني مِنَ الشَّيْطانِ الرَّجيمِ، اِنَّكَ اَنْتَ السَّميعُ الْعَليمُ.

اَللّٰهُمَّ اِنَّهُ لَنْ يُجيرَني مِنْكَ اَحَدٌ، وَلَنْ اَجِدَ مِنْ دُونِكَ مُلْتَحَداً [79] فَلا تَجْعَلْ نَفْسي في شَيْءٍ مِنْ عَذابِكَ، وَلا تَرُدَّني بِهَلَكَةٍ، وَلا تَرُدَّني بِعَذابٍ اَليمٍ.

اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنّي، وَاَعْلِ ذِكري، وَارْفَعْ دَرَجَتي، وَحُطَّ وِزْري، وَلا تَذْكُرْني بِخَطيئَتي، وَاجْعَلْ ثَوابَ مَجْلِسي، وَثَوابَ مَنْطِقي، وَثَوابَ دُعائي رِضاكَ وَالْجَنَّةَ، وَاَعْطِني يارَبِّ جَميعَ ماسَاَلْتُكَ، وَزِدْني مِنْ فَضْلِكَ اِنّي اِلَيْكَ راغِبٌ يارَبَّ الْعالَمينَ.

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ اَنْزَلْتَ في كِتابِكَ الْعَفْوَ، وَاَمَرْتَنا اَنْ نَعْفُوَعَمَّنْ ظَلَمَنا وَقَدْ ظَلَمْنا اَنْفُسَنا، فَاعْفُ عَنّا فَاِنَّكَ اَوْلىٰ بِذٰلِكَ مِنّا، وَاَمَرْتَنا اَنْ لا نَرُدَّ سائِلاً عَنْ اَبْوابِنا، وَقَدْ جِئْتُكَ سائِلاً، فَلا تَرُدَّني اِلّا بِقَضاءِ حاجَتي، وَاَمَرْتَنا بِالْاِحْسانِ اِلىٰ مامَلَكَتْ اَيْمانُنا، وَنَحْنُ اَرِقّاؤُكَ، فَاَعْتِقْ رِقابَنا مِنَ النّارِ.

يا مَفْزَعي عِنْدَ كُرْبَتي، وَياغَوْثي عِنْدَ شِدَّتي، اِلَيْكَ فَزِعْتُ، وَبِكَ اسْتَغَثْتُ، وَبِكَ لُذْتُ، لا اَلُوذُ بِسِواكَ وَلا اَطْلُبُ الْفَرَجَ اِلّا مِنْكَ، فَاَغِثْني وَفَرِّجْ عَنّي.

---

٧٩ــ ملتحداً: حرزاً.

www.MinhajBooks.com

جو تو نے مجھے دیا ہے۔اس میں راندے ہوئے شیطان سے، بے شک تو سننے جاننے والا ہے۔

اے معبود! سچ تو یہ ہے کہ تجھ سے مجھے کوئی پناہ نہیں دے سکتا، نہ ہی تیرے سوا کوئی پناہ گاہ پاتا ہوں، پس میرے نفس کو اپنی طرف کے کسی عذاب میں نہ ڈال، نہ مجھے کسی تباہی کی طرف پلٹا اور نہ مجھے دردناک عذاب کی طرف روانہ کر۔

اے معبود! میرا عمل قبول فرما، میرے ذکر کو بلند کر، میرے مقام کو اونچا کر اور میرے گناہ مٹا دے۔ مجھے میرے گناہوں کے ساتھ یاد نہ فرما اور میرے بیٹھنے کا ثواب، میری گفتگو کا ثواب اور میری دعا کا ثواب، اپنی خوشنودی و جنت کی شکل میں دے۔ اور اے پالنے والے! وہ سب کچھ دے جو میں نے مانگا ہے اور اپنے فضل سے اس میں اضافہ کر دے، بے شک میں تیری چاہت رکھتا ہوں اے جہانوں کے پالنے والے۔

اے معبود! بے شک تونے اپنی کتاب میں یہ حکم نازل کیا ہے کہ جو ہم پر ظلم کرے اسے معاف کردیں، ضرور ہم نے اپنے نفسوں پر ظلم کیا تو ہمیں معاف فرما۔ یقیناً تو ہم سے زیادہ اس کا اہل ہے، تونے ہمیں حکم دیا کہ ہم سوالی کو اپنے دروازوں سے نہ ہٹ کائیں اور میں تیرے حضور سوالی بن کے آیا ہوں۔ پس مجھے نہ ہٹا، مگر جب میری حاجت پوری کردے تو نے ہمیں حکم دیا کہ جو افراد ہمارے غلام ہیں ہم ان پر احسان کریں۔ اور ہم تیرے غلام ہیں پس ہماری گردنیں آگ سے آزاد فرما۔

اے وقت مصیبت میری پناہ گاہ! اے سختی کے ہنگام میرے فریادرس، تجھ سے فریاد کرتا ہوں اور تجھ سے دادخواہ ہوں، میں پناہ چاہتا ہوں تیری، نہ کسی اور کی اور سوائے تیرے کسی سے کشائش کا طالب نہیں ہوں، پس میری فریاد سن اور رہائی دے۔

يا مَنْ يَقْبَلُ الْيَسيرَ [80] وَيَعْفُو عَنِ الْكَثيرِ، اِقْبَلْ مِنّي الْيَسيرَ وَاْعْفُ عَنّي الْكَثيرَ، اِنَّكَ اَنْتَ الرَّحيمُ الْغَفُورُ.

اَللّٰهُمَّ اِنّي اَسْاَلُكَ اِيماناً تُباشِرُ بِهِ قَلْبي، وَيَقيناً صادِقاً حَتّٰى اَعْلَمَ اَنَّهُ لَنْ يُصيبَني اِلّا ما كَتَبْتَ لي، وَرَضِّني مِنَ الْعَيْشِ بِما قَسَمْتَ لي يا اَرْحَمَ الرّاحِمينَ.

* * *

www.MinhajBooks.com

---

٨٠ــ يفكّ الأسير «خ».

اے وہ جو قیدی کو چھڑاتا ہے اور بہت سارے گناہ معاف کرتا ہے، میرے تھوڑے عمل کو قبول فرما اور میرے بہت سارے گناہ معاف کردے۔ بے شک تو بہت رحم کرنے والا بہت بخشنے والا ہے۔

اے معبود! میں تجھ سے ایسا ایمان و یقین مانگتا ہوں جو میرے دل میں جما رہے، یہاں تک کہ میں سمجھوں کہ مجھے کوئی چیز نہیں پہنچتی سوائے اس کے جو تو نے میرے لئے لکھی ہے اور مجھے اس زندگی پر شاد رکھ، جو تو نے میرے لئے قرار دی، اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

# مناجاة الذاكرين

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اِلٰهي لَوْلَا الْواجِبُ مِنْ قَبُولِ اَمْرِكَ ، لَنَزَّهْتُكَ مِنْ ذِكْري اِيّاكَ [1] عَلىٰ اَنَّ ذِكْرِيَ لَكَ بِقَدْري لابِقَدْرِكَ ، وَما عَسىٰ اَنْ يَبْلُغَ مِقْداري حَتّىٰ اَجْعَلَ مَحَلاً لِتَقْديسِكَ ، وَمِنْ اَعْظَمِ النِّعَمِ عَلَيْنا جَرَيانُ ذِكْرِكَ عَلىٰ اَلْسِنَتِنا، وَاِذْنُكَ لَنا بِدُعآئِكَ وَتَنْزيهِكَ وَتَسْبيحِكَ .

اِلٰهي فَاَلْهِمْنا ذِكْرَكَ فِى الْخَلاَءِ [2] وَالْمَلاَءِ ، وَاللَّيلِ وَالنَّهارِ وَالْاِعْلانِ وَالْاِسْرارِ، وَفِي السَّرّآءِ وَالضَّرّآءِ، وَآنِسْنا بِالذِّكْرِ الْخَفِيِّ، وَاسْتَعْمِلْنا بِالْعَمَلِ الزَّكِيِّ [3] وَالسَّعْيِ الْمَرْضِيِّ ، وَجازِنا بِالْميزانِ الْوَفِيِّ .

اِلٰهي بِكَ هامَتِ الْقُلُوبُ الْوالِهَةُ [4] وَعَلىٰ مَعْرِفَتِكَ جُمِعَتِ الْعُقُولُ الْمُتَبايِنَةُ ، فَلا تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ اِلّا بِذِكْراكَ ، وَلا تَسْكُنُ النُّفُوسُ اِلّا عِنْدَ رُؤْياكَ .

---

٢ـــ الخلاء: المكان الذي ليس فيه أحد. ٣ـــ الزكي: الطاهر. ٤ـــ الواهة: الحائرة من شدّة الوجد.

١ـــ ⊗ .

# مناجاتِ ذاکرین

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ٥

میرے معبود اگر تیرا حکم ماننا واجب نہ ہوتا تو میں تیرا ذکر اپنی زبان پر نہ لاتا کیونکہ میں تیرا جو ذکر کرتا ہوں وہ میرے اندازے سے ہے نہ تیری شان کے مطابق اور میری کیا بساط کہ میں تیری تقدیس و پاکیزگی کا محل قرار پا سکوں یہ چیز ہم پر تیری عظیم نعمتوں میں سے ہے کہ تیرا ذکر ہماری زبانوں پر جاری ہے اور ہمیں تجھ سے دعا مانگنے اور تیری پاکیزگی و نظافت بیان کرنے کی اجازت ہے۔

میرے معبود ہمیں اپنے ذکر کی توفیق دے کہ ہم نہاں اور عیاں، رات اور دن، ظاہر و پوشیدہ اور خوشی و غم تیرا ذکر کیا کریں ہمیں اپنے پوشیدہ ذکر سے مانوس فرما ہمیں پاکیزہ عمل اور پسندیدہ کوشش میں لگا اور پوری میزان سے ہمیں جزا دے۔

میرے معبود محبت بھرے دل تجھ سے لگاؤ رکھے ہوئے ہیں تیری معرفت میں مختلف قسم کی عقلیں اتفاق رکھتی ہیں پس دل چین نہیں پکڑتے مگر تیرے ذکر سے اور تیری ذات پر یقین سے نفسوں کو سکون ملتا ہے تو ہی ہے۔

اَنْتَ الْمُسَبَّحُ في كُلِّ مَكانٍ، وَالْمَعْبُودُ في كُلِّ زَمانٍ، وَالْمَوْجُودُ في كُلِّ اَوانٍ [٥] وَ الْمَدْعُوُّ بِكُلِّ لِسانٍ ، وَالْمُعَظَّمُ في كُلِّ جَنانٍ [٦] وَاَسْتَغْفِرُكَ مِنْ كُلِّ لَذَّةٍ بِغَيْرِ ذِكْرِكَ ، وَمِنْ كُلِّ راحَةٍ بِغَيْرِ اُنْسِكَ وَمِنْ كُلِّ سُرُورٍ بِغَيْرِ قُرْبِكَ ، وَمِنْ كُلِّ شُغْلٍ بِغَيْرِ طاعَتِكَ .

اِلٰهي اَنْتَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ: «يا اَيُّهَا الَّذينَ آمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْراً كَثيراً وَسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَاَصيلاً» [٧] وَ قُلْتَ وَ قَوْلُكَ الْحَقُّ: «فَاذْكُرُوني اَذْكُرْكُمْ» [٨] .

فَاَمَرْتَنا بِذِكْرِكَ ، وَوَعَدْتَنا عَلَيْهِ اَنْ تَذْكُرَنا تَشْريفاً لَنا وَتَفْخيماً وَاِعْظاماً، وَها نَحْنُ ذاكِرُوكَ كَما اَمَرْتَنا، فَاَنْجِزْ لَنا ما وَعَدْتَنا، يا ذاكِرَ الذّاكِرينَ وَيا اَرْحَمَ الرّاحِمينَ.

* * *

---

٥ــ الأوان: الوقت والحين.        ٦ــ جنان: قلب.        ٧، ٨ــ * .

www.MinhajBooks.com

جس کی تسبیح ہر جگہ ہوتی ہے اور جو ہر زمانے میں معبود رہا ہے اور ہر وقت ہر جگہ موجود ہوتا ہے اور ہر زبان میں پکارا جاتا ہے اور ہر دل میں تیری عظمت قائم ہے میں معافی چاہتا ہوں تجھ سے تیرے ذکر کے سوا ہر لذت پر تیری محبت کے سوا ہر راحت پر تیری قربت کے سوا ہر خوشی پر اور معافی چاہتا ہوں تجھ سے تیری اطاعت کے سوا ہر کام پر۔

میرے معبود تو نے ہی کہا ہے اور تیرا قول حق ہے کہ اے ایمان لانے والو ذکر کرو اللہ کا بہت زیادہ ذکر اور صبح وشام اس کی پاکیزگی بیان کرو نیز تو نے ہی کہا اور تیرا قول حق ہے پس تم مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کروں گا۔

تو نے ہمیں اپنی یاد کا حکم دیا اور ہم سے وعدہ کیا اس پر کہ تو بھی ہمیں یاد کرے گا یہ ہمارے لئے شرف احترام اور بڑائی ہے تو اب ہم تجھے یاد کر رہے ہیں جیسے تو نے حکم دیا ہے پس تو بھی ہم سے کیا ہوا وعدہ پورا کر اے یاد کرنے والوں کو یاد کرنے والے اور اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

# مناجاة الشاكرين

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحيمِ

اِلٰهي اَذْهَلَني عَنْ اِقامَةِ شُكْرِكَ تَتابُعُ طَوْلِكَ ، وَ اَعْجَزَني عَنْ اِحْصاءِ ثَنائِكَ فَيْضُ فَضْلِكَ ، وَشَغَلَني عَنْ ذِكْرِ مَحامِدِكَ تَرادُفُ عَوائِدِكَ [1] وَاَعْياني عَنْ نَشْرِ عَوارِفِكَ [2] تَوالي اَياديكَ [3] .

وَهٰذا مَقامُ مَنِ اعْتَرَفَ بِسُبُوغِ النَّعْماءِ، وَقابَلَها بِالتَّقْصيرِ ، وَشَهِدَ عَلىٰ نَفْسِهِ بِالْاِهْمالِ وَالتَّضْييعِ ، وَاَنْتَ الرَّؤُوفُ الرَّحيمُ ، الْبَرُّ الْكَريمُ، الَّذي لا يُخَيِّبُ قاصِديهِ، وَلا يَطْرُدُ عَنْ فِنائِهِ آمِليهِ، بِساحَتِكَ تَحُطُّ رِحالُ الرّاجينَ، وَبِعَرْصَتِكَ تَقِفُ آمالُ الْمُسْتَرْفِدينَ [4] فَلا تُقابِلْ آمالَنا بِالتَّخْييبِ وَالْاِياسِ، وَلا تُلْبِسْنا سِرْبالَ الْقُنُوطِ وَ الْاِبْلاسِ [5] .

اِلٰهي تَصاغَرَ عِنْدَ تَعاظُمِ آلائِكَ شُكْري، وَ تَضاءَلَ [6] في جَنْبِ اِكْرامِكَ اِيّايَ ثَنائي وَنَشْري.

---

١ــ عوائدك : معروفك وصلتك .
٢ــ عوارفك : إحسانك .
٣ــ أياديك : نعمك .
٤ــ المسترفدين : طالبي العطاء.
٥ــ الإبلاس: الحيرة.
٦ــ تضاءل : تصاغر.

# مناجاتِ شاکرین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

میرے معبود تیری لگا تار بخششوں نے مجھے تیرا شکر ادا کرنے سے غافل کر دیا ہے اور تیرے فضل کے تواتر نے مجھے تیری ثناء کا اندازہ کرنے سے عاجز کر دیا ہے اور تیری پے در پے ہونے والی مہربانیوں نے مجھے تیری تعریفوں کے بیان سے بے دھیان کر دیا اور تیری مسلسل نعمتوں نے مجھے تیرے احسانات کے ذکر سے تھکا کر رکھ دیا۔

یہی مقام ہے اس شخص کا جو تیری نعمتوں کا معترف ہے اور ان پر شکر سے قاصر رہا وہ اپنی اس بے دھیانی اور نافکری پر خود ہی گواہ ہے اور تو ہی وہ شفیق و مہربان نیک نام سخی ہے جو اپنی درگاہ کا قصد کرنے والوں کو ناامید نہیں کرتا اور آرزومندوں کو اپنے آستاں سے دور نہیں کرتا تیرے ہی در پر امیدواروں کے سامان اترتے ہیں اور تیرے ہی میدان میں طالبان نعمت کی تمنائیں جگہ پاتی ہیں پس ہماری چاہتوں کے مقابلے میں ناامیدی و یاس نہ دے اور ہمیں نومیدی اور پشیمانی کا پیراہن نہ پہنا۔

میرے معبود تیری بزرگ تر نعمتوں کے سامنے میرا شکر و سپاس ہیچ ہے تیری بڑائیوں کے مقابل میری زبان سے تیری تعریف و ذکر بے مایہ ہے۔

جَلَّلَتْني نِعَمُكَ مِنْ اَنْوارِ الْاِيمانِ حُلَلاً، وَضَرَبَتْ عَلَيَّ لَطآئِفُ بِرِّكَ مِنَ الْعِزِّ كِلَلاً [7] وَقَلَّدَتْني مِنَنُكَ قَلآئِدَ لا تُحَلُّ، وَ طَوَّقَتْني اَطْواقاً لا تُفَلُّ، فَآلآؤُكَ جَمَّةٌ [8] ضَعُفَ لِساني عَنْ اِحْصآئِها، وَنَعْمآؤُكَ كَثيرَةٌ قَصُرَ فَهْمي عَنْ اِدْراكِها فَضْلاً عَنِ اسْتِقْصآئِها.

فَكَيْفَ لي بِتَحْصيلِ الشُّكْرِ وَشُكْري اِيّاكَ يَفْتَقِرُ اِلى شُكْرٍ؟! فَكُلَّما قُلْتُ لَكَ الْحَمْدُ، وَجَبَ عَلَيَّ لِذٰلِكَ اَنْ اَقولَ لَكَ الْحَمْدُ.

اِلٰهي فَكَما غَذَّيْتَنا بِلُطْفِكَ، وَ رَبَّيْتَنا بِصُنْعِكَ، فَتَمِّمْ عَلَينا سَوابِغَ النِّعَمِ، وَادْفَعْ عَنّا مَكارِهَ النِّقَمِ، وَآتِنا مِنْ حُظُوظِ الدّارَيْنِ [9] اَرْفَعَها وَاَجَلَّها عاجِلاً وَآجِلاً.

وَلَكَ الْحَمْدُ عَلىٰ حُسْنِ بَلآئِكَ [10] وَ سُبُوغِ نَعْمآئِكَ، حَمْداً يُوافِقُ رِضاكَ، وَ يَمْتَرِي [11] الْعَظيمَ مِنْ بِرِّكَ وَنَداكَ، يا عَظيمُ يا كَريمُ، بِرَحْمَتِكَ يا اَرْحَمَ الرّاحِمينَ.

* * *

www.MinhajBooks.com

---

٧ــ كللاً: أستاراً.  ٨ــ جمّة: كثيرة.

٩ــ الدارين: دارالدنيا ودارالآخرة.  ١٠ــ بلائك: إحسانك وإنعامك.  ١١ــ ⊗.

تیری نعمتوں نے مجھے ایمان کے نورانی حلوں سے ڈھانپ دیا اور تیری خوش آئیند بھلائی نے مجھے عزت کے تاج پہنائے ہیں تو نے مجھے فخر کے وہ حلقے پہنائے جو اترتے نہیں اور گردن میں وہ طوق ڈالا جو ٹوٹتا نہیں تیری مہربانیاں زیادہ ہیں میری زبان ان کو شمار کرنے سے عاجز ہے اور تیری نعمتیں کثیر ہیں میرا فہم ان کو سمجھنے سے قاصر ہے چہ جائیکہ ان کی تعداد کو جان سکے۔

تو میں کیسے مقام شکر حاصل کروں کہ میرا شکر کرنا بھی محتاج شکر ہے تو جب میں کہوں کی تیرے لئے حمد ہے اس کے لئے مجھ پر واجب ہے کہ میں کہوں تیرے لئے حمد ہے۔

پس جیسے تو نے ہمیں اپنے لطف سے غذا دی اور اپنے احسان سے پرورش کی ہے تو ہم پر اپنی کثیر نعمتیں بھی تمام فرما اور عذاب کی سختیاں ہم سے دور کر دے اور ہمیں دنیا و آخرت میں بہتر اور بیشتر حصہ عطا فرما۔

اب بھی اور تب بھی تیرے لئے حمد ہے تیری بہترین آزمائش اور کثیر نعمتوں پر ایسی حمد جو تیری رضا کے موافق ہو اور تیرے عظیم احسان و بخشش کو حاصل کرے اے عظیم اے کریم تیری رحمت کا واسطہ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

# مناجاة المطيعين

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اَللّٰهُمَّ اَلْهِمْنا طاعَتَكَ، وَجَنِّبْنا مَعْصِيَتَكَ [1] وَيَسِّرْ لَنا بُلُوغَ ما نَتَمَنّٰى مِنِ ٱبْتِغآءِ رِضْوانِكَ، وَاَحْلِلْنا بُحْبُوحَةَ جِنانِكَ، وَٱقْشَعْ [2] عَنْ بَصآئِرِنا سَحابَ الْاِرْتِيابِ، وَٱكْشِفْ عَنْ قُلُوبِنا اَغْشِيَةَ الْمِرْيَةِ [3] وَالْحِجابِ، وَاَزْهِقِ الْباطِلَ عَنْ ضَمآئِرِنا، وَاَثْبِتِ الْحَقَّ في سَرآئِرِنا، فَاِنَّ الشُّكُوكَ وَالظُّنُونَ لَواقِحُ [4] الْفِتَنِ، وَمُكَدِّرَةٌ لِصَفْوِ الْمَنآئِحِ [5] وَالْمِنَنِ.

اَللّٰهُمَّ ٱحْمِلْنا في سُفُنِ نَجاتِكَ، وَمَتِّعْنا بِلَذيذِ مُناجاتِكَ، وَاَوْرِدْنا حِياضَ حُبِّكَ، وَاَذِقْنا حَلاوَةَ وُدِّكَ وَقُرْبِكَ، وَٱجْعَلْ جِهادَنا فيكَ، وَهَمَّنا في طاعَتِكَ، وَاَخْلِصْ نِيّاتِنا في مُعامَلَتِكَ، فَاِنّا بِكَ وَلَكَ، وَلا وَسيلَةَ لَنا اِلَيْكَ اِلّا اَنْتَ.

اِلٰهى ٱجْعَلْني مِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيارِ، وَاَلْحِقْني بِالصّالِحينَ الْاَبْرارِ، السّابِقينَ اِلَى الْمَكْرُماتِ [6] الْمُسارِعينَ اِلَى الْخَيْراتِ،

---

١ـ معاصيك «خ». ٢ـ أقشع: اكشف وأزل. ٣ـ المرية: الشكّ والجدل.
٤ـ لواقح: مسبّبات ومولّدات. ٥ـ المنائح: العطايا. ٦ـ المكرمات: فعل الكرم.

# مناجاتِ مطیعین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ٥

اے معبود ہمیں اپنی فرمانبرداری کی تعلیم دے اور اپنی نافرمانی سے بچائے رکھ ہمارے لئے ان تمناؤں تک پہنچنا آسان فرما جو تیری رضا حاصل کرنے کا ذریعہ ہوں ہمیں اپنی جنت کے وسط میں جگہ دے ہماری آنکھوں سے شک کے بادل دور کر دے ہمارے دلوں سے شبہ و حجاب کی رکاوٹیں ہٹا دے اور ہمارے ضمیروں سے باطل کو مٹا دے ہمارے باطن میں حق کو قائم کر دے کیونکہ شکوک اور گمان فتنہ پیدا کرتے ہیں اور بخششوں اور احسانوں کی چمک پر داغ لگاتے ہیں۔

اے معبود ہمیں نجات کی کشتیوں میں جگہ دے اپنے حضور مناجات لذت نصیب فرما ہمیں اپنی دوستی کے حوضوں میں داخل کر اور اپنی محبت اور قرب کی مٹھاس چکھا دے ہمارا جہاد اپنی راہ میں قرار دے اور اپنی اطاعت کی ہمت عطا کر اپنے ساتھ معاملت میں ہماری نیتوں کو خالص فرما کہ ہم تیرے ساتھ اور تیرے لئے ہیں تیری بارگاہ میں ہمارا کوئی وسیلہ نہیں مگر خود تو ہی ہے۔

میرے معبود مجھے چنے ہوئے نیک لوگوں میں سے قرار دے اور مجھے نیکوکار پاک دل لوگوں میں شامل فرما جو خوبیوں میں آگے بڑھنے اور نیکیوں میں جلدی کرنے والے ہیں۔

الْعامِلينَ لِلْباقِياتِ الصّالِحاتِ، السّاعِينَ اِلٰی رَفيعِ الدَّرَجاتِ، اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَيْءٍ قَديرٌ ، وَبِالْاِجابَةِ جَديرٌ ، بِرَحْمَتِكَ يا اَرْحَمَ الرّاحِمينَ.

* * *

www.MinhajBooks.com

جو اچھے آثار پر عمل کرنے والے اونچے درجوں کی طرف جانے میں کوشاں ہیں بیشک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اور قبول کرنے کا اہل ہے تیری رحمت کا واسطہ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

# مناجاة المريدين

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحيمِ

سُبْحانَكَ ما اَضْيَقَ الطُّرُقَ عَلىٰ مَنْ لَمْ تَكُنْ دَليلَهُ! وَما اَوْضَحَ الْحَقَّ عِنْدَ مَنْ هَدَيْتَهُ سَبيلَهُ!

اِلٰهي فَاسْلُكْ بِنا سُبُلَ الْوُصُولِ اِلَيْكَ، وَسَيِّرْنا في اَقْرَبِ الطُّرُقِ لِلْوُفُودِ عَلَيْكَ، قَرِّبْ عَلَيْنا الْبَعيدَ، وَسَهِّلْ عَلَيْنا الْعَسيرَ الشَّديدَ، وَاَلْحِقْنا بِعِبادِكَ الَّذينَ هُمْ بِالْبِدارِ ١ اِلَيْكَ يُسارِعُونَ، وَبابَكَ عَلَى الدَّوامِ يَطْرُقُونَ، وَ اِيّاكَ فِى اللَّيلِ وَالنَّهارِ يَعْبُدُونَ، وَهُمْ مِنْ هَيْبَتِكَ مُشْفِقُونَ ٢ الَّذينَ صَفَّيْتَ لَهُمُ الْمَشارِبَ، وَ بَلَّغْتَهُمُ الرَّغائِبَ، وَاَنْجَحْتَ لَهُمُ الْمَطالِبَ، وَقَضَيْتَ لَهُمْ مِنْ فَضْلِكَ الْمَآرِبَ، وَمَلَأْتَ لَهُمْ ضَمائِرَهُمْ مِنْ حُبِّكَ، وَرَوَيْتَهُمْ مِنْ صافي شِرْبِكَ، فَبِكَ اِلىٰ لَذيذِ مُناجاتِكَ وَصَلُوا، وَ مِنْكَ اَقْصىٰ مَقاصِدِهِمْ حَصَلُوا، فَيامَنْ هُوَ عَلَى الْمُقْبِلينَ عَلَيْهِ مُقْبِلٌ، وَ بِالْعَطْفِ ٣ عَلَيْهِمْ عائِدٌ مُفْضِلٌ، وَ بِالْغافِلينَ عَنْ ذِكْرِهِ رَحيمٌ رَؤُوفٌ، وَبِجَذْبِهِمْ اِلىٰ بابِهِ وَدُودٌ عَطُوفٌ.

اَسْاَ لُكَ اَن تَجْعَلَني مِنْ اَوْفَرِهِمْ مِنْكَ حَظّاً، وَاَعْلاهُمْ عِنْدَكَ مَنْزِلاً، وَاَجْزَلِهِمْ مِنْ وُدِّكَ قِسْماً، وَاَفْضَلِهِمْ في مَعْرِفَتِكَ نَصيباً، فَقَدِ

---

١ـ البدار: المبادرة والإسراع. ٢ـ مشفقون: خائفون حذرون. ٣ـ بالعطف: بالشفقة والإحسان.

www.MinhajBooks.com

# مناجاتِ مریدین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ٥

تو پاک ہے کتنے تنگ ہیں راستے اس کے لئے جس کا رہبر تو نہ ہو اور اس کے لئے حق کتنا واضح ہے جسے تو راستہ بتائے۔

میرے معبود ہمیں اپنی درگاہ تک پہنچانے والے راستوں پر چلا اور ہمیں اپنی طرف لے جانے والے قریب ترین راستوں پر رواں فرما جو دور ہے وہ ہمارے قریب لے آ اور جو مشکل اور کٹھن ہے وہ ہمارے لئے آسان فرما دے ہمیں اپنے ان بندوں سے ملحق کر دے جو تیری طرف بڑھنے میں جلدی کرنے والے ہیں اور تیرے دروازۂ رحمت کو ہمیشہ کھٹکھٹاتے ہیں رات دن تیری عبادت میں مشغول رہتے ہیں اور تیرے دبدبہ سے خائف و ترساں رہتے ہیں وہ وہی ہیں جن کی سیرابی کی جگہوں کو تو نے صاف کیا اور انہیں ان کی چاہتوں تک پہنچایا ہے انہیں اپنے مقاصد میں کامیاب بنایا اور اپنے کرم سے ان کی حاجات پوری فرمائی ہیں ان کے دلوں کو اپنی محبت سے لبریز کر دیا ہے اور انہیں شفاف گھاٹ سے سیراب کیا ہے وہ تجھ سے مناجات کی لذت سے تیری بارگاہ میں پہنچے ہیں اور تجھی سے انہوں نے اپنے تمام مقاصد حاصل کئے ہیں پس اے وہ جو اپنی طرف رخ کرنے والوں کی جانب متوجہ ہے اور اپنی مہربانی سے انہیں متواتر نعمت دینے اور بخشنے والا ہے اور اپنے ذکر سے غفلت کرنے والوں پر نرم اور مہربان ہے اور انہیں اپنے دروازے پر لانے میں پیار کرنے والا مہربان ہے۔

میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ مجھے ان لوگوں میں رکھ جو تیرے ہاں زیادہ حصہ رکھتے ہیں اور تیرے حضور ان کا مقام بلند ہے اور انہوں نے تیری رحمت کا زیادہ حصہ پایا ہے اور وہ تیری معرفت میں سے بہت زیادہ حصہ لے چکے ہیں۔

اَنْقَطَعَتْ اِلَيْكَ هِمَّتي، وَاَنْصَرَفَتْ نَحْوَكَ رَغْبَتي، فَاَنْتَ لا غَيْرُكَ مُرادي، وَلَكَ لا لِسِواكَ سَهَري وَسُهادي [4] وَلِقاؤُكَ قُرَّةُ عَيْني، وَوَصْلُكَ مُنىٰ نَفْسي، وَاِلَيْكَ شَوْقي، وَفي مَحَبَّتِكَ وَلَهي [5] وَاِلىٰ هَواكَ صَبابَتي [6] وَرِضاكَ بُغْيَتي، وَرُؤْيَتُكَ حاجَتي، وَجِوارُكَ طِلْبَتي، وَقُرْبُكَ غايَةُ سُؤْلي، وَفي مُناجاتِكَ رَوْحي وَراحَتي، وَعِنْدَكَ دَوآءُ عِلَّتي، وَشِفآءُ غُلَّتي [7] وَبَرْدُ لَوْعَتي، وَكَشْفُ كُرْبَتي.

فَكُنْ اَنيسي في وَحْشَتي، وَمُقيلَ عَثْرَتي، وَغافِرَ زَلَّتي، وَقابِلَ تَوْبَتي، وَمُجيبَ دَعْوَتي، وَوَلِيَّ عِصْمَتي، وَمُغْنِيَ فاقَتي [8] وَلا تَقْطَعْني عَنْكَ، وَلا تُبْعِدْني مِنْكَ، يا نَعيمي وَجَنَّتي، وَيا دُنْيايَ وَآخِرَتي، يا اَرْحَمَ الرّاحِمينَ.

* * *

٤ــ سهادي: ارقي. ٥ــ ولهي: تحيّري من شدّة الوجد. ٦ــ صبابتي: شوقي.

٧ــ الغلة: شدّة العطش وحرارته. ٨ــ فاقتي: فقري وحاجتي.

پس میری ہمت تجھ تک آ کر قطع ہوگئی ہے اور میں نے اپنی چاہت تیری طرف پھیر دی ہے تو ہی ہے کہ تیرے سوا میرا کوئی مطلوب نہیں میری نیند اور بیداری تیرے لئے ہے کسی اور کے لئے نہیں تیری ملاقات میری آنکھوں کی ٹھنڈک اور تجھ سے ملنا میری دلی آرزو ہے مجھے تیرا ہی شوق ہے اور تیری ہی محبت کا مجھے جنون ہے تیری چاہت میرا عشق ہے اور تیری رضا میرا مقصود ہے تیرا نظارہ ہی میری ضرورت ہے تیرا ساتھ میری طلب ہے تیرا قرب میری انتہائی خواہش ہے اور تجھ سے راز و نیاز میں میری خوشی ومسرت ہے تو ہی میری بیماری و علت کی دوا میرے سوز جگر کی شفا سوز دل کی خنکی ہے اور میری سختی کا دور ہونا ہے۔

پس تو میری تنہائی کا ساتھی بن جا میری خطاؤں کو معاف کرنے والا میری کوتاہیوں کو بخشنے والا میری توبہ قبول کرنے والا میری دعا قبول کرنے والا میری نگہداری کا ذمہ دار اور کمی کو پورا کرنے والا بن جا مجھے خود سے الگ نہ فرما اور نہ خود سے دور ہٹا اے میرے لئے نعمت اے میری جنت اے میری دنیا و آخرت اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

# مناجاة الزاهدين

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحيمِ

اِلٰهي اَسْكَنْتَنا داراً [١] حَفَرَتْ لَنا حُفَرَ مَكْرِها، وَعَلَّقْتَنا بِاَيْدِي الْمَنايا في حَبآئِلِ [٢] غَدْرِها، فَاِلَيْكَ نَلْتَجِئُ مِنْ مَكائِدِ خُدَعِها، وَبِكَ نَعْتَصِمُ مِنَ الْاِغْتِرارِ بِزَخارِفِ زينَتِها، فَاِنَّهاالْمُهْلِكَةُ طُلّابَها، الْمُتْلِفَةُ حُلّالَها [٣] الْمَحْشُوَّةُ بِالْآفاتِ، الْمَشْحُونَةُ بِالنَّكَباتِ.

اِلٰهي فَزَهِّدْنا فيها، وَسَلِّمْنا مِنها بِتَوْفيقِكَ وَعِصْمَتِكَ، وَانْزِعْ عَنّا جَلابيبَ [٤] مُخالَفَتِكَ، وَتَوَلَّ اُمُورَنا بِحُسْنِ كِفايَتِكَ، وَاَوْفِرْ مَزيدَنا مِنْ سَعَةِ رَحْمَتِكَ، وَاَجْمِلْ صِلاتِنا [٥] مِنْ فَيْضِ مَواهِبِكَ، وَاغْرِسْ في اَفْئِدَتِنا اَشْجارَ مَحَبَّتِكَ، وَاَتْمِمْ لَنا اَنْوارَ مَعْرِفَتِكَ، وَاَذِقْنا حَلاوَةَ عَفْوِكَ وَلَذَّةَ مَغْفِرَتِكَ، وَاَقْرِرْ اَعْيُنَنا يَوْمَ لِقائِكَ بِرُؤْيَتِكَ، وَاَخْرِجْ حُبَّ الدُّنْيا مِنْ قُلُوبِنا كَما فَعَلْتَ بِالصّالِحينَ مِنْ صَفْوَتِكَ وَالْاَبْرارِ مِنْ خاصَّتِكَ، بِرَحْمَتِكَ يا اَرْحَمَ الرّاحِمينَ، وَيا اَكْرَمَ الْاَكْرَمينَ.

* * *

١ـ أي دار الدنيا. ٢ـ حبائل: مصائد.
٣ـ حلّالها: نزّالها. ٤ـ ⊗. ٥ـ صلاتنا: عطايانا.

# مناجاتِ زاهدین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ٥

میرے معبود تو نے ہمیں ایسے گھر میں رکھا جو اس کے فریب کے کدال نے ہمارے لئے کھودا ہے اور تو نے ہمیں آرزوؤں کے ہاتھوں اس کے فریب کی رسیوں میں جکڑ دیا ہے پس ہم اس دنیا کے فریبوں اور مکاریوں سے تیری پناہ چاہتے ہیں اور ہم اس کی جھوٹی زینتوں کے دھوکوں سے بچنے کے لئے تیرا مضبوط دامن پکڑتے ہیں کہ یہ اپنے طلبگاروں کو ہلاک کرنے والی یہاں آنے والوں کو تلف کرنے والی آفتوں سے بھری بدحالیوں سے پُرشدہ ہے۔

میرے معبود ہمیں اس میں زہد عطا فرما اور اپنی مدد اور حفاظت کے ساتھ اس سے بچائے رکھ اپنی مخالفت کی چادروں کو ہم سے جدا کر دے اپنی بہترین کفایت سے ہمارے امور کی سرپرستی فرما ہمارے لئے اپنی وسیع رحمت فراواں اور زیادہ کر دے اپنی عطاؤں کے فیض سے ہمیں بہترین جزائیں دے ہمارے دلوں میں اپنی محبت کے درخت لگا دے ہمیں اپنی معرفت کے سبھی انوار عطا کر دے اور اپنے عفو کی شیرینی اور بخشش کی لذت کا ذائقہ چکھا اپنی ملاقات کے دن اپنے جمال سے ہماری آنکھیں ٹھنڈی فرما اور ہمارے دلوں سے دنیا کی محبت نکال دے جیسا کہ تو نے اپنے مخصوص نیکوکاروں اور اپنے چنے ہوئے خوش کردار لوگوں کے لئے کیا تجھے واسطہ تیری رحمت کا اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے اور اے سب سے زیادہ کرم کرنے والے۔

# مناجاة المتوسّلين

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اِلٰهي لَيْسَ لي وَسيلَةٌ اِلَيْكَ اِلّا عَواطِفُ رَأْفَتِكَ، وَلا لي ذَريعَةٌ اِلَيْكَ اِلّا عَوارِفُ رَحْمَتِكَ وَشَفاعَةُ نَبِيِّكَ، نَبِيِّ الرَّحْمَةِ، وَمُنْقِذِ الْاُمَّةِ مِنَ الْغُمَّةِ [1] فَاجْعَلْهُما لي سَبَباً اِلىٰ نَيْلِ غُفْرانِكَ، وَصَيِّرْهُما لي وُصْلَةً اِلَى الْفَوْزِ بِرِضْوانِكَ، وَقَدْ حَلَّ [2] رَجآئي بِحَرَمِ كَرَمِكَ، وَحَطَّ طَمَعي [3] بِفِنآءِ جُودِكَ، فَحَقِّقْ فيكَ اَمَلي، وَاخْتِمْ بِالْخَيْرِ عَمَلي، وَاجْعَلْني مِنْ صَفْوَتِكَ الَّذينَ اَحْلَلْتَهُمْ بُحْبُوحَةَ جَنَّتِكَ، وَ بَوَّأْتَهُمْ دارَ كَرامَتِكَ، وَاَقْرَرْتَ اَعْيُنَهُمْ بِالنَّظَرِ اِلَيْكَ يَوْمَ لِقآئِكَ، وَ اَوْرَثْتَهُمْ مَنازِلَ الصِّدْقِ في جِوارِكَ.

يا مَنْ لا يَفِدُ [4] الْوافِدُونَ عَلىٰ اَكْرَمَ مِنْهُ، وَلا يَجِدُ الْقاصِدُونَ اَرْحَمَ مِنْهُ، يا خَيْرَ مَنْ خَلا بِهِ وَحيدٌ، وَيا اَعْطَفَ مَنْ آوىٰ اِلَيْهِ طَريدٌ.

اِلىٰ سَعَةِ عَفْوِكَ مَدَدْتُ يَدي، وَبِذَيْلِ كَرَمِكَ اَعْلَقْتُ كَفّي، فَلا تُولِنِي [5] الْحِرْمانَ، وَلا تُبْلِني بِالْخَيْبَةِ وَالْخُسْرانِ، يا سَميعَ الدُّعآءِ يا اَرْحَمَ الرّاحِمينَ.

* * *

١ــ الغمّة: الكرب.
٢ــ حلّ: نزل.
٣ــ حططت رحلي «خ».
٤ــ لايفد: لايرد.
٥ــ تولني: تقلّدني.

# مناجاتِ متوسلین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ o

میرے معبود تیری درگاہ تک میرا کوئی وسیلہ نہیں مگر تیرا کرم اور مہربانیاں اور تجھ تک پہنچنے کا میرا کوئی ذریعہ نہیں مگر تیری رحمت اور احسان اور تیرے نبی رحمت کی شفاعت جو امت کو گمراہی سے نکالنے والے ہیں ان دونوں کو میرے لئے اپنی بخشش کے حصول کا ذریعہ بنا اور انہی دونوں کو میرے لئے اپنی رضا تک پہنچنے کا وسیلہ قرار دے میری امیدیں تیری بارگاہ کرم سے لگی ہیں اور میری خواہش مجھے آستان سخاوت پر لائی ہے پس میری امید پوری فرما میرے عمل کا انجام بہ خیر کر مجھے ان اہل صفا میں قرار دے جن کو تو نے اپنی جنت کے بیچوں بیچ جگہ عطا کی ہے اور انہیں اپنے کرامت والے گھر میں رکھا تو نے یوم ملاقات اپنی درگاہ کی طرف نظر کرنے سے ان کی آنکھوں کو روشن کیا اور انہیں اپنے قرب میں صدق کی منزلوں کا وارث بنایا۔

اے وہ کہ وارد ہونے والے اس سے زیادہ کریم کے ہاں وارد نہیں ہوتے اور نہ ہی قصد کرنے والے کوئی اس سے زیادہ رحم والا پاتے ہیں اے ان سب سے بہتر جن سے تنہائی میں ملاقات کی جائے اور اے بہت مہربان کہ ہر دور کیا ہوا تیرے ہی وسیع و امان عفو میں پناہ حاصل کرتا ہے۔

میں نے اپنا ہاتھ پھیلایا اور تیرے دامن سخاوت کو اپنی ہتھیلی سے تھام لیا ہے پس مجھے ناامید نہ فرما اور مجھے رسوائی اور گھاٹے سے دوچار نہ کر اے دعا کے سننے والے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

# مناجاة المتوكلين

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحيمِ

سَيّدي عَلَيْكَ مُعْتَمَدي وَمُعَوَّلي [٦٢] وَ رَجآئي وَتَوَكُّلي، وَ بِرَحْمَتِكَ تَعَلُّقي، تُصيبُ بِرَحْمَتِكَ مَنْ تَشآءُ وَ تَهْدي بِكَرامَتِكَ مَنْ تُحِبُّ، فَلَكَ الْحَمْدُ عَلىٰ مانَقَّيْتَ مِنَ الشِّرْكِ قَلْبي، وَلَكَ الْحَمْدُ عَلىٰ بَسْطِ لِساني.

اَفَبِلِساني هٰذَا الْكالِّ [٦٣] اَشْكُرُكَ ؟! اَمْ بِغايَةِ جُهْدي في عَمَلي اُرْضيكَ ؟! وَما قَدْرُ لِساني يا رَبِّ في جَنْبِ شُكْرِكَ ؟ وَما قَدْرُ عَمَلي في جَنْبِ نِعَمِكَ وَ اِحْسانِكَ اِلَيَّ ؟ اِلّا اَنَّ جُودَكَ بَسَطَ اَمَلي، وَشُكْرَكَ قَبِلَ عَمَلي.

سَيّدي اِلَيْكَ رَغْبَتي، وَمِنْكَ رَهْبَتي، وَاِلَيْكَ تَأْميلي، قَدْ ساقَني اِلَيْكَ اَمَلي، وَعَلَيْكَ يا واحِدي [٦٤] عَكَفَتْ [٦٥] هِمَّتي، وَفيما عِنْدَكَ انْبَسَطَتْ رَغْبَتي، وَلَكَ خالِصُ رَجآئي وَخَوْفي، وَبِكَ اَنِسَتْ مَحَبَّتي، وَاِلَيْكَ اَلْقَيْتُ بِيَدي، وَبِحَبْلِ طاعَتِكَ مَدَدْتُ رَهْبَتي.

يا مَوْلايَ بِذِكْرِكَ عاشَ قَلْبي، وَ بِمُناجاتِكَ بَرَّدْتُ اَلَمَ الْخَوْفِ

---

٦٢ــ معوّلي: ثقتي. ٦٣ــ الكالّ: العاجز.

٦٤ــ واحدي: الذي ليس لي أحدغيره. ٦٥ــ عكفت: لزمت.

www.MinhajBooks.com

# مناجاتِ متوکلین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ٥

میرے سردار تو ہی میرا سہارا ہے، تو ہی میری ٹیک ہے، تو ہی میری امید گاہ ہے، تجھی پر مجھے بھروسہ ہے اور تیری رحمت سے تعلق ہے، تو جسے چاہے رحمت سے نوازتا ہے اور جسے تو پسند کرے اس کو اپنی مہربانی کی راہ دکھاتا ہے۔ پس حمد تیرے ہی لئے کہ تو نے میرے دل کو شرک سے پاک کیا تیرے ہی لئے حمد ہے کہ تو نے میری زبان کو گویا کیا۔

آیا میں اس کج مج زبان سے تیرا شکر ادا کرسکتا ہوں یا عمل میں کوشش کر کے تجھے راضی کرسکتا ہوں۔ اے پروردگار! تیری حمد کے مقابل میری زبان کی کیا حیثیت ہے اور تیری نعمتوں اور احسانوں کے سامنے میرے عمل کا کیا وزن ہے میرے معبود! تیری سخاوت نے میری آرزو کو بڑھا اور تیری قدردانی نے میرے عمل کو قبول فرمایا ہے۔

میرے سردار! میری رغبت تیری طرف اور خوف بھی تجھی سے ہے، میری امید تیری ذات سے ہے، اور یہ مجھے تیرے حضور کھینچ لائی ہے۔ اے خدائے یکتا! میری ہمت تیرے حضور آ کے بس ہوگئی اور میری رغبت تیرے خزانے کے گرد گھوم رہی ہے، میری امید اور میرا خوف خاص تیرے لئے ہے، میری محبت تیرے ساتھ لگی ہوئی ہے، میرے ہاتھ نے تیرا دامن تھام رکھا ہے، میرے خوف نے مجھے تیری اطاعت کی طرف بڑھایا ہے۔

اے میرے آقا! میرا دل تیرے ذکر سے زندہ ہے اور تیری مناجات کے ذریعے میں نے اپنا خوف دور کیا ہے۔

عَنّي، فَيا مَوْلايَ وَيامُؤَمَّلي وَيامُنْتَهىٰ سُؤْلي،فَرِّقْ بَيْني وَبَيْنَ ذَنْبِي الْمانِعِ لي مِنْ لُزُومِ طاعَتِكَ، فَاِنَّما اَسْاَلُكَ ٦٦ لِقَديمِ الرَّجآءِ لَكَ، وَعَظيمِ الطَّمَعِ فيكَ الَّذي اَوْجَبْتَهُ عَلىٰ نَفْسِكَ مِنَ الرَّأْفَةِ وَالرَّحْمَةِ، فَالْاَمْرُ لَكَ وَحْدَكَ ٦٧ وَالْخَلْقُ كُلُّهُمْ عِيالُكَ وَفي قَبْضَتِكَ، وَكُلُّ شَيْءٍ خاضِعٌ لَكَ، تَبارَكْتَ يارَبَّ الْعالَمينَ.

اِلٰهي اَرْحَمْني اِذَا انْقَطَعَتْ حُجَّتي، وَكَلَّ عَنْ جَوابِكَ لِساني، وَطاشَ ٦٨ عِنْدَ سُؤالِكَ اِيّايَ لُبّي، فَياعَظيماً يُرْجىٰ لِكُلِّ عَظيمٍ اَنْتَ رَجآئي فَلا تُخَيِّبْني ٦٩ اِذَا اشْتَدَّتْ فاقَتي، وَلا تَرُدَّني لِجَهْلي، وَلا تَمْنَعْني لِقِلَّةِ صَبْري، وَاَعْطِني لِفَقْري، وَارْحَمْني لِضَعْفي.

سَيِّدي عَلَيْكَ مُعْتَمَدي وَمُعَوَّلي وَرَجآئي وَتَوَكُّلي، وَبِرَحْمَتِكَ تَعَلُّقي وَبِفِنآئِكَ اَحُطُّ رَحْلي، وَبِجُودِكَ اَقْصُرُ ٧٠ طَلِبَتي، وَبِكَرَمِكَ-اَيْ رَبِّ- اَسْتَفْتِحُ دُعآئي، وَلَدَيْكَ اَرْجُو سَدَّ فاقَتي، وَبِغِناكَ اَجْبُرُ عَيْلَتي ٧١ وَتَحْتَ ظِلِّ عَفْوِكَ قِيامي، وَاِلىٰ جُودِكَ وَكَرَمِكَ اَرْفَعُ بَصَري، وَاِلىٰ مَعْرُوفِكَ اُديمُ نَظَري، فَلا تُحْرِقْني بِالنّارِ وَاَنْتَ مَوْضِعُ اَمَلي، وَلا تُسْكِنّي الْهاوِيَةَ فَاِنَّكَ قُرَّةُ عَيْني.

يا سَيِّدي لا تُكَذِّبْ ظَنّي بِاِحْسانِكَ وَمَعْرُوفِكَ، فَاِنَّكَ ثِقَتي،

---

٦٦ـ أدعوك «خ». ٦٧ـ وحدك لاشريك لك «خ». ٦٨ـ طاش: خف وتاه.

٦٩ـ فياعظيم رجائي لاتخيّبني «خ». ٧٠ـ أقصد «خ». ٧١ـ عيلتي: فقري.

پس اے میرے مولا! اور میری امید گاہ، اے میرے سوال کی انتہاء، مجھے اپنی اطاعت میں لگا کر مجھے گناہ سے روک دے اور میرے اور گناہ کے درمیان جدائی ڈال دے پس میں تجھ سے قدیمی امید اور بڑی خواہش رکھتے ہوئے سوال کرتا ہوں، اس مہربانی اور عنایت کا جو تو نے اپنی ذات پر واجب کی ہوئی ہے۔ پس حکم تیرا ہی ہے، تو یکتا ہے، تیرا کوئی ثانی نہیں ہے اور ساری مخلوق تیرا کنبہ ہے، جو تیرے اختیار میں ہے اور ہر چیز تیرے سامنے جھکی ہوئی ہے، تو بابرکت ہے۔ اے جہانوں کے پالنے والے۔

میرے اللہ! رحم فرما مجھ پر جب میرے پاس عذر نہ رہے تیرے حضور بولنے میں میری زبان گنگ ہو جائے اور تیرے سوال پر میری عقل گم ہو جائے، پس میری سب سے بڑی امیدگاہ مجھے اس وقت نا امید نہ کر، جب میری حاجت سخت ہو مجھے نادانی پر دور نہ فرما، میری کم صبری پر محروم نہ رکھ، میری حاجت کے مطابق عطا کر اور میری کمزوری پر رحم فرما۔

میرے سردار! تو ہی میرا آسرا ہے، تجھ پر بھروسہ ہے، تجھی سے امید ہے، تجھی پر توکل اور تیری رحمت سے تعلق ہے، تیری ڈیوڑھی پر ڈیرا ڈالے ہوئے ہوں، تیری سخاوت سے اپنی حاجت برآری چاہتا ہوں۔ اے میرے رب تیرے کرم سے اپنی دعا کی ابتداء کرتا ہوں، تجھ سے تنگی دور کرنے کی امید کرتا ہوں، تیرے خزانوں سے اپنی عسرت دور کرانا چاہتا ہوں، تیرے عفو کے سائے میں آیا کھڑا ہوں، میری نگاہیں تیری عطا و سخاوت کی طرف اٹھتی ہیں اور ہمیشہ تیرے احسان کی طرف نظر جمائے رکھتا ہوں۔ پس مجھے جہنم میں نہ جلانا کہ تو میری امید کا مرکز ہے اور مجھے ہاویہ دوزخ میں نہ ڈالنا، کیونکہ تو میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔

اے میرے آقا! تیرے احسان اور بھلائی سے مجھے جو گمان ہے اس کو نہ جھٹلا، کیونکہ تو ہی میری جائے اعتماد ہے، اور مجھے اپنی طرف کے ثواب

وَ لا تَحْرِمْني ثَوابَكَ ، فَاِنَّكَ الْعارِفُ بِفَقْري.

اِلٰهي اِنْ كانَ قَدْ دَنا اَجَلي وَلَمْ يُقَرِّبْني مِنْكَ عَمَلي، فَقَدْ جَعَلْتُ الْاِعْتِرافَ اِلَيْكَ بِذَنْبي وَسآئِلَ عِلَلي [72].

اِلٰهي اِنْ عَفَوْتَ فَمَنْ اَوْلىٰ مِنْكَ بِالْعَفْوِ؟ وَ اِنْ عَذَّبْتَ فَمَنْ اَعْدَلُ مِنْكَ فِي الْحُكْمِ؟

اِرْحَمْ في هٰذِهِ الدُّنْيا غُرْبَتي ، وَ عِنْدَ الْمَوْتِ كُرْبَتي ، وَفِي الْقَبْرِ وَحْدَتي ، وَفِي اللَّحْدِ وَحْشَتي ، وَاِذا نُشِرْتُ لِلْحِسابِ بَيْنَ يَدَيْكَ ذُلَّ مَوْقِفي فَاغْفِرْ لي ما خَفِيَ عَلَى الْآدَمِيّينَ مِنْ عَمَلي ، وَ اَدِمْ لي ما بِهِ سَتَرْتَني [73] وَ ارْحَمْني صَريعاً عَلَى الْفِراشِ تُقَلِّبُني اَيْدي اَحِبَّتي ، وَتَفَضَّلْ عَلَيَّ مَمْدُوداً عَلَى الْمُغْتَسَلِ يُغَسِّلُني صالِحُ جيرَتي ، وَتَحَنَّنْ عَلَيَّ مَحْمُولاً قَدْ تَناوَلَ الْاَقْرِباءُ اَطْرافَ جِنازَتي ، وَجُدْ عَلَيَّ مَنْقُولاً قَدْ نَزَلْتُ بِكَ وَحيداً في حُفْرَتي ، وَارْحَمْ في ذٰلِكَ الْبَيْتِ الْجَديدِ غُرْبَتي حَتّىٰ لا اَسْتَأْنِسَ بِغَيْرِكَ يا سَيِّدي ، فَاِنَّكَ اِنْ وَكَلْتَني اِلىٰ نَفْسي هَلَكْتُ.

سَيِّدي فَبِمَنْ اَسْتَغيثُ اِنْ لَمْ تُقِلْني عَثْرَتي؟ وَاِلىٰ مَنْ اَفْزَعُ اِنْ فَقَدْتُ عِنايَتَكَ في ضَجْعَتي؟ وَاِلىٰ مَنْ اَلْتَجِئُ اِنْ لَمْ تُنَفِّسْ كُرْبَتي؟

سَيِّدي مَنْ لي وَمَنْ يَرْحَمُني اِنْ لَمْ تَرْحَمْني؟ وَفَضْلَ مَنْ اُؤَمِّلُ اِنْ عَدِمْتُ فَضْلَكَ يَوْمَ فاقَتي؟ وَاِلىٰ مَنِ الْفِرارُ مِنَ الذُّنُوبِ اِذَا انْقَضىٰ اَجَلي؟ يا اَرْحَمَ الرّاحِمينَ.

* * *

---

٧٢ــ عللي: أعذاري.

٧٣ــ مسرّتي «خ».

سے محروم نہ فرما کہ تو میری محتاجی سے واقف ہے۔

میرے اللہ! اگر میری موت قریب آ گئی ہے اور میرے عمل نے مجھے تیرے نزدیک نہیں کیا تو میں اپنے گناہوں کے اقرار کو تیرے حضور اپنے گناہوں کا عذر قرار دیتا ہوں۔

میرے معبودؑ! اگر تو معاف کر دے تو کون تجھ سے زیادہ معاف کرنے والا ہے اور اگر تو عذاب دے تو کون ہے جو فیصلہ کرنے میں تجھ سے زیادہ عادل ہے۔

رحم فرما اس دنیا میں میری بے کسی پر موت کے وقت میری تکلیف پر اور قبر میں میری تنہائی اور پہلوئے قبر میں میری خوف زدگی پر رحم فرما جب میں حساب کے لئے اٹھایا جاؤں تو اپنے حضور میرے بیان کو نرم فرما، میرے اعمال میں سے جو لوگوں سے مخفی ہیں ان پر معافی فرما، میری جو پردہ پوشی کی ہے اسے دائمی کر دے۔ اور اس وقت رحم فرما، جب میرے دوست بستر پر میری پہلو بدلاتے ہوں گے، اس وقت رحم فرما جب میرے نیک ہمسائے تختۂ غسل پر مجھے ادھر سے ادھر کرتے ہوں گے، اس وقت مہربانی فرما جب میرے رشتہ دار میرا جنازہ چاروں طرف سے اٹھائے ہوئے لے جائیں گے اور مجھ پر اس وقت بخشش کر جب تیرے حضور آ ؤں گا اور قبر میں تنہا ہوں گا اور اس نئے گھر میں میری بے کسی پر رحم و کرم فرما، یہاں تک کہ تیرے سوا کسی اور سے لگاؤ نہ ہو اے میرے آ قا! اگر تو نے مجھے میرے حال پر چھوڑ دیا تو میں تباہ ہو جاؤں گا۔

میرے سردار! اگر تو نے خطا معاف نہ کی تو کس سے مدد مانگوں، اگر اس مصیبت میں مجھ پر تیری عنایت نہ ہو تو کس سے فریاد کروں اور اگر تو میری تنگی دور نہ کرے تو کسے اپنا حال سناؤں۔ میرے سردار اگر تو مجھ پر رحم نہ کرے تو پھر میرا ہے کون جو مجھ پر رحم کرے گا، اگر اس ضرورت کے دن مجھ پر تیرا کرم نہ ہو تو کس سے اس کی امید کروں، جب میرا وقت ختم ہو جائے تو گناہوں سے بھاگ کر کس کے پاس جاؤں، اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

# مناجاة المحبّين

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحيمِ

اِلٰهي مَنْ ذَا الَّذي ذاقَ حَلاوَةَ مَحَبَّتِكَ فَرامَ [١] مِنْكَ بَدَلاً، وَمَنْ ذَا الَّذي اَنِسَ بِقُرْبِكَ فَابْتَغى عَنْكَ حِوَلاً [٢].

اِلٰهي فَاجْعَلْنا مِمَّنِ اصْطَفَيْتَهُ لِقُرْبِكَ وَوِلايَتِكَ، وَاَخْلَصْتَهُ لِوُدِّكَ وَمَحَبَّتِكَ، وَشَوَّقْتَهُ اِلىٰ لِقائِكَ، وَرَضَّيْتَهُ بِقَضائِكَ، وَمَنَحْتَهُ بِالنَّظَرِ اِلىٰ وَجْهِكَ، وَحَبَوْتَهُ [٣] بِرِضاكَ، وَاَعَذْتَهُ مِنْ هَجْرِكَ وَقِلاكَ، وَبَوَّأْتَهُ [٤] مَقْعَدَ الصِّدْقِ في جِوارِكَ، وَخَصَصْتَهُ بِمَعْرِفَتِكَ، وَاَهَّلْتَهُ لِعِبادَتِكَ وَهَيَّمْتَ [٥] قَلْبَهُ لِإِرادَتِكَ، وَاجْتَبَيْتَهُ لِمُشاهَدَتِكَ، وَاَخْلَيْتَ وَجْهَهُ لَكَ، وَفَرَّغْتَ فُؤادَهُ لِحُبِّكَ، وَرَغَّبْتَهُ فيما عِنْدَكَ، وَاَلْهَمْتَهُ ذِكْرَكَ وَاَوْزَعْتَهُ [٦] شُكْرَكَ، وَشَغَلْتَهُ بِطاعَتِكَ، وَصَيَّرْتَهُ مِنْ صالِحي بَرِيَّتِكَ وَاخْتَرْتَهُ لِمُناجاتِكَ، وَقَطَعْتَ عَنْهُ كُلَّ شَيْءٍ يَقْطَعُهُ عَنْكَ؛

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنا مِمَّنْ دَأْبُهُمُ الْاِرْتِياحُ اِلَيْكَ وَالْحَنينُ، وَدَهْرُهُمُ الزَّفْرَةُ

---

١ــ رام: طلب. ٢ــ حولاً: إنتقالاً. ٣ــ حبوته: أعطيته.

٤ــ بوّأته: أنزلته وأسكنته. ٥ــ هيّمت: حبّبت وصرفت. ٦ــ أوزعته: ألهمته.

# مناجاتِ محبین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ٥

میرے معبود کون ہے جو تیری محبت کی شیرینی کا مزہ چکھے اور پھر اس میں تبدیلی کی خواہش کرے اور کون ہے جو تیری نزدیکی سے مانوس ہو اور پھر اس سے دوری ڈھونڈے۔

میرے معبود مجھے ان لوگوں میں قرار دے جن کو تو نے قرب و دوستی کے لئے پسند فرمایا اور جن کے لئے اپنی چاہت اور محبت میں خالص کیا ہے جنہیں اپنی ملاقات کا شوق دلایا ہے اور جن کو اپنی قضا پر راضی کیا اور اپنی ذات کا نظارہ کرنے کا شرف بخشا ہے جنہیں اپنی رضا سے نوازا ہے خود سے دوری اور علیحدگی سے پناہ میں رکھا ہے اور اپنی خوشنودی کے مقام کے قریب رکھا ہے اور انہیں اپنی معرفت کے لئے خاص کیا اپنی عبادت کا اہل بنایا ان کے دلوں میں اپنی ارادت پیدا کی اور ان کو اپنے جلووں کے مشاہدے کے لئے چن لیا ان کے چہروں کو اپنے حضور جھکایا ان کے دلوں کو اپنی محبت کے لئے فارغ کیا اور جو کچھ تیرے پاس ہے اس کی چاہت دی انہیں اپنا ذکر تعلیم کیا ان کو اپنے شکر کی توفیق دی اور اپنی اطاعت میں مشغول کیا انہیں اپنی نیک مخلوق میں سے قرار دیا اور انہیں اپنی مناجات کے لئے چنا تو نے ان سے وہ تمام چیزیں الگ کر دیں جو انہیں تجھ سے جدا کر سکتی تھیں۔

اے معبود ہمیں ان لوگوں میں قرار دے جو تیری بارگاہ میں شوق و خوشدلی رکھتے

وَالْاَنينُ، جِباهُهُمْ ساجِدَةٌ لِعَظَمَتِكَ ، وَعُيُونُهُمْ ساهِرَةٌ في خِدْمَتِكَ وَدُمُوعُهُمْ سآئِلَةٌ مِنْ خَشْيَتِكَ ، وَقُلُوبُهُمْ مُتَعَلِّقَةٌ بِمَحَبَّتِكَ ، وَاَفْئِدَتُهُمْ مُنْخَلِعَةٌ مِنْ مَهابَتِكَ .

يا مَنْ اَنْوارُ قُدْسِهِ لِاَبْصارِ مُحِبّيهِ رآئِقَةٌ، وَسُبُحاتُ وَجْهِهِ لِقُلُوبِ عارِفيهِ شآئِقَةٌ. يا مُنى قُلُوبِ الْمُشْتاقينَ، وَياغايَةَ آمالِ الْمُحِبّينَ.

اَسْاَلُكَ حُبَّكَ ، وَحُبَّ مَنْ يُحِبُّكَ ، وَحُبَّ كُلِّ عَمَلٍ يُوصِلُني اِلىٰ قُرْبِكَ ، وَاَنْ تَجْعَلَكَ اَحَبَّ اِلَيَّ مِمّا سِواكَ ، وَاَنْ تَجْعَلَ حُبّي اِيّاكَ قآئِداً اِلىٰ رِضْوانِكَ ، وَشَوْقي اِلَيْكَ ذآئِداً [7] عَنْ عِصْيانِكَ ، وَ امْنُنْ بِالنَّظَرِ اِلَيْكَ عَلَيَّ، وَانْظُرْ بِعَيْنِ الْوُدِّ وَالْعَطْفِ اِلَيَّ، وَلا تَصْرِفْ عَنّي وَجْهَكَ ، وَاجْعَلْني مِنْ اَهْلِ الْاِسْعادِ وَالْحَظْوَةِ [8] عِنْدَكَ ، يا مُجيبُ يا اَرْحَمَ الرّاحِمينَ.

* * *

www.MinhajBooks.com

---

٧ــ ذائداً: دافعاً. ٨ــ الحظوة: المكانة والمنزلة.

ہیں جن کی زندگی آہ وزاری سے عبارت ہے۔ ان کی پیشانیاں تیری بڑائی کے آگے جھکی ہوئی ہیں ان کی آنکھیں تیرے حضور بیدار رہتی ہیں تیرے خوف میں ان کے آنسو رواں ہیں ان کے دل تیری محبت کے لگے بندھے ہیں۔

ان کے باطن تیرے رعب سے پگھلے ہوئے ہیں اے وہ جس کی پاکیزگی کے انوار محبوں کو بھلے معلوم ہوتے ہیں اور اس کی ذات کے جلوے عارفوں کے دلوں کو کھولنے والے ہیں اے شوق رکھنے والے دلوں کی آرزو اے محبوں کے ارمانوں کی انتہا میں تجھ سے تیری محبت اور تجھ سے محبت کرنے والوں کی محبت مانگتا ہوں۔

اور ہر اس عمل کی محبت جو مجھے تیرے نزدیک کرنے والا ہے میں چاہتا ہوں کہ دوسروں سے زیادہ اپنی ذات کو میرا محبوب بنا اور یہ کہ میں تجھ سے جو محبت کرتا ہوں اسے میرے لئے دخول جنت کا ذریعہ بنا اور تیرے لئے میرا جوشوق ہے اسے نافرمانیوں سے مانع بنا دے اور اپنی نظر عنایت کر کے مجھ پر احسان فرما مجھ کو نرمی اور محبت کی نظروں سے دیکھ اور مجھ سے اپنی توجہ ہٹا نہ لے مجھے اپنے نزدیک اہل سعادت اور بہرہ مندوں میں قرار دے اے دعا قبول کرنے والے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

# مناجاة العارفين

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اِلٰهي قَصُرَتِ الْاَلْسُنُ عَنْ بُلُوغِ ثَنآئِكَ كَما يَليقُ بِجَلالِكَ، وَعَجَزَتِ الْعُقُولُ عَنْ اِدْراكِ كُنْهِ [١] جَمالِكَ، وَانْحَسَرَتِ الْاَبْصارُ دُونَ النَّظَرِ اِلٰى سُبُحاتِ وَجْهِكَ، وَلَمْ تَجْعَلْ لِلْخَلْقِ طَريقاً اِلٰى مَعْرِفَتِكَ اِلاّ بِالْعَجْزِ عَنْ مَعْرِفَتِكَ.

اِلٰهي فَاجْعَلْنا مِنَ الَّذينَ تَرَسَّخَتْ [٢] اَشْجارُ الشَّوْقِ اِلَيْكَ في حَدآئِقِ صُدُورِهِمْ، وَاَخَذَتْ لَوْعَةُ مَحَبَّتِكَ بِمَجامِعِ قُلُوبِهِمْ، فَهُمْ اِلٰى اَوْكارِ الْاَفْكارِ يَأْوُونَ، وَفي رِياضِ الْقُرْبِ وَالْمُكاشَفَةِ يَرْتَعُونَ [٣] وَمِنْ حِياضِ الْمَحَبَّةِ بِكَأْسِ الْمُلاطَفَةِ يَكْرَعُونَ، وَشَرآئِعَ الْمُصافاةِ يَرِدُونَ.

قَدْ كُشِفَ الْغِطآءُ عَنْ اَبْصارِهِمْ، وَانْجَلَتْ ظُلْمَةُ الرَّيْبِ عَنْ عَقآئِدِهِمْ وَ ضَمآئِرِهِمْ، وَانْتَفَتْ مُخالَجَةُ [٤] الشَّكِ عَنْ قُلُوبِهِمْ وَسَرآئِرِهِمْ، وَانْشَرَحَتْ بِتَحْقيقِ الْمَعْرِفَةِ صُدُورُهُمْ، وَعَلَتْ لِسَبْقِ السَّعادَةِ فِى الزَّهادَةِ هِمَمُهُمْ، وَعَذُبَ في مَعينِ [٥] الْمُعامَلَةِ شِرْبُهُمْ،

١ـ كنه: جوهر، حقيقة، غاية. ٢ـ توشّحت «خ». ٣ـ يرتعون: يتنعّمون.
٤ـ الاختلاج: الاضطراب والحركة. ٥ـ المعين: الظاهر الجاري من الماء.



www.MinhajBooks.com

# مناجاتِ عارفین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ٥

میرے معبود تیری جلالت شان کے مناسب تیری تعریف کرنے میں زبانیں گنگ ہیں اور تیرے جمال کی حقیقت کو سمجھنے میں لوگوں کی عقلیں عاجز ہیں تیری ذات کے جلووں کی طرف نظر کرنے میں آنکھیں درماندہ ہوکر رہ جاتی ہیں لوگوں کے لئے تیری معرفت کا حصول بس یہی ہے کہ وہ تیری معرفت سے قاصر ہیں۔

میرے معبود مجھے ان لوگوں میں سے قرار دے جن کے سینوں کے باغیچوں میں تیرے شوق کے درخت جڑیں پکڑ چکے ہیں اور تیرے سوز محبت نے ان کے دلوں کو گھیرا ہوا ہے اب وہ یادوں کے آشیانے میں پناہ لئے ہیں اور تیرے قرب اور جلوے کے باغوں میں سیر کر رہے ہیں وہ تیری محبت کے چشموں سے جام الفت کے گھونٹ پی رہے ہیں اور صاف ستھرے گھاٹوں پر وارد ہیں۔

ان کی آنکھوں سے پردہ اٹھ چکا ہے شک کی کالک ان کے عقیدوں اور ضمیروں سے دور ہوگئی ہے ان کے دلوں اور باطنوں سے شبہ کے اثرات ختم ہو گئے ہیں صحیح معرفت حاصل ہونے سے ان کے سینے کھل چکے ہیں حصول سعادت کے لئے زہد میں ان کی ہمتیں بلند ہوگئی ہیں کردار کے چشمہ میں ان کا پینا شیریں ہے۔

وَطابَ في مَجْلِسِ الْاُنْسِ سِرُّهُمْ، وَاَمِنَ في مَوْطِنِ الْمَخافَةِ سِرْبُهُم [٦]
وَاطْمَاَنَّتْ بالرُّجُوعِ اِلىٰ رَبِّ الْاَرْبابِ اَنْفُسُهُمْ، وَتَيَقَّنَتْ بِالْفَوْزِ وَالْفَلاحِ
اَرْواحُهُمْ، وَقَرَّتْ بِالنَّظَرِ اِلىٰ مَحْبُوبِهِمْ اَعْيُنُهُمْ، وَاسْتَقَرَّ بِاِدْراكِ السُّؤْلِ
وَنَيْلِ الْمَأْمُولِ قَرارُهُمْ، وَرَبِحَتْ في بَيْعِ الدُّنْيا بِالْآخِرَةِ تِجارَتُهُمْ.

اِلٰهي ما اَلَذَّ خَواطِرَ الْاِلْهامِ بِذِكْرِكَ عَلَى الْقُلُوبِ! وَما اَحْلَى الْمَسيرَ اِلَيْكَ بِالْاَوْهامِ في مَسالِكِ الْغُيُوبِ! وَما اَطْيَبَ طَعْمَ حُبِّكَ! وَما اَعْذَبَ شِرْبَ قُرْبِكَ!

فَاَعِذْنا مِنْ طَرْدِكَ وَاِبْعادِكَ، وَاجْعَلْنا مِنْ اَخَصِّ عارِفيكَ، وَاَصْلَحِ عِبادِكَ، وَاَصْدَقِ طائِعيكَ، وَاَخْلَصِ عُبّادِكَ.

يا عَظيمُ يا جَليلُ يا كَريمُ يا مُنيلُ بِرَحْمَتِكَ وَمَنِّكَ يا اَرْحَمَ الرّاحِمينَ.

* * *

٦ــ سربهم: نفوسهم وقلوبهم.

www.MinhajBooks.com

انس و محبت کی محفل میں ان کا باطن صاف ہے خوفناک جگہوں پر ان کے گروہ امن میں ہے اور پالنے والوں کے پالنے والے کی طرف بازگشت میں ان کے نفس مطمئن ہیں ان کی روحوں کو بخشش و کامیابی کا یقین ہے ان کی آنکھیں دیدار محبوب سے خنک ہیں ان کو حاجتیں پوری ہونے اور مرادیں بر آنے سے قرار حاصل ہے آخرت کی خاطر دنیا کی فروخت میں ان کا سودا نفع بخش ہے۔

میرے معبود کیا ہی مزہ ہے ان خیالوں میں جو تیرے ذکر سے دلوں میں آتے ہیں اور کتنا شیریں ہے تیری طرف وہ سفر جو بخیال خود عیب کے راستوں پر جاری ہے کتنا اچھا ہے تیری محبت کا ذائقہ اور کتنا میٹھا ہے تیرے قرب کا شربت۔

پس بچا ہمیں کہ تیرے ہاں سے ہانکے جائیں اور تجھ سے دور رہیں ہمیں قرار دے اپنے خصوصی عارفوں اور صالح ترین بندوں میں اور اپنے سچے فرمانبرداروں اور کھرے عبادت گزاروں میں رکھ۔

اے عظمت والے اے جلال والے اے مہربان اے عطا کرنے والے تجھے تیری رحمت و احسان کا واسطہ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

# مناجاة المعتصمين

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحيمِ

اَللّٰهُمَّ يا مَلاذَ اللاّئِذينَ، وَيا مَعاذَ [١] الْعائِذينَ، وَيا مُنْجِيَ الْهالِكينَ، وَيا عاصِمَ الْبآئِسينَ، وَ يا راحِمَ الْمَساكينَ، وَيا مُجيبَ الْمُضْطَرّينَ، وَيا كَنْزَ الْمُفْتَقِرينَ، وَيا جابِرَ الْمُنْكَسِرينَ، وَيا مَأْوَى الْمُنْقَطِعينَ، وَيا ناصِرَ الْمُسْتَضْعَفينَ، وَيا مُجيرَ الْخائِفينَ، وَيا مُغيثَ الْمَكْرُوبينَ، وَيا حِصْنَ اللاّجينَ.

اِنْ لَمْ اَعُذْ [٢] بِعِزَّتِكَ فَبِمَنْ اَعُوذُ؟! وَاِنْ لَمْ اَلُذْ بِقُدْرَتِكَ فَبِمَنْ اَلُوذُ؟! وَقَدْ اَلْجَاَتْنِى الذُّنُوبُ اِلَى التَّشَبُّثِ [٣] بِاَذْيالِ عَفْوِكَ، وَاَحْوَجَتْنِى الْخَطايا اِلَى اسْتِفْتاحِ اَبْوابِ صَفْحِكَ، وَدَعَتْنِى الْاِساءَةُ اِلَى الْاِناخَةِ بِفِناءِ عِزِّكَ، وَحَمَلَتْنِى الْمَخافَةُ مِنْ نِقْمَتِكَ عَلَى التَّمَسُّكِ بِعُرْوَةِ عَطْفِكَ، وَما حَقُّ مَنِ اعْتَصَمَ بِحَبْلِكَ اَنْ يُخْذَلَ، وَلا يَليقُ بِمَنِ اسْتَجارَ بِعِزِّكَ اَنْ يُسْلَمَ اَوْ يُهْمَلَ.

اِلٰهي فَلا تُخْلِنا [٤] مِنْ حِمايَتِكَ، وَلا تُعْرِنا [٥] مِنْ رِعايَتِكَ، وَذُدْنا [٦] عَنْ مَوارِدِ الْهَلَكَةِ، فَاِنّا بِعَيْنِكَ وَفي كَنَفِكَ وَلَكَ.

---

١ــ معاذ: ملجأ. ٢ــ أعذ: أعتصم واستجير. ٣ــ التشبّث: التعلّق.

٤ــ تخلنا: تتركنا. ٥ــ تعرنا: تجرّدنا. ٦ــ ذدنا: ابعدنا وامنعنا.

www.MinhajBooks.com

# مناجاتِ معتصمین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ٥

میرے معبود اے پناہ دینے والوں کی پناہ اے پناہ لینے والوں کی پناہ گاہ اے ہلاکت والوں کو نجات دینے والے اے بے چاروں کے نگہدار اے بے کسوں پر رحم کرنے والے اے پریشانیوں کی دعا قبول کرنے والے اے محتاجوں کے خزانہ اے ٹوٹے ہوؤں کے جوڑنے والے اے بے ٹھکانوں کی جائے پناہ اور اے کمزوروں کی مدد کرنے والے اے خوفزدوں کی پناہ گاہ اے دکھیاروں کے فریاد رس اے پناہ خواہوں کی محکم جائے پناہ۔

اگر میں تیری عزت کی پناہ نہ لوں تو کسی پناہ لوں اور اگر تیری قدرت سے التجا نہ کروں تو کس سے التجا کرو میرے گناہوں نے مجھے مجبور کر دیا ہے کہ میں تیرے دامان عفو کو تھام لو اور میری خطاؤں نے مجھے تیری چشم پوشی کے دروازوں کے کھلنے کا طلبگار بنا دیا ہے میری بدعملی نے مجھے تیرے آستان عزت پر ڈیرہ ڈال دینے کو کہا ہے اور تیرے عذاب کے خوف نے مجے تیری مہربانی کی ڈوری پکڑ لینے پر آمادہ کیا ہے اور حق یہ نہیں کہ جو تیری رسی کو پکڑ لے تو اسے رسوا کیا جائے اور یہ مناسب نہیں کہ جو تیری عزت کی پناہ لے اس کو بے سہارا چھوڑا جائے۔

میرے معبود ہمیں اپنی حمایت کے بغیر چھوڑ نہ دے اور ہمیں اپنی نگاہ سے محروم نہ فرما اور ہمیں ہلاکت کی جگہوں سے دور رکھ کیونکہ ہم تیرے زیرنظر اور تیری پناہ میں ہیں۔

اَسْاَ لُكَ بِاَهْلِ خاصَّتِكَ مِنْ مَلآئِكَتِكَ ، وَالصّالِحينَ مِنْ بَرِيَّتِكَ ، اَنْ تَجْعَلَ عَلَيْنا واقِيَةً تُنَجّينا مِنَ الْهَلَكاتِ، وَتُجَنِّبُنا ٧ مِنَ الْآفاتِ، وَتُكِنُّنا ٨ مِنْ دَواهِى الْمُصيباتِ، وَاَنْ تُنْزِلَ عَلَيْنا مِنْ سَكينَتِكَ ، وَاَنْ تُغَشِّيَ وُجُوهَنا بِاَنْوارِ مَحَبَّتِكَ ، وَاَنْ تُـؤْوِيَنا اِلىٰ شَديدِ رُكْنِكَ ، وَاَنْ تَحْوِيَنا في اَكْنافِ عِصْمَتِكَ ، بِرَأْفَتِكَ وَ رَحْمَتِكَ يا اَرْحَمَ الرّاحِمينَ.

* * *

٧ــ تجنّبنا «خ».　　٨ــ تكنّنا: تقينا.

www.MinhajBooks.com

میں تیرے مخصوص فرشتوں اور تیری مخلوق میں صالح بندوں کا واسطہ دے کر تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ ہم پر ایسی سپر ڈال دے جو ہمیں ہلاکتوں سے بچائے اور آفتوں سے محفوظ رکھے اور تو ہمیں بڑی بڑی مصیبتوں سے نجات عطا فرما میں چاہتا ہوں کہ تو ہم پر اپنی طرف سے تسکین نازل کر اور ہمارے چہروں کا اپنی محبت کے انوار سے احاطہ فرما ہمیں اپنے محکم و پائیدار رکن سے سہارا دے اور اپنی عصمت کے سایوں میں لے لے واسطہ ہے تیری رحمت و ملائمت کا اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

﴿٢٧﴾

# مناجات

## سیدنا علی المرتضیٰ

کرم اللہ وجہہ الکریم

www.MinhajBooks.com

# المناجات

بسم الله الرحمن الرحيم

ٱللَّهُمَّ صَلِّ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وعلىٰ آلِهِ وَصَحْبِهِ وَسَلَّم وَٱسْمَعْ دُعَائِي إِذَا دَعَوْتُكَ، إِذَا نَادَيْتُكَ، وَأَقْبِلْ عَلَيَّ إِذَا نَاجَيْتُكَ، فَقَدْ هَرَبْتُ إِلَيْكَ وَوَقَفْتُ بَيْنَ يَدَيْكَ، مِسْكِيناً مُتَضَرِّعاً إِلَيْكَ، رَاجِياً لِمَا لَدَيْكَ ثَوَابِي، وَتَعْلَمُ مَا فِي نَفْسِي وَتَخْبُرُ وَٱسْمَعْ نِدَائِي حَاجَتِي، وَتَعْرِفُ ضَمِيْرِي، وَلاَ يَخْفَىٰ عَلَيْكَ أَمْرُ مُنْقَلَبِي وَمَثْوَايَ، وَمَا أُرِيْدُ أَنْ أُبْدِيءَ بِهِ مِنْ مَنْطِقِي، وَأَتَفَوَّهُ بِهِ مِنْ طَلِبَتِي وَأَرْجُوهُ لِعَاقِبَتِي، وَقَدْ جَرَتْ مَقَادِيْرُكَ عَلَيَّ يَا سَيِّدِي فِيمَا يَكُونُ مِنِّي إِلَىٰ آخِرِ عُمْرِي، مِنْ سَرِيرَتِي وَعَلاَنِيَتِي، وَبِيَدِكَ لاَ بِيَدِ غَيْرِكَ زِيَادَتِي وَنَقْصِي وَنَفْعِي وَضَرِّي، إِلَهِي إِنْ حَرَمْتَنِي فَمَنْ ذَا ٱلَّذِي يَرْزُقُنِي، وَإِنْ خَذَلْتَنِي فَمَنْ ذَا ٱلَّذِي يَنْصُرُنِي، إِلَهِي أَعُوذُ بِكَ مِنْ غَضَبِكَ وَحُلُولِ سَخَطِكَ، إِلَهِي إِنْ كُنْتُ غَيْرَ مُسْتَأْهِلٍ لِرَحْمَتِكَ فَأَنْتَ أَهْلٌ أَنْ تَجُودَ عَلَيَّ بِفَضْلِ سَعَتِكَ، إِلَهِي كَأَنِّي بِنَفْسِي وَاقِفَةٌ بَيْنَ يَدَيْكَ، وَقَدْ أَظَلَّهَا حُسْنُ تَوَكُّلِي عَلَيْكَ، فَقُلْتُ مَا أَنْتَ أَهْلُهُ، وَتَغَمَّدْتَنِي بِعَفْوِكَ، إِلَهِي إِنْ عَفَوْتَ فَمَنْ أَوْلَىٰ مِنْكَ بِذَٰلِكَ، وَإِنْ كَانَ قَدْ دَنَا أَجَلِي وَلَمْ يُدْنِنِي مِنْكَ عَمَلِي، فَقَدْ جَعَلْتُ ٱلْإِقْرَارَ بِٱلذَّنْبِ إِلَيْكَ وَسِيْلَتِي، إِلَهِي قَدْ جُرْتُ عَلَىٰ نَفْسِي فِي ٱلنَّظَرِ لَهَا، فَلَهَا ٱلْوَيْلُ إِنْ لَمْ تَغْفِرْ لَهَا، إِلَهِي لَمْ يَزَلْ بِرُّكَ عَلَيَّ أَيَّامَ حَيَاتِي، فَلاَ تَقْطَعْ بِرَّكَ عَنِّي فِي مَمَاتِي، إِلَهِي كَيْفَ آيَسُ مِنْ حُسْنِ نَظَرِكَ لِي بَعْدَ مَمَاتِي، وَأَنْتَ لَمْ تُولِنِي إِلاَّ ٱلْجَمِيْلَ فِي حَيَاتِي، إِلَهِي تَوَلَّ مِنْ أَمْرِي مَا أَنْتَ أَهْلُهُ، وَعُدْ بِفَضْلِكَ عَلَىٰ مُذْنِبٍ قَدْ غَمَرَهُ جَهْلُهُ، إِلَهِي قَدْ سَتَرْتَ عَلَيَّ ذُنُوباً فِي ٱلدُّنْيَا، وَأَنَا أَحْوَجُ إِلَىٰ سَتْرِهَا عَلَيَّ مِنْكَ فِي ٱلآخِرَةِ، إِلَهِي قَدْ أَحْسَنْتَ إِلَيَّ إِذْ لَمْ تُظْهِرْهَا لأَحَدٍ مِنْ عِبَادِكَ ٱلصَّالِحِينَ، فَلاَ تَفْضَحْنِي يَوْمَ ٱلْقِيَامَةِ عَلَىٰ رُؤُوسِ

ٱلْأَشْهَادِ ، إِلٰهِي جُودُكَ بَسَطَ أَمَلِي ، وَعَفْوُكَ أَفْضَلُ مِنْ عَمَلِي ، إِلٰهِي فَسُرَّنِي بِلِقَائِكَ يَوْمَ تَقْضِي فِيهِ بَيْنَ عِبَادِكَ ، إِلٰهِي ٱعْتِذَارِي إِلَيْكَ ٱعْتِذَارُ مَنْ لَمْ يَسْتَغْنِ عَنْ قَبُولِ عُذْرِهِ ، فَٱقْبَلْ عُذْرِي يٰا أَكْرَمَ مَنِ ٱعْتَذَرَ إِلَيْهِ ٱلْمُسِيئُونَ ، إِلٰهِي لاٰ تَرُدَّ حَاجَتِي وَلاٰ تُخَيِّبْ طَمَعِي ، وَلاٰ تَقْطَعْ مِنْكَ رَجَائِي وَأَمَلِي ، إِلٰهِي لَوْ أَرَدْتَ هَوانِي لَمْ تَهْدِنِي ، وَلَوْ أَرَدْتَ فَضِيحَتِي لَمْ تُعَافِنِي ، إِلٰهِي مٰا أَظُنُّكَ تَرُدُّنِي فِي حَاجَةٍ قَدْ أَفْنَيْتُ عُمْرِي فِي طَلَبِهَا مِنْكَ ، إِلٰهِي فَلَكَ ٱلْحَمْدُ أَبَداً دٰائِماً سَرْمَداً يَزِيْدُ وَلاٰ يَبِيدُ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضَىٰ ، إِلٰهِي إِنْ أَخَذْتَنِي بِجُرْمِي أَخَذْتُكَ بِعَفْوِكَ ، وَإِنْ أَخَذْتَنِي بِذُنُوبِي أَخَذْتُكَ بِمَغْفِرَتِكَ ، وَإِنْ أَدْخَلْتَنِي ٱلنَّارَ أَعْلَمْتُ أَهْلَهَا أَنِّي أُحِبُّكَ ، إِلٰهِي إِنْ كَانَ صَغُرَ فِي جَنْبِ طَاعَتِكَ عَمَلِي ، فَقَدْ كَبُرَ فِي جَنْبِ رَجَائِكَ أَمَلِي ، إِلٰهِي كَيْفَ أَنْقَلِبُ مِنْ عِنْدِكَ بِٱلْخَيْبَةِ مَحْرُوماً وَقَدْ كَانَ حُسْنُ ظَنِّي بِجُودِكَ أَنْ تَقْلِبَنِي بِٱلنَّجَاةِ مَرْحُوماً ، إِلٰهِي وَقَدْ أَفْنَيْتُ عُمْرِي فِي شِرَّةِ ٱلسَّهْوِ عَنْكَ ، وَأَبْلَيْتُ شَبَابِي فِي سَكْرَةِ ٱلتَّبَاعُدِ مِنْكَ ، إِلٰهِي فَلَمْ أَسْتَيْقِظْ أَيَّامَ ٱغْتِرَارِي بِكَ وَرُكُونِي إِلَىٰ سَبِيلِ سَخَطِكَ ، إِلٰهِي وَأَنَا عَبْدُكَ وَٱبْنُ عَبْدَيْكَ ، قَائِمٌ بَيْنَ يَدَيْكَ ، مُتَوَسِّلٌ بِكَرَمِكَ إِلَيْكَ ، إِلٰهِي أَنَا عَبْدٌ أَتَنَصَّلُ إِلَيْكَ مِمَّا كُنْتُ أُوَاجِهُكَ بِهِ مِنْ قِلَّةِ ٱسْتِحْيَائِي مِنْ نَظَرِكَ ، وَأَطْلُبُ ٱلْعَفْوَ مِنْكَ إِذِ ٱلْعَفْوُ نَعْتٌ لِكَرَمِكَ ، إِلٰهِي لَمْ يَكُنْ لِي حَوْلٌ فَأَنْتَقِلَ بِهِ عَنْ مَعْصِيَتِكَ إِلاَّ فِي وَقْتٍ أَيْقَظْتَنِي لِمَحَبَّتِكَ ، وَكَمَا أَرَدْتَ أَنْ أَكُونَ كُنْتُ ، فَشَكَرْتُكَ بِإِدْخَالِي فِي كَرَمِكَ ، وَلِتَطْهِيرِ قَلْبِي مِنْ أَوْسَاخِ ٱلْغَفْلَةِ عَنْكَ ، إِلٰهِي ٱنْظُرْ إِلَيَّ نَظَرَ مَنْ نَادَيْتَهُ فَأَجَابَكَ ، وَٱسْتَعْمَلْتَهُ لِمَعُونَتِكَ فَأَطَاعَكَ ، يٰا قَرِيباً لاٰ يَبْعُدُ عَنِ ٱلْمُغْتَرِّ بِهِ ، وَيٰا جَوٰاداً لاٰ يَبْخَلُ عَمَّنْ رَجَا ثَوَابَهُ ، إِلٰهِي هَبْ لِي قَلْباً يُدْنِيهِ مِنْكَ شَوْقُهُ ، وَلِسَاناً يُرْفَعُ إِلَيْكَ صِدْقُهُ ، وَنَظَراً يُقَرِّبُهُ مِنْكَ حَقُّهُ ، إِلٰهِي إِنَّ مَنْ تَعَرَّفَ بِكَ غَيْرُ مَجْهُولٍ ، وَمَنْ لاٰذَ بِكَ غَيْرُ مَخْذُولٍ ، وَمَنْ أَقْبَلْتَ عَلَيْهِ غَيْرُ مَمْلُولٍ ، إِلٰهِي إِنَّ مَنِ ٱنْتَهَجَ بِكَ لَمُسْتَنِيرٌ ، وَإِنَّ مَنِ ٱعْتَصَمَ بِكَ لَمُسْتَجِيرٌ ، وَقَدْ لُذْتُ بِكَ يٰا إِلٰهِي فَلاٰ تُخَيِّبْ ظَنِّي

مِنْ رَحْمَتِكَ ، وَلاٰ تَحْجُبْنِي عَنْ رَأْفَتِكَ ، إِلَهِي أَقِمْنِي فِي أَهْلِ وَلاٰيَتِكَ مُقَامَ مَنْ رَجَا ٱلزِّيَادَةَ مِنْ مَحَبَّتِكَ ، إِلَهِي وَأَلْهِمْنِي وَلَهاً بِذِكْرِكَ إِلَىٰ ذِكْرِكَ ، وَٱجْعَلْ هَمِّي إِلَىٰ رَوْحِ نَجَاحِ أَسْمَائِكَ وَمَحَلِّ قُدْسِكَ ، إِلَهِي بِكَ عَلَيْكَ إِلاَّ أَلْحَقْتَنِي بِمَحَلِّ أَهْلِ طَاعَتِكَ ، وَٱلْمَثْوَىٰ ٱلصَّالِحِ مِنْ مَرْضَاتِكَ ، فَإِنِّي لاٰ أَقْدِرُ لِنَفْسِي دَفْعاً وَلاٰ أَمْلِكُ لَهَا نَفْعاً ، إِلَهِي أَنَا عَبْدُكَ ٱلضَّعِيفُ ٱلْمُذْنِبُ ، وَمَمْلُوكُكَ ٱلْمُنِيبُ ٱلْمَعِيبُ ، فَلاٰ تَجْعَلْنِي مِمَّنْ صَرَفْتَ عَنْهُ وَجْهَكَ ، وَحَجَبَهُ سَهْوُهُ عَنْ عَفْوِكَ ، إِلَهِي هَبْ لِي كَمَالَ ٱلْإِنْقِطَاعِ إِلَيْكَ وَأَنِرْ أَبْصَارَ قُلُوبِنَا بِضِيَاءِ نَظَرِهَا إِلَيْكَ ، حَتَّىٰ تَخْرِقَ أَبْصَارُ ٱلْقُلُوبِ حُجُبَ ٱلنُّورِ فَتَصِلَ إِلَىٰ مَعْدِنِ ٱلْعَظَمَةِ ، وَتَصِيرَ أَرْوَاحُنَا مُعَلَّقَةً بِعِزِّ قُدْسِكَ ، إِلَهِي وَٱجْعَلْنِي مِمَّنْ نَادَيْتَهُ فَأَجَابَكَ ، وَلاٰحَظْتَهُ فَصَعِقَ لِجَلاٰلِكَ ، فَنَاجَيْتَهُ سِرّاً وَعَمِلَ لَكَ جَهْراً ، إِلَهِي لَمْ أُسَلِّطْ عَلَىٰ حُسْنِ ظَنِّي قُنُوطَ ٱلأَيَاسِ ، وَلاٰ ٱنْقَطَعَ رَجَائِي مِنْ جَمِيلِ كَرَمِكَ ، إِلَهِي إِنْ كَانَتِ ٱلْخَطَايَا قَدْ أَسْقَطَتْنِي لَدَيْكَ ، فَٱصْفَحْ عَنِّي بِحُسْنِ تَوَكُّلِي عَلَيْكَ ، إِلَهِي إِنْ حَطَّتْنِي ٱلذُّنُوبُ مِنْ مَكَارِمِ لُطْفِكَ ، فَقَدْ نَبَّهَنِي ٱلْيَقِينُ إِلَىٰ كَرَمِ عَطْفِكَ ، إِلَهِي إِنْ أَنَامَتْنِي ٱلْغَفْلَةُ عَنِ ٱلاِسْتِعْدَادِ لِلِقَائِكَ فَقَدْ نَبَّهَتْنِي ٱلْمَعْرِفَةُ بِكَرَمِ آلاٰئِكَ ، إِلَهِي إِنْ دَعَانِي إِلَىٰ ٱلنَّارِ عَظِيمُ عِقَابِكَ فَقَدْ دَعَانِي إِلَىٰ ٱلْجَنَّةِ جَزِيلُ ثَوَابِكَ، إِلَهِي فَإِيَّاكَ أَسْأَلُ وَإِلَيْكَ أَبْتَهِلُ وَأَرْغَبُ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وعلىٰ آلِهِ وَصَحبِهِ وَسَلَّم. وَأَنْ تَجْعَلَنِي مِمَّنْ يُدِيمُ ذِكْرَكَ وَلاٰ يَنْقُضُ عَهْدَكَ، وَلاٰ يَغْفُلُ عَنْ شُكْرِكَ، وَلاٰ يَسْتَخِفُّ بِأَمْرِكَ ، إِلَهِي وَأَلْحِقْنِي بِنُورِ عِزِّكَ ٱلْأَبْهَجِ فَأَكُونَ لَكَ عَارِفاً ، وَعَنْ سِوٰاكَ مُنْحَرِفاً ، وَمِنْكَ خَائِفاً مُرَاقِباً يٰا ذَا ٱلْجَلاٰلِ وَٱلْإِكْرَامِ ، وَصَلَّىٰ ٱللَّهُ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ رَسُولِهِ وعلىٰ آلِهِ وَصَحبِهِ وَسَلَّم تَسْلِيماً كَثِيراً .

* * *